رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ

روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی ذر سے کہ اونہوں نے سنا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے

مَنِ ادَّعٰى مَا لَيْسَ لَهٗ فَلَيْسَ مِنَّا وَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ رَوَاهُ

جو شخص کہ دعوی کرے اوس چیز کا کہ نہیں اوسکے لیے پس نہیں وہ ہم میں سے اور چاہیے کہ طلب کرے ہی ٹھکانا اپنا آگ میں نقل کی یہ

مُسْلِمٌ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا

مسلم نے۔ اور روایت ہے زید بن خالد سے کہ کہا فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا نہ

اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ الشُّهَدَاءِ الَّذِيْ يَاْتِيْ بِشَهَادَتِهٖ قَبْلَ اَنْ يُّسْاَلَهَا

خبر دوں میں تمکو ساتھ بہترین گواہوں کے بہترین گواہ وہ ہے کہ دیوے گواہی اپنی پہلے سوال کیے جانے کے گواہی سے

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ

روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بہترین

النَّاسِ قَرْنِيْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ يَجِيْءُ قَوْمٌ

لوگوں کے قرن میرا ہے پھر وہ لوگ کہ متصل ہیں اونکے پھر وہ لوگ کہ متصل اونکے ہیں پھر آویگی ایک قوم کہ

تَسْبِقُ شَهَادَةُ اَحَدِهِمْ يَمِيْنَهٗ وَيَمِيْنُهٗ شَهَادَتَهٗ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ

سبقت کرے گی گواہی ایک اونکی قسم اوسکی سے اور قسم اوسکی گواہی اوسکی سے متفق علیہ اور روایت ہے

اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَرَضَ عَلٰى قَوْمٍ الْيَمِيْنَ فَاَسْرَعُوْا فَاَمَرَ اَنْ

ابی ہریرہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پیش کیا ایک قوم پر قسم کو پس جلدی کی اوس قوم نے پس حکم فرمایا کہ

يُسْهَمَ بَيْنَهُمْ فِي الْيَمِيْنِ اَيُّهُمْ يَحْلِفُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

قرعہ ڈالا جاوے درمیان اونکے بیچ کھانے قسم کے کہ کونسا اونمیں سے قسم کھاوے نقل کی یہ بخاری نے فصل دوسری

عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اوس نے اپنے دادا سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

اَلْبَيِّنَةُ عَلَى الْمُدَّعِيْ وَالْيَمِيْنُ عَلَى الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

شاہد مدعی پر ہے اور قسم مدعی علیہ پر نقل کی یہ ترمذی نے

وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ رَجُلَيْنِ اخْتَصَمَا اِلَيْهِ فِيْ

اور روایت ہے ام سلمہ سے کہ نقل کی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بیچ مقدمہ دو شخصوں کے کہ جھگڑتے آئے پاس حضرت کے بیچ ا

مَوَارِيْثَ لَمْ تَكُنْ لَهُمَا بَيِّنَةٌ اِلَّا دَعْوَاهُمَا فَقَالَ مَنْ قَضَيْتُ لَهٗ

مقدمہ میراث کے نہ تھے انکے لیے گواہ مگر دعوی انکا پس فرمایا جس شخص کے واسطے حکم کروں میں

بِشَيْءٍ مِّنْ حَقِّ اَخِيْهِ فَاِنَّمَا اَقْطَعُ لَهٗ قِطْعَةً مِّنَ النَّارِ فَقَالَ الرَّجُلَانِ

ساتھ کسی چیز کے حق بھائی اوسکے سے پس سوا اسکے نہیں کہ حکم کرتا ہوں میں واسطے اوسکے ایک ٹکڑا آگ سے پس کہا دونوں شخصوں نے

كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ حَقِّيْ هٰذَا لِصَاحِبِيْ فَقَالَ لَا وَلٰكِنْ

ہر ایکنے اونمیں سے یارسول اللہ یہہ حق واسطے یار میرے کے ہے فرمایا کہ نہیں ولیکن

اِذْهَبَا فَاقْتَسِمَا وَتَوَخَّيَا الْحَقَّ ثُمَّ اسْتَهِمَا ثُمَّ لِيُحْلِلْ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْكُمَا

جاؤ تم دونوں بانٹ لو اور طلب کرو حق کو پھر قرعہ ڈالو پس چاہیے کہ معاف کرے ہر ایک تم میں سے

صَاحِبَهٗ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ اِنَّمَا اَقْضِيْ بَيْنَكُمَا بِرَأْيِيْ فِيْمَا لَمْ يُنْزَلْ عَلَيَّ

یار اپنے کو اور ایک روایت میں یون آیا ہے کہ فرمایا حضرت نے حکم کرتا ہون تمہارے درمیان اپنے قیاس سے بیچ اس چیز کے کہ وحی نہیں آئی مجھ پر

فِيْهِ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ رَجُلَيْنِ تَدَاعَيَا

اسمیں روایت کی یہ ابو داؤد نے ۔ اور روایت ہے جابر بن عبد اللہ سے کہ دو شخصوں نے دعوی کیا

دَابَّةً فَاَقَامَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا الْبَيِّنَةَ اَنَّهَا دَابَّتُهٗ نَتَجَهَا فَقَضٰى بِهَا

ایک جانور کا پس قائم کئے ہر ایکنے اونمیں سے شاہد اوسپر کہ یہ جانور میرا ہے کہ جنایا ہے اوسکو پس حکم فرمایا ساتھ

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلَّذِيْ فِيْ يَدِهٖ رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَعَنْ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے واسطے اوس شخص کے کہ بیچ ہاتھ اوسکے تھا روایت کی یہ شرح السنہ میں ۔ اور روایت ہے

اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ اَنَّ رَجُلَيْنِ ادَّعَيَا بَعِيْرًا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ

ابی موسی اشعری سے کہ دو شخصوں نے دعوی کیا ایک اونٹ کا بیچ زمانہ رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَعَثَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا شَاهِدَيْنِ فَقَسَمَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

صلے اللہ علیہ وسلم کے پھر قائم کیے ہر ایک شخص نے اون دونوں میں سے دو دو گواہ پس بانٹا اوسکو نبی صلعم نے

بينهما نصفين رواه ابوداود وفي رواية له وللنسائي وابن ماجة

درمیان ان دونوں کے آدھوں آدھ روایت کی یہ ابوداؤد نے اور ایک روایت ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ کی میں

ان رجلين ادعيا بعيرا ليست لواحد منهما بينة فجعله النبي

یہ ہے کہ دو شخصوں نے دعوی کیا اونٹ کا کہ نہ تھا ان میں سے کسیکے پاس شاہد پس گردانا اسکو نبی

صلى الله عليه وسلم بينهما وعن ابي هريرة ان رجلين اختصما في دابة

صلے اللہ علیہ وسلم نے درمیان ان دونوں کے۔ اور روایت ہے ابیہریرہ رض سے کہ دو شخص جھگڑے بیچ ایک چارپائے کے

وليس لهما بينة فقال النبي صلى الله عليه وسلم استهما على اليمين رواه

اور نہ تھا ان دونوں پاس شاہد پس فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ قرعہ ڈالو اوپر قسم کھانیکے روایت کی یہ

ابوداود وابن ماجة وعن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم قال

ابوداؤد اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ رسول خدا صلعم نے فرمایا

لرجل حلفه احلف بالله الذي لا اله الا هو ما له عندك شيء يعني

واسطے ایک شخص کے کہ قسم دی اوسکو قسم کھا تو ساتھ اوس اللہ کے کہ نہیں کوئی معبود مگر وہ کہ نہیں واسطے اوسکے نزدیک تیرے کچھ یعنی

للمدعي رواه ابوداود وعن الاشعث بن قيس قال كان بيني و

واسطے مدعی کے روایت کی یہ ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے اشعث بن قیس سے کہ کہا تھا درمیان میرے اور

بين رجل من اليهود ارض فجحدني فقدمته الى النبي صلى الله عليه

درمیان ایک شخص کے یہودیوں میں سے ایک زمین مشترک پس انکار کیا اوس یہودی نے مجھسے پس لیگیا میں اوسکو پاس نبی صلعم کے

فقال الك بينة قلت لا قال لليهودي احلف قلت يا رسول الله

پس فرمایا حضرت نے کیا ہے واسطے تیرے شاہد کہا میں نے نہیں فرمایا واسطے یہودی کے قسم کھا تو کہا میں نے یا رسول اللہ

اذا يحلف ويذهب بمالي فانزل الله تعالى ان الذين يشترون بعهد

اسوقت قسم کھاویگا اور لیجاویگا مال میرا پس اوتاری اللہ تعالی نے یہ آیت تحقیق وہ لوگ کہ خریدتے ہیں ساتھ عہد

الله وايمانهم ثمنا قليلا الاية رواه ابوداود وابن ماجة وعنه

اللہ کے اور قسموں اپنی کے مول تھوڑا آخر آیت تک روایت کی یہ ابوداؤد اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے اشعث سے

ان رجلا من كندة ورجلا من حضرموت اختصما الى رسول

یہ کہ ایک شخص قوم کندہ سے اور ایک شخص حضر موت سے جھگڑتے ہوئے آئے رسول

اللهم اغفر لكاتبه ولمن سعى فيه

اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ فِی اَرضٍ مِّنَ الیَمَنِ فَقَالَ الحَضرَمِیُّ یَا رَسُولَ اللہِ اِنَّ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس بیچ مقدمہ ایک زمین کے یمن سے پس کہا حضرمی نے یا رسول اللہ تحقیق

اَرضِی اغتَصَبَنِیهَا اَبُو هٰذَا وَهِیَ فِی یَدِهٖ قَالَ هَل لَکَ بَیِّنَةٌ قَالَ

زمین میری چھین لی ہے مجھ سے اسکے باپ نے اور وہ زمین ہے بیچ ہاتھ اسکے کے فرمایا حضرمی کو کیا ہے واسطے تیرے شاہد کہا کہ

لَا وَلٰکِن اُحَلِّفُهٗ وَاللہِ مَا یَعلَمُ اَنَّهَا اَرضِی اغتَصَبَنِیهَا اَبُوهُ فَتَهَیَّأَ

نہیں لیکن قسم کھلاؤنگا میں اسکو اسطرح قسم ہے اللہ کی نہیں جانتا وہ کہ یہ زمین میری ہے چھین لیا ہے اسکو مجھسے باپ اسکے نے پس تیار ہوا

الکِندِیُّ لِلیَمِینِ فَقَالَ رَسُولُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ لَا یَقطَعُ اَحَدٌ مَالًا

کندی واسطے قسم کھانے کے فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں لیتا کوئی مال

بِیَمِینٍ اِلَّا لَقِیَ اللہَ وَهُوَ اَجذَمُ فَقَالَ الکِندِیُّ هِیَ اَرضُهٗ رَوَاهُ اَبُو دَاوٗدَ

بدلے قسم کے مگر کہ ملاقات کریگا اللہ سے حالانکہ وہ ہاتھ کٹا ہوا ہوگا پس کہا کندی نے کہ وہ زمین اسکی ہے نقل کی یہ ابوداؤد نے

وَعَن عَبدِ اللہِ بنِ اُنَیسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِن اَکبَرِ

اور روایت ہے عبد اللہ بن انیس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بہت بڑا گناہ

الکَبَائِرِ الشِّرکَ بِاللہِ وَعُقُوقَ الوَالِدَینِ وَالیَمِینَ الغَمُوسَ وَمَا حَلَفَ

بڑے گناہوں میں شرک کرنا ہے ساتھ خدا کے اور نافرمانی ماں باپ کی اور قسم جھوٹی کھانی اور نہیں قسم کھاتا

حَالِفٌ بِاللہِ یَمِینَ صَبرٍ فَاَدخَلَ فِیهَا مِثلَ جَنَاحِ بَعُوضَةٍ اِلَّا

کسی قسم کھانیوالا اپنے ساتھ اللہ قسم صبر پس داخل کیا اوس قسم میں مانند بازو مچھر کے (جھوٹ) مگر کہ

جُعِلَت نُکتَةً فِی قَلبِهٖ اِلٰی یَومِ القِیٰمَةِ رَوَاهُ التِّرمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا

گردانا جاتا ہے ایک نکتہ بیچ دل اوسکے کے تا قیامت تک نقل کی یہ ترمذی نے اور کہا یہہ

حَدِیثٌ غَرِیبٌ وَعَن جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ لَا یَحلِفُ

حدیث غریب ہے اور روایت ہے جابر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں قسم کھاتا

اَحَدٌ عِندَ مِنبَرِی هٰذَا عَلٰی یَمِینٍ اٰثِمَةٍ وَلَو عَلٰی سِوَاکٍ اَخضَرَ

کوئی نزدیک منبر میرے کے کہ یہ ہے اوپر قسم جھوٹی کے اگرچہ قسم کھاوے اوپر مسواک سبز کے

اِلَّا تَبَوَّأَ مَقعَدَهٗ مِنَ النَّارِ اَو وَجَبَت لَهُ النَّارُ رَوَاهُ مَالِکٌ وَ

مگر کہ تیار کرتا ہے جگہہ بیٹھنے اپنے کی آگ میں یا فرمایا کہ واجب ہوتی ہے اوسکے لیے آگ روایت کی یہ مالک اور

ابوداود وابن ماجة وعن خريم بن فاتك قال صلى رسول الله
ابو داؤد اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے خریم بن فاتک سے کہ کہا نماز پڑھی رسول خدا

صلى الله عليه وسلم صلوة الصبح فلما انصرف قام قائما فقال عدلت شهادة
صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کی پس جبکہ فارغ ہوئے کھڑے ہوئے کھڑے ہونا پھر فرمایا کہ برابر کی گئی گواہی

الزور بالاشراك بالله ثلث مرات ثم قرأ فاجتنبوا الرجس من
جھوٹی ساتھ شرک کرنے کے ساتھ اللہ کے یہ تین بار فرمایا پھر پڑھی یہ آیت پس بچو پلیدی سے

الاوثان واجتنبوا قول الزور حنفاء لله غير مشركين به رواه
کہ پرستش بتوں کی ہے اور بچو کلام جھوٹ سے ایک اللہ کی طرف کے ہو کر نہ ساجھی بنا کر ساتھ اسکے نقل کی یہ

ابوداود وابن ماجة ورواه احمد والترمذي عن ايمن بن
ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت کی احمد اور ترمذی نے ایمن بن

خريم الا ان ابن ماجة لم يذكر القراءة وعن عائشة قالت
خریم سے مگر ابن ماجہ نے نہیں ذکر کیا پڑھنا آیت مذکورہ کا۔ اور روایت ہے عائشہ رضی سے کہ کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تجوز شهادة خائن ولا خائنة ولا
فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں جائز گواہی مرد خیانت کرنیوالے اور عورت خیانت کرنیوالی کی اور نہ

مجلود حدا ولا ذي غمر على اخيه ولا ظنين في ولاء ولا قرابة ولا
اوس شخص کی کہ حد ماری گئی ہو اور نہ اسکی تہمت کی اور نہ دشمن کی اوپر بھائی اوسکے اور نہ اوس شخص کی کہ متہم ہو بیچ ولاء کی اور نہ اوسکی کہ متہم ہو

القانع مع اهل البيت رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب
اوسکی کہ ساتھ قناعت کرنیوالا ہو ساتھ ایک گھر والوں کے نقل کی یہ ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے

ويزيد بن زياد الدمشقي الراوي منكر الحديث وعن عمرو بن
اور یزید بن زیاد دمشقی روایت کرنیوالا حدیث کا منکر الحدیث ہے۔ اور روایت ہے عمرو بن

شعيب عن ابيه عن جده عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا تجوز شهادة
شعیب سے کہ روایت کی اپنے باپ سے اوسنے اپنے دادا سے اوس نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہیں جائز گواہی

خائن ولا خائنة ولا زان ولا زانية ولا ذي غمر على اخيه ورد
خیانت کرنیوالے مرد اور خیانت کرنیوالی عورت کی اور زنا کار مرد اور زنا کار عورت کی اور نہ دشمن کی دشمن پر اور رد کی حضرت نے

شهادة القانع لاهل البيت رواه ابو داود وعن ابي هريرة عن

گواہی قناعت کرنیوالی کے ساتھ ایک گھر والوں کے واسطے انکی روایت کی یہ ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رضی سے کہ نقل کی

رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لا يجوز شهادة بدوي على صاحب قرية

پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہیں جائز گواہی جنگلی کی اوپر رہنے والے بستی کے

رواه ابو داود وابن ماجة وعن عوف بن مالك ان النبي صلى الله عليه

روایت کی یہ ابو داؤد اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے عوف بیٹے مالک کے سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

قضى بين رجلين فقال المقضي عليه لما ادبر حسبي الله ونعم

حکم فرمایا درمیان دو شخصوں کے پس کہا اوسنے کہ جسپر حکم کیا تھا جبکہ پیٹھ پھیرے کفایت کرتا ہے مجکو اللہ اور اچھا ہے

الوكيل فقال النبي صلى الله عليه وسلم ان الله تعالى يلوم على العجز

کارساز پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالی ملامت کرتا ہے نادانی پر

ولكن عليك بالكيس فاذا غلبك امر فقل حسبي الله ونعم الوكيل

ولیکن لازم ہے تجہپر ہوشیاری کہ پس جسوقت کہ غلبہ کرے تجہپر کوئی چیز پس کہہ کفایت ہے مجکو اللہ اور اچھا ہے کارساز

رواه ابو داود وعن بهز بن حكيم عن ابيه عن جده ان النبي

روایت کی یہ ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے بہز بن حکیم سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اوسنے اوسکے دادا سے یہ کہ نبی

صلى الله عليه وسلم حبس رجلا في تهمة رواه ابو داود وزاد الترمذي

صلی اللہ علیہ وسلم نے قید کیا ایک شخص کو تہمت میں روایت کی یہ ابو داؤد نے اور زیادہ کیا ترمذی

والنسائي ثم خلى عنه الفصل الثالث عن عبد الله بن

اور نسائی نے یہ کہ پھر چھوڑ دیا حضرت صلعم نے اوسکو۔ فصل تیسری۔ روایت ہے عبد اللہ بن

الزبير قال قضى رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الخصمين يقعدان بين

زبیر سے کہ کہا حکم فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ مدعی اور مدعا علیہ بیٹھیں روبرو

يدي الحاكم رواه احمد وابو داود كتاب الجهاد الفصل الاول

حاکم کے روایت کی یہ احمد اور ابو داؤد نے۔ کتاب ہے بیچ بیان جہاد کے۔ فصل پہلی

عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من امن بالله

روایت ہے ابی ہریرہ رضی سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ ایمان لایا ساتھ اللہ کے

فرض کفایہ ہے ماں باپ کی اجازت سے اور اگر نیت خالص ہو تو اس سے سب گناہ مٹ جاتے ہیں کہا یہ علامہ شوکانی نے درر میں

ورسوله واقام الصلوة وصام رمضان كان حقا على الله ان يدخله
اور رسول اوسکے کے اور برپا کی نماز اور روزے رکھے رمضان کے ہے لازم اللہ پر کہ داخل کرے اوسے

الجنة جاهد في سبيل الله او جلس في ارضه التي ولد فيها قالوا
بہشت میں جہاد کرے بیچ راہ اللہ کے یا بیٹھا رہے بیچ وطن اپنے کے کہ پیدا کیا گیا اوسمیں کہا صحابہ نے

افلا نبشر الناس قال ان في الجنة مائة درجة اعدها الله للمجاهدين
کیا نہ خوشخبری دیں ہم لوگون کو فرمایا بتحقیق بہشت مین سو درجے ہیں تیار کیا اونکو اللہ نے واسطے جہاد کرنیوالوں کے

في سبيل الله ما بين الدرجتين كما بين السماء والارض فاذا سالتم
بیچ راہ اللہ کے درمیان دو درجون کے ایسا فرق ہے جیسا درمیان آسمان و زمین کے پس جسوقت کہ مانگو

الله فسلوه الفردوس فانه اوسط الجنة واعلى الجنة وفوقه
اللہ سے پس مانگو اللہ سے فردوس پس تحقیق فردوس وسط بہشت ہے اور بلند تر بہشتوں کا ہے اور اوپر اوسکے

عرش الرحمن ومنه تفجر انهار الجنة رواه البخاري وعنه قال
عرش رحمن ہے اور فردوس مین سے نکلتی ہیں نہرین نقل کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہ کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم مثل المجاهد في سبيل الله كمثل الصائم
فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مثل مجاہد فی سبیل اللہ کے ہے مثل روزہ دار

القائم القانت بايات الله لا يفتر من صيام ولا صلوة حتى يرجع
قیام کرنیوالے پڑھنے والے کے خدا کی آیاتون کو نہیں تھکتا روزہ سے اور نہ نماز سے یہانتک کہ پھرے

المجاهد في سبيل الله متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى
جہاد کرنیوالا بیچ راہ اللہ کے طرف گھر کے متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ

الله عليه وسلم انتدب الله لمن خرج في سبيله لا يخرجه الا ايمان بي و
علیہ وسلم نے کہ ضامن ہوا اللہ واسطے اوس شخص کے کہ نکلا بیچ راہ اللہ کے نہیں نکالا اوسکو مگر ایمان لانے نے ساتھ میرے اور

تصديق برسلي ان ارجعه بما نال من اجر او غنيمة او ادخله الجنة
تصدیق کرنے نے میری رسولون کو یہ کہ پھیر دونگا اوسکو ساتھ اوس چیز کہ پایا ہے ثواب آخرت سے یا غنیمت سے یا داخل کرونگا

متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم والذي نفسي
متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اوس ذات کی کہ جان میری

بِيَدِهٖ لَوْلَا اَنَّ رِجَالًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَا تَطِيْبُ اَنْفُسُهُمْ اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنِّيْ

ہیچ ہاتھ اوسکے ہیر اگر نہ ہوتا یہ کہ کتنے ایک آدمی مسلمان خوش نہیں ہوتی نفس انکی کہ پیچھے رہیں مجھ سے

وَلَا اَجِدُ مَا اَحْمِلُهُمْ عَلَيْهِ مَا تَخَلَّفْتُ عَنْ سَرِيَّةٍ تَغْزُوْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

اور نہیں پاتا ہوں میں سواری کہ سوار کروں میں انکو اوسپر تو پیچھے رہتا میں کسی لشکر سے کہ جہاد کرتا ہیچ راہ اللہ کے

وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَوَدِدْتُ اَنْ اُقْتَلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ اُحْيٰى ثُمَّ

قسم ہے اوسکی البتہ دوست رکھتا ہوں میں یہ کہ مارا جاؤں میں ہیچ راہ اللہ کے پھر زندہ کیا جاؤں میں پھر

اُقْتَلَ ثُمَّ اُحْيٰى ثُمَّ اُقْتَلَ ثُمَّ اُحْيٰى ثُمَّ اُقْتَلَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ

مارا جاؤں میں پھر زندہ کیا جاؤں میں پھر مارا جاؤں میں پھر زندہ کیا جاؤں میں پھر مارا جاؤں میں متفق علیہ - اور روایت ہے سہل بن سعد سے کہ کہا

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِبَاطُ يَوْمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَ

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ چوکیداری کرنی ایکدن کی ہیچ راہ اللہ کے بہتر ہے دنیا سے اور

مَا عَلَيْهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اوس چیز سے کہ دنیا پر ہے متفق علیہ - اور روایت ہے انس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

لَغَدْوَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا مُتَّفَقٌ

ایک صبح کو جانا ہیچ راہ اللہ کے یا ایک شام کو جانا بہتر ہے دنیا سے اور اوس چیز سے کہ دنیا میں ہے متفق

عَلَيْهِ وَعَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ

علیہ - اور روایت ہے سلمان فارسی سے کہ کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے

رِبَاطُ يَوْمٍ وَّلَيْلَةٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنْ صِيَامِ شَهْرٍ وَّقِيَامِهٖ وَاِنْ

چوکیداری کرنی ایک دن اور رات کی جہاد میں بہتر ہے روزے ایک مہینے کے سے اور شب بیداری اوسکی سے اور اگر

مَّاتَ جَرٰى عَلَيْهِ عَمَلُهُ الَّذِيْ كَانَ يَعْمَلُهٗ وَاُجْرِيَ عَلَيْهِ رِزْقُهٗ وَاَمِنَ

مر جاوے وہ چوکیدار جاری ہوتا ہے اوسپر ثواب عمل اوسکا کہ تھا عمل کرتا اور جاری کیا جاتا ہے اوسپر رزق اوسکا اور امن میں رہتا ہے

الْفَتَّانَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِيْ عَبْسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

منکر نکیر کے خوف سے روایت کی یہ مسلم نے - اور روایت ہے ابی عبس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

مَا اغْبَرَّتْ قَدَمَا عَبْدٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَمَسَّهُ النَّارُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

نہیں گرد آلودہ ہوتے دونوں قدم کسی بندے کے بیچ راہ اللہ کے پھر پہنچے اوسکو آگ نقل کی یہ بخاری نے -

وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَجْتَمِعُ كَافِرٌ وَقَاتِلُهُ

اور روایت ہی ابی ہریرہ رضی سی کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں جمع ہوتا کافر اور مارنیوالا اوسکا

فِي النَّارِ أَبَدًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

آگ دوزخ مین کبھی روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہی ابوہریرہ سی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

مِنْ خَيْرِ مَعَاشِ النَّاسِ لَهُمْ رَجُلٌ مُمْسِكٌ عِنَانَ فَرَسِهِ فِي سَبِيلِ

بہترین زندگانی لوگون کی واسطے اونکی زندگانی اوس شخص کی ہی کہ پکڑنیوالا ہی باگ گھوڑی اپنے کی بیچ راہ

اللّٰهِ يَطِيرُ عَلَى مَتْنِهِ كُلَّمَا سَمِعَ هَيْعَةً أَوْ فَزْعَةً طَارَ عَلَيْهِ يَبْتَغِي الْقَتْلَ

خدا کے جلدی چلتا ہی اوپر پشت گھوڑی کے جبکہ سنتا ہی آواز ڈر کی یا فریاد رسی چاہنی دوڑتا ہی سوار ہوکر گھوڑی پر ڈھونڈتا ہی

وَالْمَوْتَ مَظَانَّهُ أَوْ رَجُلٌ فِي غُنَيْمَةٍ فِي رَأْسِ شَعَفَةٍ مِنْ هَذِهِ الشَّعَفِ

اور مرنا جگہہ گمان موت کی یا زندگانی اوس شخص کی کہ گنتی ایک بکریون مین رہتا ہی بیچ چوٹی پہاڑ کے ان پہاڑون مین سے

أَوْ بَطْنِ وَادٍ مِنْ هَذِهِ الْأَوْدِيَةِ يُقِيمُ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتِي الزَّكٰوةَ وَيَعْبُدُ

یا رہتا ہی بیچ ایک نالہ کے ان نالون مین سی قائم رکھتا ہے نماز کو اور دیتا ہے زکوۃ اور بندگی کرتا ہی

رَبَّهُ حَتّٰى يَأْتِيَهُ الْيَقِينُ لَيْسَ مِنَ النَّاسِ إِلَّا فِي خَيْرٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَ

پروردگار اپنی کی یہانتک کہ آوی اوسکو موت نہیں ہی لوگون سے مگر بیچ بھلائی کے نقل کی یہ مسلم نے۔ اور

عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا

روایت ہی زید بن خالد سے یہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے کہ سامان درست کردیا

فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَقَدْ غَزٰى وَمَنْ خَلَفَ غَازِيًا فِي أَهْلِهِ فَقَدْ غَزَا مُتَّفَقٌ

بیچ راہ اللہ کے پس تحقیق جہاد کیا اوسنے اور جو کوئی کہ خلیفہ ہو غازی کا بیچ اہل اوسکی پس تحقیق جہاد کیا اوسنے متفق

عَلَيْهِ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُرْمَةُ نِسَاءِ الْمُجَاهِدِينَ

علیہ۔ اور روایت ہی بریدہ سی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ حرمت عورتون مجاہدین کی

عَلَى الْقَاعِدِينَ كَحُرْمَةِ أُمَّهَاتِهِمْ وَمَا مِنْ رَجُلٍ مِنَ الْقَاعِدِينَ

اوپر بیٹھنے والون کے مانند حرمت ماؤن اونکے ہے نہیں کوئی شخص بیٹھنے والون مین سے

يَخْلُفُ رَجُلًا مِنَ الْمُجَاهِدِينَ فِي أَهْلِهِ فَيَخُونُهُ فِيهِمْ إِلَّا وُقِفَ لَهُ

کہ نیابت کری ایک شخص کی مجاہدین مین سے بیچ اہل اوسکے پھر خیانت کری اوسکی اوسکے اہل مین مگر کہ کھڑا کیا

يوم القيمة فياخذ من عمله ما شاء فما ظنكم رواه مسلم وعن

دن قيامت كے پس ليوے گا مجاہد عمل اوسكے سے جو چاہيگا پس كيا ہے گمان تمہارا نقل كي يہ مسلم نے - اور روايت ہے

ابي مسعود الانصاري قال جاء رجل بناقة مخطومة فقال هذه

ابي مسعود انصاري سے كہ كہا لايا ايك شخص اونٹني مہار كي ہوئي اور كہا يہ

في سبيل الله فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لك بها يوم القيمة سبع

بيچ راه خدا كے ہے پس فرمايا پيغمبر خدا صلے الله عليه وسلم نے كہ واسطے تيرے بدلے اس اونٹني كے دن قيامت كے سات

مائة ناقة كلها مخطومة رواه مسلم وعن ابي سعيد ان رسول

سو اونٹنياں ہونگي سب مہار كي ہوئين روايت كي يہ مسلم نے - اور روايت ہے ابي سعيد خدري سے كہ رسول

الله صلى الله عليه وسلم بعث بعثا الى بني لحيان من هذيل فقال لينبعث

خدا صلے الله عليه وسلم نے اراده بھيجنے كا كيا ايك لشكر كو طرف بني لحيان كے قبيله هذيل سے پس فرمايا چاہيے كہ اوٹھ كھڑا ہو

من كل رجلين احدهما والاجر بينهما رواه مسلم وعن جابر

دو شخصوں ميں سے ايك اونكا اور ثواب جہاد كا مشترك ہوگا درميان دونو كے نقل كي يہ مسلم نے - اور روايت ہے جابر

ابن سمرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لن يبرح هذا الدين

بن سمره سے كہ كہا فرمايا رسول خدا صلے الله عليه وسلم نے ہميشہ رہيگا يہ دين

قائما يقاتل عليه عصابة من المسلمين حتى تقوم الساعة رواه

قائم لڑتي رہيگي اس دين پر ايك جماعت مسلمانوں ميں سے يہانتك كہ قائم ہو قيامت روايت كي يہ

مسلم وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يكلم

مسلم نے - اور روايت ہے ابي ہريره سے كہ كہا فرمايا رسول خدا صلے الله عليه وسلم نے نہيں زخمي كيا جاتا

احد في سبيل الله والله اعلم بمن يكلم في سبيله الا جاء يوم

كوئي شخص بيچ راه الله كے اور الله خوب جانتا ہے اوسكو كہ زخمي كيا جاتا ہے اوسكي راه ميں مگر كہ اويگا وه دن

القيمة وجرحه يثعب دما اللون لون الدم والريح ريح المسك

قيامت كے اس حال ميں كہ اوسكے زخم سے بہتا ہوگا خون رنگ خون كا ہوگا اور بو مشك كي

متفق عليه وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من احد

متفق عليه - اور روايت ہے انس سے كہ كہا فرمايا رسول خدا صلے الله عليه وسلم نے نہيں كوئي

موحدين يہ سب انكے نام ہين يہ فرقہ قرآن و حديث پر قائم ہے باوجود صد ہا ہزار ہا فتنوں كے يہ فرقہ بدعت اور گمراہي سے ابتك بچا ہوا ہے

يدخل الجنة يحب ان يرجع الى الدنيا وله ما في الارض من شيء الا
کوئی داخل ہو بہشت میں دوست رکھی پھر آنا طرف دنیا کے اور ہو واسطے اسکے وہ چیز کہ زمین میں ہے کچھ مگر

الشهيد يتمنى ان يرجع الى الدنيا فيقتل عشر مرات لما يرى من
شہید آرزو کرتا ہے کہ پھر آوے دنیا میں اور مارا جاوے دس بار بسبب اس چیز کے کہ دیکھتا ہے

الكرامة متفق عليه وعن مسروق قال سألنا عبد الله بن
لطف و ثواب شہادت کا متفق علیہ ۔ اور روایت ہے مسروق سے کہا پوچھا ہمنے عبد اللہ بن

مسعود عن هذه الآية ولا تحسبن الذين قتلوا في سبيل الله
مسعود سے معنے اس آیت کے اور نہ گمان کر تو ان لوگوں کو کہ مارے گئے بیچ راہ اللہ کے

امواتا بل احياء عند ربهم يرزقون الآية قال انا قد سألنا
مردہ بلکہ زندہ ہیں نزدیک پروردگار اپنے کے روزی دیئے جاتے ہیں آخر آیت تک کہا تحقیق پوچھے ہمنے معنے

عن ذلك فقال ارواحهم في اجواف طير
اسکے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے پس فرمایا ارواحیں انکی بیچ شکم جانوروں پرندہ

خضر لها قناديل معلقة بالعرش تسرح من الجنة حيث شاءت
سبز رنگ کے ہیں واسطے انکے قندیلیں ہیں لٹکائی گئی بیچ عرش کے میوہ کھاتے ہیں بہشت میں سے جہاں چاہتے ہیں

ثم تأوي الى تلك القناديل فاطلع اليهم ربهم اطلاعة فقال
پھر ٹھکانا پکڑتے ہیں طرف ان قندیلوں کی پس جھانکتا ہے طرف انکی پروردگار انکا جھانکنا فرماتا ہے

هل تشتهون شيئا قالوا اي شيء نشتهي ونحن نسرح من الجنة
کیا چاہتے ہو تم کسی چیز کو عرض کرتے ہیں کس چیز کو چاہیں ہم اسحالیکہ ہم میوے کھاتے ہیں بہشت میں سے

حيث شئنا ففعل ذلك بهم ثلث مرات فلما رأوا انهم لن
جہاں سے چاہتے ہیں پس ایسا کرتا ہے اللہ تعالی یہ ساتھ انکے تین بار پس جبکہ دیکھتے ہیں کہ نہیں

يتركوا من ان يسئلوا قالوا يا رب نريد ان ترد ارواحنا في اجسادنا
چھوڑے جاتے پوچھنے سے عرض کرتے ہیں اے پروردگار ہمارے چاہتے ہیں ہم یہ کہ پھیر کر دیجائیں ہماری بیچ بدنوں

حتى نقتل في سبيلك مرة اخرى فلما رأى ان ليس لهم حاجة
تا کہ مارے جاویں ہم بیچ راہ تیرے کے ایک بار اور پس جبکہ دیکھتا ہے اللہ کہ نہیں انکو کچھ حاجت

تُركوا رواه مسلم وعن ابی قتادة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قام
راہ چھوڑے جاتے ہین نقل کی یہہ مسلم نے۔ اور روایت ہی ابی قتادہ سی یہہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے خطبہ فرمایا

فیہم فذکر لہم ان الجہاد فی سبیل اللہ والایمان باللہ افضل
بیچ صحابہ کے پس ذکر کیا واسطے انکی یہہ کہ جہاد فی سبیل اللہ اور ایمان ساتھ اللہ کے بہترین

الاعمال فقام رجل فقال یا رسول اللہ ارأیت ان قتلت فی سبیل اللہ
اعمال کے ہین پس کہڑا ہوا ایک شخص اور کہا یا رسول اللہ خبر دو مجھکو کہ اگر مارا جاؤن مین بیچ راہ اللہ کے

یکفر عنی خطایای فقال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نعم ان قتلت فی
جہاڑے جاوینگی مجھسے گناہ میرے فرمایا اوسکو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ہان اگر مارا جاوے تو بیچ

سبیل اللہ وانت صابر محتسب مقبل غیر مدبر ثم قال رسول
راہ اللہ کے سچا مین کہ ہو تو صبر کرنیوالا اور طالب ثواب کا متوجہ نہ پیٹھ دینے والا پھر فرمایا پیغمبر

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیف قلت فقال ارأیت ان قتلت فی سبیل اللہ ایکفر
خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کس طرح کہا تونے کہا اوسنے کہ خبر دو مجھکو اگر مارا جاؤن مین بیچ راہ اللہ کے کیا جہاڑے جاوینگے

عنی خطایای فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نعم وانت صابر محتسب
مجھسے گناہ میرے پس فرمایا اوسکو پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ ہان اگر مارا جاوے تو سچا مین کہ ہو تو صبر کرنیوالا طالب ثواب کا

مقبل غیر مدبر الا الدین فان جبریل قال لی ذلک رواہ مسلم
متوجہ نہ پیٹھ پہیرنیوالا مگر قرض پس تحقیق جبریل نے کہا واسطے میرے یہہ نقل کی یہہ مسلم نے

وعن عبد اللہ بن عمرو بن العاص ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال القتل
اور روایت ہی عبد اللہ بن عمرو بن العاص سی یہہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مارا جانا

فی سبیل اللہ یکفر کل شیء الا الدین رواہ مسلم وعن ابی ہریرة
بیچ راہ خدا کے جہاڑتا ہے ہر گناہ کو سوائے قرض کے روایت کی یہہ مسلم نے۔ اور روایت ہی ابی ہریرہ سے

ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال یضحک اللہ تعالی الی رجلین یقتل
کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہنستا ہے اللہ تعالی طرف دو شخصون کے کہ قتل کرے

احدہما الآخر یدخلان الجنة یقاتل ہذا فی سبیل اللہ فیقتل ثم
ایک اونکا دوسرے کو داخل ہون دونون بہشت مین لڑتا ہے یہ ایک بیچ راہ خدا کے پس مارا جاتا ہے پہر

اور روح کی حقیقت مین بہت خلاف ہے اکثر علماء یہ کہتے ہین کہ بندون کو اسکی حقیقت معلوم نہین ہے فلاسفہ کہتے ہین روح کوئی علیحدہ چیز نہین ہے اور اطبا کہتے ہین کہ روح ایک بخار لطیف ہی بدن مین اور بعض مشائخ نے کہا کہ روح جیوۃ کا نام ہی یا اجسام لطیفہ کا یا بعض جسم کا یا جسم لطیف کا جو صورت انسان رکہتا ہی اس جسم کے اندر یا نفس داخل و خارج کا یا خون کا

يَتُوبُ اللّٰهُ عَلَى الْقَاتِلِ فَيُسْتَشْهَدُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ

توبہ کرتا ہے اللہ قاتل پر پھر شہید کیا جاتا ہے متفق علیہ اور روایت ہے سہل بن حنیف سے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَأَلَ اللّٰهَ الشَّهَادَةَ بِصِدْقٍ

کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ مانگتا ہے اللہ تعالی سے شہادت صدق دل سے

بَلَّغَهُ اللّٰهُ مَنَازِلَ الشُّهَدَاءِ وَإِنْ مَاتَ عَلَى فِرَاشِهِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ

پہنچاتا ہے اللہ اسکو ساتھ مرتبہ شہداء کے اگرچہ مرے اپنے بچھونے پر روایت کی یہ مسلم نے - اور روایت ہے

أَنَسٍ أَنَّ الرُّبَيِّعَ بِنْتَ الْبَرَاءِ وَهِيَ أُمُّ حَارِثَةَ بْنِ سُرَاقَةَ أَتَتِ النَّبِيَّ

انس رضی سے کہ تحقیق ربیع بیٹی براء کی اور وہ ہے ماں حارثہ بیٹے سراقہ کی آئی حضرت

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ أَلَا تُحَدِّثُنِي عَنْ حَارِثَةَ وَكَانَ قُتِلَ يَوْمَ

صلے اللہ علیہ وسلم پاس اور کہا اے نبی اللہ کے کیا نہیں حدیث فرماتے آپ احوال حارثہ کے سے اور تھا حارثہ شہید ہوا بیچ دن

بَدْرٍ أَصَابَهُ سَهْمٌ غَرْبٌ فَإِنْ كَانَ فِي الْجَنَّةِ صَبَرْتُ وَإِنْ كَانَ غَيْرَ

بدر کے لگا تھا اسکو ایک تیر غرب اگر ہو بہشت میں صبر کروں میں اور اگر ہو اور

ذٰلِكَ اجْتَهَدْتُ عَلَيْهِ فِي الْبُكَاءِ فَقَالَ يَا أُمَّ حَارِثَةَ إِنَّهَا جِنَانٌ فِي

جگہ کوشش کروں میں اوسپر رونے میں فرمایا اے ماں حارثہ تحقیق قصہ یہ ہے کہ کتنے ہیں باغ

الْجَنَّةِ وَإِنَّ ابْنَكِ أَصَابَ الْفِرْدَوْسَ الْأَعْلَى رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْهُ

بہشت میں اور تحقیق بیٹا تیرا اسنے پہنچا فردوس اعلی میں روایت کی یہ بخاری نے - اور روایت ہے انس سے

قَالَ انْطَلَقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ حَتّٰى سَبَقُوا الْمُشْرِكِينَ

کہا چلے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور صحابہ حضرت کے یہاں تک کہ سبقت کی مشرکوں پر

إِلَى بَدْرٍ وَجَاءَ الْمُشْرِكُونَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُومُوا إِلَى

طرف بدر کے اور آئے مشرک پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ کھڑے ہو تم طرف

جَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْأَرْضُ قَالَ عُمَيْرُ بْنُ الْحُمَامِ بَخٍ بَخٍ فَقَالَ رَسُولُ

بہشت کے کہ چوڑاؤ اسکا مانند چوڑاؤ آسمان و زمین کے ہے کہا عمیر بن حمام انصاری نے خوب خوب پس فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَحْمِلُكَ عَلَى قَوْلِكَ بَخٍ بَخٍ قَالَ لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا باعث ہوا تجکو اوپر کہنے تیرے کے خوب خوب کہا عمیر نے قسم ہے اللہ کی یا رسول اللہ

إلا رجاء أن أكون من أهلها قال فإنك من أهلها قال فأخرج تمرات من قرنه فجعل يأكل

مگر بامید اسکے کہ ہوؤن مین اہل بہشت سے فرمایا حضرت نے پس تحقیق تو ہے اہل بہشت سے کہا راوی نے کہ نکالین عمیر نے کئی کہجورین

منهن ثم قال لئن أنا حييت حتى آكل تمراتي إنها لحيوة طويلة قال

اونمین سے پہر کہا کہ اگر زندہ رہا مین یہانتک کہ کہاؤن مین اپنی کہجورین تو تحقیق یہ زندگی درازہے

فرمى بما كان معه من التمر ثم قاتلهم حتى قتل رواه مسلم وعن

پس پہینکدین کہجورین کہ تہین ساتہ اوسکے پہر قتال کیا کافرون سے یہانتک کہ شہید ہوئے روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے

أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما تعدون الشهيد فيكم

ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کسکو گنتے ہو تم شہید اپنے مین

قالوا يا رسول الله من قتل في سبيل الله فهو شهيد قال إن

کہا صحابہ نے یا رسول اللہ جو شخص کہ مارا جاوے اللہ کی راہ مین پس وہ شہید ہے فرمایا تحقیق

شهداء أمتي إذا لقليل من قتل في سبيل الله فهو شهيد و

شہید میری امت کے اسوقت البتہ کم ہونگے جو شخص مارا جاوے بیچ راہ اللہ کے پس وہ شہید ہے اور

من مات في سبيل الله فهو شهيد ومن مات في الطاعون فهو

جو شخص اسکے مرے راہ خدا مین پس وہ بہی شہید ہے اور جو شخص کہ مرے وبا مین پس وہ بہی

شهيد ومن مات في البطن فهو شهيد رواه مسلم وعن

شہید ہے اور جو شخص کہ مرے مرض پیٹ سے پس وہ بہی شہید ہے نقل کیا یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے

عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من غازية أو

عبداللہ بن عمرو سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہین کوئی جماعت جہاد کرنیوالی یا

سرية تغزو فتغنم وتسلم إلا كانوا قد تعجلوا ثلثي أجورهم وما

لشکر جہاد کرنیوالا کہ جہاد کرے پس غنیمت لوٹ لاوے اور صحیح سالم آوے مگر تحقیق جلدی لی دو تہائی مزدوری اپنی کی اور نہین

من غازية أو سرية تخفق وتصاب إلا تم أجورهم رواه مسلم

کوئی جماعت جہاد کرنیوالی یا لشکر جہاد کرنیوالا کہ غنیمت نہ لاوے اور زخمی کیا جاوے یا مارا جاوے مگر پورا ہوتا ہے ثواب اونکا روایت کی یہ مسلم نے

وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من مات ولم يغز

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ مرا اور جہاد نہ کیا

وَلَمْ يُحَدِّثْ بِهِ نَفْسَهُ مَاتَ عَلَى شُعْبَةٍ مِنْ نِفَاقٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ

اور نہ اسکے گذرا بیچ دل اوسکے خیال جہاد کا مرا اوپر ایک قسم کے نفاق سے روایت کی یہ مسلم نے - اور روایت ہے

اَبِي مُوسَى قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ الرَّجُلُ يُقَاتِلُ لِلْمَغْنَمِ

ابی موسےٰ سے کہ کہا آیا ایک شخص پاس حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اور عرض کیا کہ ایک شخص لڑتا ہے واسطے غنیمت کے

وَالرَّجُلُ يُقَاتِلُ لِلذِّكْرِ وَالرَّجُلُ يُقَاتِلُ لِيُرٰى مَكَانُهُ فَمَنْ فِي سَبِيلِ اللهِ قَالَ

اور ایک شخص لڑتا ہے واسطے ذکر کے اور ایک شخص لڑتا ہے تاکہ دیکھا جاوے مرتبہ اوسکا پس کون ہے بیچ راہ خدا کے فرمایا

مَنْ قَاتَلَ لِتَكُونَ كَلِمَةُ اللهِ هِيَ الْعُلْيَا فَهُوَ فِي سَبِيلِ اللهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

جو شخص کہ لڑے تاکہ ہو دین اللہ کا بلند پس وہ بیچ راہ اللہ کے ہے روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے

وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَعَ مِنْ غَزْوَةِ تَبُوكَ فَدَنَا مِنَ

اور روایت ہے انس سے کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم پہرے غزوہ تبوک سے پس نزدیک ہوئے

الْمَدِينَةِ فَقَالَ اِنَّ بِالْمَدِينَةِ اَقْوَامًا مَا سِرْتُمْ مَسِيرًا وَلَا قَطَعْتُمْ وَادِيًا

مدینہ سے پس فرمایا تحقیق مدینہ میں کتنے ایک اشخاص ہیں کہ نہیں چلے تم کسی جگہہ اور نہیں قطع کیا تم نے

اِلَّا كَانُوا مَعَكُمْ وَفِي رِوَايَةٍ اِلَّا شَرِكُوكُمْ فِي الْاَجْرِ قَالُوا يَا رَسُولَ اللهِ وَهُمْ

مگر کہ تھے وہ ساتھ تمہارے اور ایک روایت میں آیا ہے مگر شریک ہیں تمہارے ثواب میں عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ اور وہ

بِالْمَدِينَةِ قَالَ وَهُمْ بِالْمَدِينَةِ حَبَسَهُمُ الْعُذْرُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ عَنْ جَابِرٍ

مدینہ میں ہیں فرمایا ہاں مدینہ میں ہیں روکا اونکو عذر نے روایت کی یہ بخاری نے اور روایت کی یہ مسلم نے جابر سے

وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَاْذَنَهُ

اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہ کہا آیا ایک شخص پاس رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور پروانگی چاہی حضرت سے

فِي الْجِهَادِ فَقَالَ اَحَيٌّ وَالِدَاكَ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَفِيهِمَا فَجَاهِدْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

جہاد کرنے کے لیے پس فرمایا حضرت نے کیا زندہ ہیں ماں باپ تیرے کہا ہاں فرمایا پس انہیں کی خدمت میں جہاد کر متفق

وَفِي رِوَايَةٍ فَارْجِعْ اِلَى وَالِدَيْكَ فَاَحْسِنْ صُحْبَتَهُمَا وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ

اور روایت مسلم کی میں یوں ہے کہ پس پہر جا طرف ماں باپ اپنے کے اور اچھی کر صحبت اونکی - اور روایت ہے ابن عباس سے

النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ

پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا دن فتح مکہ کے کہ نہیں ہجرت بعد فتح مکہ کے ولیکن جہاد اور نیت ہے

وَإِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ عَنْ عِمْرَانَ

اور جس وقت کہ بلائے جاؤ تم تو پس نکلو روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے۔ فصل دوسری روایت ہے عمران

ابْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ اُمَّتِيْ

بن حصین سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ ہمیشہ ایک جماعت امت میری میں سے

يُقَاتِلُوْنَ عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِيْنَ عَلٰى مَنْ نَاوَاَهُمْ حَتّٰى يُقَاتِلَ اٰخِرُهُمُ

لڑتی رہیگی اظہار حق پر حالانکہ غالب ہوگی اوس شخص پر کہ دشمنی کرے اونسے یہانتک کہ قتال کریگی آخر امت کے

الْمَسِيْحَ الدَّجَّالَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مسیح دجال سے روایت کی یہ ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے ابی امامہ سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

قَالَ مَنْ لَّمْ يَغْزُ وَلَمْ يُجَهِّزْ غَازِيًا اَوْ يَخْلُفْ غَازِيًا فِيْ اَهْلِهِ بِخَيْرٍ اَصَابَهُ

فرمایا جس شخص نے کہ نہ جہاد کیا اور نہ سامان درست کر دیا کسی مجاہد کا یا نیابت نہ کی کسی غازی کے پیچھے بیچ گھروالوں اوسکے ساتھ بہتری کے

اللّٰهُ بِقَارِعَةٍ قَبْلَ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَعَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ

اللہ اوسکو کوئی مصیبت سخت پہلے روز قیامت کے روایت کی یہ ابوداؤد نے اور روایت ہے انس سے کہ نقل کی نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ جَاهِدُوا الْمُشْرِكِيْنَ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ وَاَلْسِنَتِكُمْ رَوَاهُ

صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جہاد کرو تم مشرکین سے ساتھ مالوں اپنے کے اور جانوں اپنی کے اور زبانوں اپنی کے روایت کی یہ

اَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

ابوداؤد اور نسائی اور دارمی نے۔ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفْشُوا السَّلَامَ وَاَطْعِمُوا الطَّعَامَ وَاضْرِبُوا الْهَامَ تُوْرَثُوا الْجِنَانَ

صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ پھیلاؤ سلام کو اور کھلاؤ کھانا اور مارو سر کھوپری کفار کی وارث کئے جاؤ گے بہشتوں کے

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَنْ فَضَالَةَ بْنِ

روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے۔ اور روایت ہے فضالہ بن

عُبَيْدٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُلُّ مَيِّتٍ يُّخْتَمُ عَلٰى عَمَلِهِ اِلَّا الَّذِيْ

عبید سے کہ نقل کی پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا ہر میت ختم کیا جاتا ہے اوپر عمل اپنی کے مگر وہ شخص کہ

مَاتَ مُرَابِطًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاِنَّهُ يُنْمٰى لَهُ عَمَلُهُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَيَاْمَنُ

مرا حالت چوکیداری میں بیچ راہ اللہ کے پس تحقیق شان یہ ہے کہ بڑھایا جاتا ہے واسطے اوسکے عمل اوسکا قیامت تک اور امن میں

اگر مرا الخ یعنے اللہ کی راہ میں اور جہاد میں رہنے والے کا عمل موقوف نہیں ہوتا اسکی موت سے اور بہشت میں اسکا رزق مقرر ہوتا ہے

فِتْنَةَ الْقَبْرِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوُدَ وَرَوَاهُ الدَّارِمِيُّ عَنْ عُقْبَةَ
فتنہ قبر سے روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے اور روایت کیا اسکو دارمی نے عقبہ

ابْنِ عَامِرٍ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ
بن عامر سے۔ اور روایت ہے معاذ بن جبل سے کہ انہون نے سنا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے

مَنْ قَاتَلَ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ فُوَاقَ نَاقَةٍ فَقَدْ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ وَمَنْ
جو شخص کہ لڑا بیچ راہ اللہ کے بقدر ٹھہر جانے کے درمیان دو دوہنے اونٹنی کے پس تحقیق واجب ہوئی واسطے اوسکے بہشت اور جو شخص کہ

جُرِحَ جُرْحًا فِيْ سَبِيْلِ اللهِ اَوْ نُكِبَ نَكْبَةً فَاِنَّهَا تَجِيْءُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كَاَغْزَرِ
زخمی کیا گیا زخمی ہونا بیچ راہ خدا کے یا مصیبت پہنچایا گیا مصیبت پہنچنا پس تحقیق وہ زخم آویگا دن قیامت کے مانند اکثر اوسکے

مَا كَانَتْ لَوْنُهَا الزَّعْفَرَانُ وَرِيْحُهَا الْمِسْكُ وَمَنْ خَرَجَ بِهٖ خُرَاجٌ فِيْ
پایا جاتا تہا دنیا مین رنگ اوسکا زعفران کا ہوگا اور بو اوسکی مشک کی اور وہ شخص کہ نکلا اوسکے پہوڑا بیچ

سَبِيْلِ اللهِ فَاِنَّ عَلَيْهِ طَابَعَ الشُّهَدَاءِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوُدَ
راہ اللہ کے پس تحقیق اس پہوڑے پر ہے مہر ہوگی شہیدونکی روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد

وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
اور نسائی نے۔ اور روایت ہے خریم بن فاتک سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

مَنْ اَنْفَقَ نَفَقَةً فِيْ سَبِيْلِ اللهِ كُتِبَ لَهٗ بِسَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ
جو شخص کہ خرچ کرے کچھ خرچ بیچ راہ خدا کے لکھا جاتا ہے واسطے اوسکے ثواب سات سو چند نقل کی یہ ترمذی

وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ
اور نسائی نے۔ اور روایت ہے ابی امامہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بہترین

الصَّدَقَاتِ ظِلُّ فُسْطَاطٍ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ وَمِنْحَةُ خَادِمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ
صدقون کا سایہ خیمہ کا ہے کہ دیا جاوے بیچ راہ اللہ کے اور دینا خادم کا بیچ راہ خدا کے

اَوْ طَرُوْقَةُ فَحْلٍ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ
یا دینا اونٹنی کا ہے کہ جفت کریں اوسپر نر راہ خدا مین روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا

قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَلِجُ النَّارَ مَنْ بَكٰى مِنْ خَشْيَةِ اللهِ حَتّٰى يَعُوْدَ
فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہین داخل ہوگا آگ مین وہ شخص کہ رویا خوف خدا سے یہانتک کہ عود کرے

اللبن في الضرع ولا يجتمع على عبد غبار في سبيل الله ودخان

دودھ تھنوں میں اور نہیں جمع ہوگا اوپر بندے کے غبار بیچ راہ خدا کے اور دھواں

جهنم رواه الترمذي وزاد النسائي في اخرى في منخري مسلم ابدا

دوزخ کا روایت کی یہ ترمذی نے اور زیادہ کیا نسائی نے اور روایت میں کہ بیچ دونوں نتھنوں مسلمان کے کبھی

وفي اخرى له في جوف عبد ابدا ولا يجتمع الشح والايمان في قلب عبد

اور ایک اور روایت نسائی کی میں بیچ پیٹ بندے کے کبھی اور نہیں جمع ہوتا بخل اور ایمان بیچ دل بندے

ابدا وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم عينان لا تمسهما

کبھی۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دو آنکھیں ہیں کہ نہیں لگے اونکو

النار عين بكت من خشية الله وعين باتت تحرس في سبيل الله

آگ ایک وہ آنکھ کہ روئی خوف خدا سے اور دوسری وہ آنکھ کہ رات گذاری نگہبانی کرتی ہوئی بیچ راہ خدا کے

رواه الترمذي وعن ابي هريرة قال مر رجل من اصحاب رسول الله

روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے کہ کہا گذرا ایک شخص صحابیوں پیغمبر خدا

صلى الله عليه وسلم بشعب فيه عيينة من ماء عذبة فاعجبته فقال

صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ بیچ دری پہاڑ کے اوسمیں تھا ایک چشمہ پانی شیریں کا پس خوش لگا وہ اوسکو اور کہا

لو اعتزلت الناس فاقمت في هذا الشعب فذكر ذلك لرسول الله

کاشکے الگ ہوؤں میں لوگوں سے اور رہوں اس درے پہاڑ کے میں پھر ذکر کی یہ بات روبرو پیغمبر خدا

صلى الله عليه وسلم فقال لا تفعل فان مقام احدكم في سبيل الله افضل

صلے اللہ علیہ وسلم کے پس فرمایا نہ کر تو یہ اسلیے کہ تحقیق ٹھیرنا ایک تمہارے کا بیچ راہ اللہ کے بہتر ہے

من صلوته في بيته سبعين عاما الا تحبون ان يغفر الله لكم

نماز اوسکی سے گھر میں ستر برس کیا نہیں دوست رکھتے ہو تم کہ بخشے اللہ واسطے تمہارے

ويدخلكم الجنة اغزوا في سبيل الله من قاتل في سبيل الله فواق

اور داخل کرے تمکو بہشت میں جہاد کرو تم بیچ راہ اللہ کے جو کوئی لڑے بیچ راہ اللہ کے بقدر ٹھہرنے کے درمیان

ناقة وجبت له الجنة رواه الترمذي وعن عثمان عن رسول

اونٹنی کے واجب ہوئی واسطے اوسکے بہشت روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے عثمان سے کہ نقل کی پیغمبر

اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم قال رِباطُ یومٍ فی سبیلِ اللّٰہِ خیرٌ مِّن اَلفِ یومٍ فیما

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ فرمایا چوکیداری کرنی سرحد کفر پر ایک دن کی بیچ راہ خدا کے بہتر ہی عبادت ہزار روز سے

سِواہُ مِنَ المَنازِلِ رواہُ التِّرمذیُّ والنَّسائیُّ وعن اَبی ھُریرۃَ اَنَّ

غیر اس چوکیداری کے مراتب سی روایت کی یہ ترمذی اور نسائی نے۔ اور روایت ہی ابی ہریرہ سی یہ کہ

رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم قال عُرِضَ عَلَیَّ اَوَّلُ ثلٰثۃٍ یَدخُلُونَ الجنّۃَ شَھِیدٌ

پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روبرو لائے گئے میرے اول تین شخص کہ داخل ہونگے بہشت میں ایک تو شہید

وعَفیفٌ مُتَعَفِّفٌ وعَبدٌ اَحسَنَ عِبادَۃَ اللّٰہِ ونَصَحَ لِمَوالِیہِ رواہُ

دوسرے بچنے والا حرام سی سوال نکرنیوالا اور تیسرے غلام کہ اچھی کی بندگی اللہ کی اور خیر خواہی کی اپنے مالکوں کی روایت کی یہ

التِّرمذیُّ وعن عبدِ اللّٰہِ بنِ حُبشِیٍّ اَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم سُئِلَ اَیُّ

ترمذی نے۔ اور روایت ہی عبد اللہ بن حبشی سی کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم پوچھے گئے کہ کونسا

الاَعمالِ اَفضَلُ قال طُولُ القِیامِ قیلَ فاَیُّ الصَّدَقۃِ اَفضَلُ قال جُھدُ

عمل عملوں میں سی افضل ہی فرمایا دراز قیام کرنا کہا گیا کونسا صدقہ افضل ہے فرمایا کہ کوشش

المُقِلِّ قیلَ فاَیُّ الھِجرۃِ اَفضَلُ قال مَن ھَجَرَ ما حَرَّمَ اللّٰہُ علیہِ قیلَ فاَیُّ

فقیر کا کہا گیا کونسی ہجرت بہتر ہے فرمایا شخص جو چھوڑدے اوس چیز کو کہ حرام کی اللہ نے اوسپر کہا گیا پھر کونسا

الجِھادِ اَفضَلُ قال مَن جاھَدَ المُشرِکِینَ بِمالِہٖ ونَفسِہٖ قیلَ فاَیُّ القَتلِ

جہاد بہتر ہے فرمایا جہاد اوس شخص کا کہ جہاد کرے مشرکوں سے ساتھ مال اپنے کے اور جان اپنی کے کہا گیا کونسا مارا جانا

اَشرَفُ قال مَن اُھرِیقَ دَمُہٗ وعُقِرَ جَوادُہٗ رواہُ ابوداودَ وفی روایۃِ

بزرگتر ہے فرمایا مارا جانا اوس شخص کا کہ گرایا جاوے خون اوسکا اور کونچیں کاٹے جاویں گھوڑے کی اوسکے روایت کی یہ ابوداؤد نے اور بیچ روایت

النَّسائیِّ اَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم سُئِلَ اَیُّ الاَعمالِ اَفضَلُ قال اِیمانٌ

نسائی کی یوں ہے کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم پوچھے گئے کہ کونسا عمل عملوں میں سے افضل ہی کہا وہ ایمان ہے

لا شَکَّ فیہِ وجِھادٌ لا غُلُولَ فیہِ وحَجّۃٌ مَبرُورۃٌ قیلَ فاَیُّ الصَّلٰوۃِ

کہ نہو شک اوس میں اور جہاد کہ نہ خیانت ہوا اوس میں اور حج مقبول کہا گیا پس کونسی چیز نماز میں

اَفضَلُ قال طُولُ القُنُوتِ ثُمَّ اتَّفَقا فی الباقی وعن المِقدامِ بنِ

افضل ہے فرمایا درازی قیام کی پھر متفق ہوئی نسائی اور ابوداؤد باقی حدیث میں۔ اور روایت ہی مقدام بن

معد يكرب قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم للشهيد عند الله ست

معدیکرب سے کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے شہید کے نزدیک خدا کے چھ

خصال يغفر له في اول دفعة ويرى مقعده من الجنة ويجار من

خصلتیں ہیں بخشش کیجاتی ہے واسطے اوسکے بیچ اول دفعہ کے اور دکھلایا جاتا ہے ٹھکانا اوسکا بہشت میں سے اور محفوظ رہتا ہے

عذاب القبر ويامن من الفزع الاكبر ويوضع على راسه تاج الوقار

عذاب قبر سے اور امن میں ہوگا گھبراہٹ بڑی سے اور رکھا جاویگا اوسکے سر پر تاج وقار کا

الياقوتة منها خير من الدنيا وما فيها ويزوج ثنتين وسبعين زوجة

کہ یاقوت اوسمین کا بہتر ہوگا دنیا سے اور اسچیز سے کہ دنیا میں ہے اور نکاح کرایا جاویگا بہتر بی بیون

من الحور العين ويشفع في سبعين من اقربائه رواه الترمذي وابن

حور عین سے اور شفاعت قبول کیجاویگی بیچ ستر آدمیون کے قرابتیون اوسکے سے روایت کی یہ ترمذی اور ابن

ماجة وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من لقي الله

ماجہ نے - اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ ملاقات کرے اللہ سے

بغير اثر من جهاد لقي الله وفيه ثلمة رواه الترمذي وابن ماجة و

بن اثر کے جہاد سے ملاقات کریگا اللہ سے اسحالمین کہ اوسکے دین میں نقصان ہوگا روایت کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے اور

عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الشهيد لا يجد الم القتل

روایت ہے ابوہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ شہید نہیں پاتا دکھ قتل کا

الا كما يجد احدكم الم القرصة رواه الترمذي والنسائي والدارمي

مگر جیسیکہ پاتا ہے ایک تمہارا دکھ کاٹنے چیونٹی کا نقل کی یہ ترمذی اور نسائی اور دارمی نے

وقال الترمذي هذا حديث حسن غريب وعن ابي امامة عن

اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن غریب ہے - اور روایت ہے ابی امامہ سے کہ نقل کی

النبي صلى الله عليه وسلم قال ليس شيء احب الى الله من قطرتين واثرين

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا نہیں کوئی چیز بہت پیاری طرف اللہ کے دو قطروں سے اور دو نشانوں سے

قطرة دموع من خشية الله وقطرة دم يهراق في سبيل الله واما الاثران

ایک قطرہ آنسوؤں کا بسبب خوف خدا کے اور دوسرا خون کا کہ گرایا جاوے اللہ کی راہ میں اور اہر دو نشان

بحالت لاکر زندگانی ہون تو قربان کی جاوین ۱۲

دین میں نقصان ہوگا یعنی اس کا دین کامل نہ ہوگا کیونکہ دین کا جزو اعظم ... ۱۲

فَاَثَرٌ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَاَثَرٌ فِیْ فَرِیْضَةٍ مِّنْ فَرَائِضِ اللّٰهِ تَعَالٰی رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ

پس ایک نشان بیچ راہ اللہ کے اور دوسرا نشان بیچ فرض کے فرائض خدا تعالیٰ سے نقل کی یہ ترمذی نے

وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ

اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہ کہا فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تَرْكَبِ الْبَحْرَ اِلَّا حَاجًّا اَوْ مُعْتَمِرًا اَوْ غَازِیًا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ سوار ہو تو دریا میں مگر ارادہ حج یا عمرہ یا جہاد کے بیچ راہ خدا کے

فَاِنَّ تَحْتَ الْبَحْرِ نَارًا وَتَحْتَ النَّارِ بَحْرًا رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ اُمِّ حَرَامٍ

اس واسطے کہ نیچے دریا کے آگ ہے اور نیچے آگ کے دریا ہے روایت کی یہ ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے ام حرام سے

عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمَائِدُ فِی الْبَحْرِ الَّذِیْ یُصِیْبُهُ الْقَیْءُ لَهٗ اَجْرُ

کہ نقل کی نبی خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا سر پھرنیوالا دریا میں کہ پہونچے اوسکو قے کہ واسطے اوسکے ثواب

شَهِیْدٍ وَالْغَرِقُ لَهٗ اَجْرُ شَهِیْدَیْنِ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ اَبِیْ مَالِكٍ الْاَشْعَرِیِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ

شہید کا ہے اور ڈوبنے والا دریا میں اوسکے لیے ثواب دو شہید کا ہے نقل کی یہ ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے ابی مالک اشعری سے کہا سنا میں نے رسول

اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ فَصَلَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَمَاتَ اَوْ قُتِلَ اَوْ وَقَصَهٗ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے جو شخص کہ نکلا بیچ راہ اللہ کے پس مر گیا یا مارا گیا یا گرایا اوسکو

فَرَسُهٗ اَوْ بَعِیْرُهٗ اَوْ لَدَغَتْهُ هَامَّةٌ اَوْ مَاتَ عَلٰی فِرَاشِهٖ بِاَیِّ حَتْفٍ

گھوڑے اوسکے نے یا اونٹ اوسکے نے یا کاٹا اوسکو زہریلے جانور نے یا مر گیا اپنے بچھونے پر ساتھ کسی موت کے

شَاءَ اللّٰهُ فَاِنَّهٗ شَهِیْدٌ وَاِنَّ لَهُ الْجَنَّةَ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ

کہ چاہا اللہ نے پس تحقیق وہ شہید ہے اور اوسکے لیے بہشت ہے روایت کی یہ ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے عبد اللہ

ابْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَفْلَةٌ كَغَزْوَةٍ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ

بن عمرو سے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھرنا جہاد سے مانند جہاد کرنیکے ہے روایت کی یہ ابو داؤد نے

وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِلْغَازِیْ اَجْرُهٗ وَلِلْجَاعِلِ

اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہ کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے جہاد کرنیوالے کے اجر اوسکا ہے اور واسطے دینے والے مال کے

اَجْرُهٗ وَاَجْرُ الْغَازِیْ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ سَمِعَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ

اجر اوسکا ہے اور جہاد کرنیوالے کا بھی روایت کی یہ ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے ابی ایوب سے کہ سنا اوسنے پیغمبر خدا صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ سَتُفْتَحُ عَلَيْكُمُ الْاَمْصَارُ وَسَتَكُوْنُ جُنُوْدٌ مُجَنَّدَةٌ يُقْطَعُ

علیہ وسلم کو فرماتے فتح کیے جاوینگے تمپر شہر اور ہونگے لشکر جمع کیے گئے معین کیے جاوینگے

عَلَيْكُمْ فِيْهَا بُعُوْثٌ فَيَكْرَهُ الرَّجُلُ الْبَعْثَ فَيَتَخَلَّصُ مِنْ قَوْمِهٖ ثُمَّ

تمپر ان لشکروں میں فوجیں پس ناخوش ہو جائے گا ایک شخص بھیجنے امام کیطرف سے تئیں پس نکلیگا اپنی قوم میں سے پھر

يَتَصَفَّحُ الْقَبَائِلَ يَعْرِضُ نَفْسَهٗ عَلَيْهِمْ مَنْ اَكْفِيْهِ بَعْثَ كَذَا اَلَا

تلاش کریگا قبیلوں کو درحالیکہ وہ پیش کریگا اپنے تئیں اونپر کہتا ہوا کون ہے کہ کفایت کروں میں اوسکو لشکر ایسے سے خبردار ہو

وَذٰلِكَ الْاَجِيْرُ اِلٰى اٰخِرِ قَطْرَةٍ مِّنْ دَمِهٖ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَعَنْ

یہ شخص وہ مزدور ہے آخر قطرہ خون تک روایت کی یہ ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے

يَعْلَى بْنِ اُمَيَّةَ قَالَ اٰذَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْغَزْوِ وَاَنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ

یعلی بن امیہ سے کہا خبردار کیا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو ساتھ نکلنے کی جہاد کے لیے اور میں تھا بوڑھا بڑا

لَيْسَ لِيْ خَادِمٌ فَالْتَمَسْتُ اَجِيْرًا يَكْفِيْنِيْ فَوَجَدْتُ رَجُلًا سَمَّيْتُ لَهٗ

نہ تھا واسطے میرے کوئی خادم کہ خدمت کرے میری پس تلاش کیا میں نے کوئی مزدور کہ کفایت کرے مجھکو پس پایا میں نے ایک شخص کو معین کیے میں نے واسطے اوسکے

ثَلٰثَةَ دَنَانِيْرَ فَلَمَّا حَضَرَتْ غَنِيْمَةٌ اَرَدْتُّ اَنْ اُجْرِيَ لَهٗ سَهْمَهٗ

تین دینار پس جب حاضر ہوئی غنیمت ارادہ کیا میں نے یہ کہ جاری کروں میں اوسکے لیے حصہ اوسکا

فَجِئْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ لَهٗ فَقَالَ مَا اَجِدُ لَهٗ فِيْ غَزْوَتِهٖ هٰذِهٖ

پس آیا میں پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور ذکر کیا میں نے واسطے حضرت کے پس فرمایا حضرت نے نہیں پاتا میں اوسکے لیے بیچ اس جہاد اوسکی کے

فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِلَّا دَنَانِيْرَهُ الَّتِيْ تَسَمّٰى رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

دنیا اور آخرت میں مگر دینار اوسکے وہ کہ معین کیے گئے روایت کی یہ ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے ابوہریرہ رضہ سے

اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رَجُلٌ يُرِيْدُ الْجِهَادَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَهُوَ

کہ ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ ایک شخص ارادہ رکھتا ہے جہاد کا بیچ راہ اللہ کے حال آنکہ وہ

يَبْتَغِيْ عَرَضًا مِّنْ عَرَضِ الدُّنْيَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا اَجْرَ لَهٗ

چاہتا ہے مال اسباب دنیا سے پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہیں ثواب واسطے اوسکے

رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَعَنْ مُعَاذٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْغَزْوُ

روایت کی یہ ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے معاذ رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جہاد

غَزْوَانِ فَأَمَّا مَنِ ابْتَغَى وَجْهَ اللّٰهِ وَأَطَاعَ الْإِمَامَ وَأَنْفَقَ الْكَرِيمَةَ

دو قسم کا ہے پس جسنے طلب کی رضا مولی کی اور اطاعت کی امام کی اور خرچ کیا جان مال اچھے کو

وَيَاسَرَ الشَّرِيكَ وَاجْتَنَبَ الْفَسَادَ فَإِنَّ نَوْمَهُ وَنُبْهَهُ أَجْرٌ كُلُّهُ وَأَمَّا

اور معاملہ نیک کیا شریک سے اور بچتا رہا فساد کرنے سے پس تحقیق سونا اوسکا اور جاگنا اوسکا موجب اجر و ثواب کا ہے تمام اور

مَنْ غَزَا فَخْرًا وَرِيَاءً وَسُمْعَةً وَعَصَى الْإِمَامَ وَأَفْسَدَ فِي الْأَرْضِ فَإِنَّهُ

جسنے جہاد کیا بطریق فخر اور دکھانے اور سنانے کے اور نافرمانی کی امام کی اور فساد کیا زمین میں پس تحقیق

زیادہ کرتا اوسکو یعنی اسلام زیادہ نہین کرتا اوس قسم مین مگر قوت کو اور نہ پیدا کرو قسم کو بیچ اسلام کے روایت کی یہ

التِّرْمِذِيُّ مِنْ طَرِيقِ حُسَيْنِ بْنِ ذَكْوَانَ عَنْ عَمْرٍو وَقَالَ حَسَنٌ وَذُكِرَ

ترمذی نے طریق حسین بن ذکوان سے کہ اونسے عمرو سے اور کہا یہ حسن ہے اور ذکر کی گئی

حَدِيثُ عَلِيٍّ الْمُسْلِمُونَ تَتَكَافَأُ دِمَاؤُهُمْ فِي كِتَابِ الْقِصَاصِ

حدیث حضرت علی کی کہ ابتدا اوسکی یہ ہے المسلمون تتکافأ دماؤہم بیچ کتاب قصاص کے -

الفصل الثالث عن ابن مسعود قال جاء ابن النواحة وابن

فصل تیسری روایت ہے ابن مسعود سے کہ کہا آیا بیٹا نواحہ کا اور بیٹا

اثال رسولا مسیلمة الى النبي صلى الله عليه وسلم فقال لهما اتشهدان اني

اثال کا کہ ایلچی تھے مسیلمہ کذاب کے پاس نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پس کہا واسطے ان دونوں کے آیا گواہی دیتے ہو تم کہ تحقیق میں

رسول الله فقالا نشهد ان مسيلمة رسول الله فقال النبي صلى الله عليه

رسول خدا کا ہوں کہا ان دونوں نے کہ گواہی دیتے ہیں ہم کہ مسیلمہ رسول خدا کا ہے پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ

امنت بالله ورسوله لو كنت قاتلا رسولا لقتلتكما قال عبد الله

ایمان لایا میں ساتھ اللہ کے اور رسول اوسکے کے اگر ہوتا میں قتل کرنیوالا کسی ایلچی کو البتہ قتل کرتا میں تم دونوں کو کہا عبد اللہ نے کہ

فمضت السنة ان الرسول لا يقتل رواه احمد باب قسمة

جاری ہوئی سنت یہ کہ ایلچی نہ مارا جاوے روایت کی یہ احمد نے۔ باب ہے بیچ بیان تقسیم کرنے

الغنائم والغلول فيها الفصل الاول عن ابي هريرة

غنیمتوں کے اور خیانت کرنے کے مال غنیمت میں۔ فصل پہلی روایت ہے ابی ہریرہ سے

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال فلم تحل الغنائم لاحد من قبلنا

روایت کی پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا پس نہیں حلال تھی غنیمت واسطے کسیکے پہلے ہمسے

ذلك بان الله راى ضعفنا وعجزنا فطيبها لنا متفق عليه وعن

یہ بسبب اسکے کہ اللہ تعالے نے دیکھا ضعیف ہونا ہمارا اور عاجز ہونا ہمارا پس حلال کیا اوس غنیمت کو واسطے ہمارے متفق علیہ اور روایت ہے

ابي قتادة قال خرجنا مع النبي صلى الله عليه وسلم عام حنين فلما التقينا

ابی قتادہ سے کہ کہا نکلے ہم ساتھ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے سال غزوہ حنین کے پس جبکہ ملے ہم کفار سے

كانت للمسلمين جولة فرايت رجلا من المشركين قد علا رجلا

ہوئی مسلمانوں کو صورت شکست کی پس دیکھا میں نے ایک شخص کو مشرکین میں سے کہ تحقیق غالب ہوا ایک شخص پر

من المسلمين فضربته من ورائه على حبل عاتقه بالسيف فقطعت

مسلمانوں میں سے پس مارا میں نے اوسکو پیچھے اوسکے سے اوپر رگ گردن اوسکے کے ساتھ تلوار کے پس کاٹ دی میں نے

الدرع واقبل علي فضمني ضمة وجدت منها ريح الموت ثم ادركه

زرہ اور متوجہ ہوا وہ مشرک میری طرف پس بھینچا مجکو بھینچنا کہ پائی میں نے اوس سے بو موت کی پھر پایا اوسکو

الموت فارسلني فلحقت عمر بن الخطاب فقلت ما بال الناس فقال امر الله

موت نے پس چھوڑ دیا مجکو پھر ملا مین عمر بن الخطاب سے پس کہا مینے کیا حال ہے لوگونکا پس کہا حکم ہے اللہ کا

ثم رجعوا وجلس النبي صلى الله عليه وسلم فقال من قتل قتيلا له عليه بينة

پھر پھرے مسلمان اور بیٹھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم پس فرمایا جو شخص قتل کرے کسیکو واسطے اوسکی ہو قتل کرنے پر شاہد

فله سلبه فقلت من يشهد لي ثم جلست فقال النبي صلى الله عليه وسلم مثله

پس واسطے اوسکی ہے اسباب اوسکا پس کہا مینے کون شخص گواہی دیگا واسطے میری پھر بیٹھا مین پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے مانند اس قول

فقلت من يشهد لي ثم جلست ثم قال النبي صلى الله عليه وسلم مثله فقمت

پس کہا مینے کون گواہی دیگا واسطے میری پھر بیٹھ گیا مین پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے مانند اس کے پس کھڑا ہوا مین

فقال ما لك يا ابا قتادة فاخبرته فقال رجل صدق وسلبه عندي

پس فرمایا حضرت نے کیا ہے واسطے تیرے اے ابو قتادہ پس خبر دی مینے حضرت کو پس کہا ایک شخص نے سچ کہتا ہے ابو قتادہ اور اسباب اوس مشرک کا

فارضه مني فقال ابو بكر لاها الله اذا لا يعمد الى اسد من اسد الله

پس راضی کر دو اوسکو مجھ سے پس کہا ابو بکر نے نہ یون چاہیے قسم خدا کی اسوقت نہ قصد کرینگے حضرت طرف شیر کے شیرون خدا کے سے

يقاتل عن الله ورسوله فيعطيك سلبه فقال النبي صلى الله عليه وسلم صدق

لڑتا ہے اللہ اور رسول کے خوشی کے لیے پھر دیوین تجکو اسباب اوسکا پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اوس شخص کو سچ کہا ابو بکر نے

فاعطه فاعطانيه فابتعت به مخرفا في بني سلمة فانه لاول مال

پس دے ابو قتادہ کو اسباب اوس مشرک کا پس دیا اوس شخص نے مجکو اسباب اوسکا پس خرید کیا مینے ساتھ اوسکے ایک باغ بیچ قبیلہ بنی سلمہ کے پس تحقیق وہ ہے

تأثلته في الاسلام متفق عليه وعن ابن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم

جمع کیا مینے اوسکو اسلام مین متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے یہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

اسهم للرجل ولفرسه ثلثة اسهم سهما له وسهمين لفرسه متفق عليه

حصے دیئے واسطے آدمی کے اور واسطے گھوڑی اوسکی تین حصے ایک حصہ اوسکا اور دو حصے گھوڑی اوسکے روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے

وعن يزيد بن هرمز قال كتب نجدة الحروري الى ابن عباس يسأله

اور روایت ہے یزید بن ہرمز سے کہ کہا لکھا نجدہ حروری نے طرف ابن عباس کے درحالیکہ پوچھتا تھا

عن العبد والمرأة يحضران المغنم هل يقسم لهما فقال ليزيد اكتب

حال غلام اور عورت کا سے کہ حاضر ہوں غنیمت مین آیا تقسیم کیا جاوے واسطے اون دونوں کے پس کہا ابن عباس نے یزید کو یہ کہ لکھ

اِلَيْهِ اَنَّهُ لَيْسَ لَهُمَا سَهْمٌ اِلَّا اَنْ يُحْذَيَا وَفِيْ رِوَايَةٍ كَتَبَ اِلَيْهِ ابْنُ عَبَّاسٍ

طرف نجدہ کی یہ کہ نہیں واسطے ان دونوں کے حصہ معین مگر یہ کہ دیئے جاویں کچھ اور بیچ ایک روایت کے ہے کہ لکھا طرف اوسکے ابن عباس نے

اِنَّكَ كَتَبْتَ تَسْاَلُنِيْ هَلْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْزُوْ بِالنِّسَاءِ وَهَلْ

تحقیق تو نے لکھا تھا درحالیکہ پوچھتا تھا مجھ سے کیا تھے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم جہاد کرتے ساتھ عورتوں کے اور کیا

كَانَ يَضْرِبُ لَهُنَّ بِسَهْمٍ فَقَدْ كَانَ يَغْزُوْ بِهِنَّ يُدَاوِيْنَ الْمَرْضٰى وَيُحْذَيْنَ

تھے مقرر کرتے واسطے اونکے حصہ پس تحقیق تھے حضرت جہاد کرتے ساتھ اونکے کہ دوا کرتین بیماروں کی اور دی جاتین کچھ

مِنَ الْغَنِيْمَةِ وَاَمَّا السَّهْمُ فَلَمْ يُضْرَبْ لَهُنَّ بِسَهْمٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ

غنیمت میں سے ولیکن حصہ نہیں مقرر کیا گیا واسطے اونکے روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے

سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِظَهْرِهِ مَعَ رَبَاحٍ غُلَامِ

سلمہ بن الاکوع سے کہ کہا بھیجے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اونٹ سواری اپنی کے ساتھ رباح کے کہ غلام

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا مَعَهُ فَلَمَّا اَصْبَحْنَا اِذَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ الْفَزَارِيُّ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا تھا اور میں تھا ساتھ رباح کے پس جبکہ صبح کی ہم نے ناگہاں عبد الرحمان فزاری نے

قَدْ اَغَارَ عَلٰى ظَهْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُمْتُ عَلٰى اَكَمَةٍ فَاسْتَقْبَلْتُ الْمَدِيْنَةَ

لوٹا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اونٹوں کو پس کھڑا ہوا میں اوپر ایک ٹیلہ کے اور سامنے کیا میں نے منہ طرف مدینہ کے

فَنَادَيْتُ ثَلٰثًا يَا صَبَاحَاهُ ثُمَّ خَرَجْتُ فِيْ اٰثَارِ الْقَوْمِ اَرْمِيْهِمْ بِالنَّبْلِ وَاَرْتَجِزُ

اور پکارا میں نے تین بار یا صباحاہ پھر نکلا میں بیچ پیچھے اوس قوم کے اور مارتا تھا اونکو ساتھ تیر کے اور رجز پڑھتا تھا میں

اَقُوْلُ اَنَا ابْنُ الْاَكْوَعِ وَالْيَوْمُ يَوْمُ الرُّضَّعِ فَمَا زِلْتُ اَرْمِيْهِمْ وَاَعْقِرُ بِهِمْ

کہتا تھا میں ہوں بیٹا اکوع کا اور آج کا دن دن ہے ہلاک ہونے بزدلوں کا پس ہمیشہ رہا میں پھینکتا تیر اونکو اور زخمی کرتا اونکو

حَتّٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ بَعِيْرٍ مِّنْ ظَهْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا خَلَّفْتُهُ

یہاں تک کہ نہیں پیدا کیا اللہ نے کوئی اونٹ اونٹوں پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے سے مگر کہ ڈالا میں نے اوسکو

وَرَاءَ ظَهْرِيْ ثُمَّ اتَّبَعْتُهُمْ اَرْمِيْهِمْ حَتّٰى اَلْقَوْا اَكْثَرَ مِنْ ثَلٰثِيْنَ بُرْدَةً

پس پشت اپنی کے پھر پیچھے لگا میں اونکے درحالیکہ تیر مارتا تھا اونکو یہاں تک کہ ڈالدیں انہوں نے زیادہ تیس سے چادریں

وَثَلٰثِيْنَ رُمْحًا يَسْتَخِفُّوْنَ وَلَا يَطْرَحُوْنَ شَيْئًا اِلَّا جَعَلْتُ عَلَيْهِ اٰرَامًا مِّنَ

اور تیس نیزے ہلکے ہوتے تھے اور نہیں ڈالتے تھے وہ کسی چیز کو مگر کہ رکھتا تھا میں اوسپر

نشانی

الحجارة يعرفها رسول الله صلى الله عليه وسلم واصحابه حتى رأيت فوارس رسول

پتھر کی تاکہ پہچان لیں اوسکو پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور یار اون کے یہانتک کہ دیکھا مینے سوارون پیغمبر

الله صلى الله عليه وسلم ولحق ابو قتادة فارس رسول الله صلى الله عليه وسلم بعبد الرحمن

خدا صلے اللہ علیہ وسلم کیطرف اور ملے ابو قتادہ کہ انکو سوار پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا کہتے تھے ساتھ عبد الرحمن کے

فقتله قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خير فرساننا اليوم ابو قتادة وخير

پس قتل کیا ابو قتادہ نے عبد الرحمن کو فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بہترین سوارون ہمارے کا آجکے دن ابو قتادہ ہے اور بہترین

رجالتنا سلمة قال ثم اعطاني رسول الله صلى الله عليه وسلم سهمين سهم

پیادون ہمارے کا سلمہ بن اکوع ہے کہا سلمہ نے پھر دیئے مجکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دو حصے ایک حصہ

الفارس وسهم الراجل فجمعهما لي جميعا ثم اردفني رسول الله صلى الله عليه

سوار کا اور ایک حصہ پیادے کا پس جمع کیا دونون حصونکو واسطے میرے اکٹھا پھر بٹھا لیا مجکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

وراءه على العضباء راجعين الى المدينة رواه مسلم وعن ابن عمر

پیچھے اپنے اونٹنی پر کہ نام اوسکا عضباء تھا درحالیکہ پھرنیوالے تھے طرف مدینہ کے روایت کیا اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے ابن عمر سے

ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان ينفل بعض من يبعث من السرايا لانفسهم

یہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم تھے حصہ زائد دیتے بعض اون شخصونکو کہ بھیجتے تھے لشکرون مین سے واسطے نفسون انکے

خاصة سوى قسمة عامة الجيش متفق عليه وعنه قال نفلنا

خاص سوائے تقسیم کرنے عام لشکر کے متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا زیادہ دیا ہمکو

رسول الله صلى الله عليه وسلم نفلا سوى نصيبنا من الخمس فاصابني شارف

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے حصہ سوائے حصہ ہمارے کے سے خمس مین سے پس پہونچی مجکو ایک شارف

والشارف المسن الكبير متفق عليه وعنه قال ذهبت فرس له

اور شارف کہتے ہین اونٹنی بوڑھی بڑی کو متفق علیہ۔ اور روایت ہے اونہین سے کہ کہا بھاگ گیا گھوڑا اونکا

فاخذها العدو فظهر عليهم المسلمون فرد عليه في زمن رسول

پس پکڑا اوسکو دشمنون نے پھر غالب ہوئے کافرون پر مسلمان پس پھیر دیا گیا وہ گھوڑا ابن عمر کو بیچ زمانے رسول

الله صلى الله عليه وسلم وفي رواية ابق عبد له فلحق بالروم فظهر عليهم المسلمون

خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور ایک روایت مین ہے کہ بھاگ گیا غلام عبد اللہ کا اور جا ملا روم مین پس غالب آئے اوپر مسلمان

فَرَدَّ عَلَيْهِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ بَعْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ
پس پھیر دیا عبد اللہ پر خالد بیٹے ولید کے نے اور یہ بعد زمانہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے تھا روایت کی یہ بخاری نے ۔ اور روایت ہے

جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ مَشَيْتُ أَنَا وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
جبیر بن مطعم سے کہ کہا چلا میں اور عثمان بن عفان طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے

فَقُلْنَا أَعْطَيْتَ بَنِي الْمُطَّلِبِ مِنْ خُمُسِ خَيْبَرَ وَتَرَكْتَنَا وَنَحْنُ بِمَنْزِلَةٍ وَاحِدَةٍ
پس کہا ہمنے کہ دیا آپنے بنی مطلب کو خمس خیبر میں سے اور چھوڑ دیا ہمکو اور ہم سب ایک مرتبہ میں ہیں

مِنْكَ فَقَالَ إِنَّمَا بَنُوْ هَاشِمٍ وَبَنُو الْمُطَّلِبِ شَيْءٌ وَاحِدٌ قَالَ جُبَيْرٌ وَلَمْ يَقْسِمِ
بہ نسبت آپکے پس فرمایا سوا اسکے نہیں کہ بنو ہاشم اور بنو مطلب ایک ہیں کہا جبیر نے اور نہیں تقسیم کیا

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِبَنِيْ عَبْدِ شَمْسٍ وَبَنِيْ نَوْفَلٍ شَيْئًا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ
نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے بنی عبد شمس اور بنی نوفل کے کچھ روایت کی یہ بخاری نے ۔ اور روایت ہے

أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّمَا قَرْيَةٍ أَتَيْتُمُوْهَا وَأَقَمْتُمْ فِيْهَا
ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو بستی کہ جاؤ تم اوس میں اور ٹھیرو بیچ اوسکے

فَسَهْمُكُمْ فِيْهَا وَأَيُّمَا قَرْيَةٍ عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ فَإِنَّ خُمُسَهَا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهِ
پس حصہ تمہارا بیچ اوسکے ہے اور جس بستی نے کہ نافرمانی کی اللہ اور رسول اوسکے کی پس تحقیق پانچواں حصہ اوسکا واسطے اللہ اور رسول کے ہے

ثُمَّ هِيَ لَكُمْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ خَوْلَةَ الْأَنْصَارِيَّةِ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ
پھر وہ واسطے تمہارے ہے روایت کی یہ مسلم نے ۔ اور روایت ہے خولہ انصاریہ سے کہ کہا سنا میں نے پیغمبر

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِنَّ رِجَالًا يَتَخَوَّضُوْنَ فِيْ مَالِ اللّٰهِ بِغَيْرِ حَقٍّ فَلَهُمُ
خدا رحمت ہو اللہ کی اوپر اور سلام کو فرماتے تحقیق بعضے اشخاص تصرف کرتے ہیں بیچ مال خدا کے ناحق ہے پس واسطے اونکے

النَّارُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَامَ فِيْنَا
آگ ہے دن قیامت کے روایت کی یہ بخاری نے ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ رض سے کہ کہا خطبہ فرمایا درمیان ہمارے

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ فَذَكَرَ الْغُلُوْلَ فَعَظَّمَهُ وَعَظَّمَ أَمْرَهُ
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک روز پس ذکر کیا خیانت کرنے کا غنیمت میں پس بڑا گناہ بتلایا اوسکا

ثُمَّ قَالَ لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ يَجِيْءُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى رَقَبَتِهِ بَعِيْرٌ لَهُ رُغَاءٌ
پھر فرمایا کہ نہ پاؤں میں ایک تمہارے کو اس حال میں کہ آوے دن قیامت کے اس حال میں کہ ہو اوسکی گردن پر اونٹ بلبلاتا

يقول يا رسول الله اغثني فاقول لا املك لك شيئا قد ابلغتك لا الفين

کہیگا وہ شخص اے رسول خدا کے فریاد رسی کر میری پس کہونگا مین نہین مالک ہون مین واسطے تیرے کسی چیز کا تحقیق پہنچا دی مین تجھکو شریعت

احدكم يجيء يوم القيامة على رقبته فرس له حمحمة فيقول يا رسول

نہ پاؤن مین کسیکو کہ آوے دن قیامت کے اسحال سے کہ اوسکی گردن پر گھوڑا ہو ہنہناتا پس کہیگا اے رسول

الله اغثني فاقول لا املك لك شيئا قد ابلغتك لا الفين احدكم

خدا کے فریاد رسی کر میری پس کہونگا مین نہین مالک ہون مین واسطے تیرے کسی چیز کا تحقیق پہنچا دی مین تجھکو شریعت نہ پاؤن مین کسیکو تم مین کہ

يجيء يوم القيامة على رقبته شاة لها ثغاء يقول يا رسول الله اغثني

آوے دن قیامت کے اوسکی گردن پر ہو بکری میمین کرتی کہے یا رسول اللہ فریاد رسی کر میری

فاقول لا املك لك شيئا قد ابلغتك لا الفين احدكم يجيء يوم

پس کہونگا مین نہین مالک ہون مین واسطے تیرے کسی چیز کا تحقیق پہنچا دی مین تجھکو شریعت نہ پاؤن مین ایک تمہار یکو کہ آوے دن

القيمة على رقبته نفس لها صياح فيقول يا رسول الله اغثني فاقول

قیامت کے اسحال مین کہ اوسکی گردن پر ہو کوئی شخص کہ چلاتا ہو واسطے اوسکے ہو آواز پس کہے یا رسول اللہ فریاد رسی کر میری پس کہونگا مین

لا املك لك شيئا قد ابلغتك لا الفين احدكم يجيء يوم القيامة

نہین مالک ہون مین واسطے تیرے کسی چیز کا تحقیق پہنچا دی مین تجھکو شریعت نہ پاؤن مین کسیکو تم مین سے کہ آوے دن قیامت کے

على رقبته رقاع تخفق فيقول يا رسول الله اغثني فاقول لا املك

اسحالت سے کہ اوسکی گردن پر کپڑے ہلتے ہون پس کہے یا رسول اللہ فریاد رسی کر میری پس کہونگا مین نہین مالک ہون مین

لك شيئا قد ابلغتك لا الفين احدكم يجيء يوم القيامة على رقبته

واسطے تیرے کسی چیز کا تحقیق پہنچا چکا مین تجھکو نہ پاؤن مین ایک تمہارے کو کہ آوے دن قیامت کے اوسکی گردن پر ہو

صامت فيقول يا رسول الله اغثني فاقول لا املك لك شيئا قد

سونا چاندی پس کہے یا رسول اللہ فریاد رسی کر میری پس کہونگا مین نہین مالک ہون مین واسطے تیرے کسی چیز کا تحقیق

ابلغتك متفق عليه وهذا لفظ مسلم وهو اتم وعنه قال

کہ پہنچا چکا مین تجھکو نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے اور یہ لفظ مسلم کے ہین اور یہ لفظ پوری ہین۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ رض سے کہ کہا

اهدى رجل لرسول الله صلى الله عليه وسلم غلاما يقال له مدعم فبينما

تحفہ بھیجا کسی شخص نے واسطے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک غلام کہ کہا جاتا تہا اوسکو مدعم پس اتنے مین

اگر چور اوسکے وارث مال کو پہچانے اگر تائب ہو اور پہر اس مال کا پہنچانا ہر ایک حق والے کو ممکن نہو تو اسمین علماء کا اختلاف ہے شافعی اور ایک طائفہ کے نزدیک وہ مال امام یا حاکم کے سپرد کردے اور ابن مسعود اور ابن عباس اور معاویہ اور حسن اور زہری اور اوزاعی اور لیث اور مالک اور ثوری اور احمد اور جمہور

۱ بمقصد ... کو چھوڑ دین اور دلیل انکی حدیث ہے عبد اللہ بن عمر کی جمہور نے کہا کہ وہ حدیث ضعیف ہے حجت لینے کے لائق نہین ہے ۱۲

مِدْعَمٌ يَحُطُّ رَحْلًا لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَصَابَهُ سَهْمٌ عَائِرٌ فَقَتَلَهُ فَقَالَ

مدعم اتارتا تھا کجاوہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا ناگہاں پہنچا اوسکو تیر بے نشان پس قتل کیا اوس تیر نے مدعم کو

النَّاسُ هَنِيئًا لَهُ الْجَنَّةُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلَّا وَالَّذِي نَفْسِي

لوگون نے مبارک ہو واسطے مدعم کے بہشت پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یون نہین قسم ہے اوس ذات کی کہ جان میری

بِيَدِهِ إِنَّ الشَّمْلَةَ الَّتِي أَخَذَهَا يَوْمَ خَيْبَرَ مِنَ الْغَنَائِمِ لَمْ تُصِبْهَا الْمَقَاسِمُ

اوسکے ہاتھ مین ہے تحقیق وہ چادر کہ لی تھی مدعم نے دن خیبر کے غنیمت مین سے کہ نہ پہونچی تھی اوس چادر کو تقسیم

لَتَشْتَعِلُ عَلَيْهِ نَارًا فَلَمَّا سَمِعَ ذٰلِكَ النَّاسُ جَاءَ رَجُلٌ بِشِرَاكٍ أَوْ شِرَاكَيْنِ

البتہ شعلہ مارتی ہے وہ چادر مدعم پر آگ ہو کر پس جبکہ سنا یہ لوگون نے لایا ایک شخص تسمہ یا دو تسمے

إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ شِرَاكٌ مِنْ نَارٍ أَوْ شِرَاكَانِ مِنْ نَارٍ مُتَّفَقٌ

پاس پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس فرمایا کہ یہ ایک تسمہ یا دو تسمے بچتے آگ سے متفق

عَلَيْهِ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ كَانَ عَلَى ثَقَلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ

علیہ۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہ کہا تھا داروغہ اوپر اسباب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک شخص کہ

يُقَالُ لَهُ كَرْكَرَةُ فَمَاتَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ فِي النَّارِ فَذَهَبُوا

کہا جاتا تھا اوسکو کرکرہ پس مر گیا وہ پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ وہ بیچ دوزخ کے ہے پس شروع کیا لوگوں نے

يَنْظُرُونَ فَوَجَدُوا عَبَاءَةً قَدْ غَلَّهَا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ

دیکھنا پس پائی ایک کملی کہ تحقیق خیانت کیا تھا اوسکو غنیمت مین سے روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے ابن عمر سے

قَالَ كُنَّا نُصِيبُ فِي مَغَازِينَا الْعَسَلَ وَالْعِنَبَ فَنَأْكُلُهُ وَلَا نَرْفَعُهُ رَوَاهُ

کہا تھے ہم پہونچتے بیچ غزوہ و لڑائیوں کے شہد اور انگور کو پس کہاتے ہم اوسکو اور نہ اوٹھاتے اوسکو نقل کی یہ

الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ أَصَبْتُ جِرَابًا مِنْ شَحْمٍ يَوْمَ خَيْبَرَ

بخاری نے۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن مغفل سے کہ کہا پہونچا مین ایک تھیلی کو کہ بھری ہوئی تھی چربی سے دن خیبر کے

فَالْتَزَمْتُهُ فَقُلْتُ لَا أُعْطِي الْيَوْمَ أَحَدًا مِنْ هٰذَا شَيْئًا فَالْتَفَتُّ فَإِذَا

پس اوٹھا لیا مینے اوسکو اور چمٹایا اپنے سے اور کہا مینے نہ دونگا آج کے دن کسیکو اسمین سے کچھ پس پھر کر دیکھا مینے پس ناگہان

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَبَسَّمُ إِلَيَّ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَذُكِرَ حَدِيثُ أَبِي هُرَيْرَةَ

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کہ تبسم فرماتے تھے طرف میری نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے اور ذکر کی گئی حدیث ابی ہریرہ کی

ما أعطيكم في باب رزق الولاة الفصل الثاني عن أبي أمامة

ما اعطیکم بیچ باب رزق ولاۃ کے - فصل دوسری - روایت ہے ابی امامہ سے کہ

عن النبي صلى الله عليه وسلم قال إن الله فضلني على الأنبياء أو قال فضل

نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا تحقیق اللہ تعالی نے بزرگی دی مجھکو انبیاء پر یا فرمایا بزرگی دی

أمتي على الأمم وأحل لنا الغنائم رواه الترمذي وعن أنس قال

امت میری کو اور امتوں پر اور حلال کیں ہمارے لیے غنیمتیں روایت کی یہ ترمذی نے - اور روایت ہے انس سے کہ کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يومئذ يعني يوم حنين من قتل كافرا فله

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اسدن یعنے دن حنین کے جو شخص کہ مارے کسی کافر کو پس اسکے لیے ہے

سلبه فقتل أبو طلحة يومئذ عشرين رجلا وأخذ أسلابهم

اسباب اوسکا پس قتل کیا ابوطلحہ نے اوسدن بیس شخصوں کو اور لئے اسباب اون کے

رواه الدارمي وعن عوف بن مالك الأشجعي وخالد بن الوليد

روایت کی یہ دارمی نے - اور روایت ہے عوف بن مالک اشجعی اور خالد بن ولید سے

أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قضى في السلب للقاتل ولم يخمس السلب

یہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا بیچ اسباب مقتول کے وہ قاتل کے لیے ہے اور نہ خمس نکالا اوس اسباب میں سے

رواه أبو داود وعن عبد الله بن مسعود قال نفلني رسول الله

روایت کی یہ ابوداؤد نے - اور روایت ہے عبداللہ بن مسعود سے کہ کہا حصہ سے زیادہ دی مجھکو رسول خدا

صلى الله عليه وسلم يوم بدر سيف أبي جهل وكان قتله رواه أبو داود

صلے اللہ علیہ وسلم نے دن بدر کے تلوار ابوجہل کی اور تھے ابن مسعود کہ قتل کیا تھا ابوجہل کو نقل کی یہ ابوداؤد نے

وعن عمير مولى أبي اللحم قال شهدت خيبر مع ساداتي فكلموا

اور روایت ہے عمیر غلام ابی اللحم کے سے کہ کہا حاضر ہوا میں غزوہ خیبر میں ساتھ مالکوں اپنے کے پس کلام کیا مالکوں نے

في رسول الله صلى الله عليه وسلم وكلموه أني مملوك فأمر لي فقلدت

میری مقدمہ میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے اور کلام کیا اونھوں نے حضرت سے یہ کہ میں مملوک ہوں پس حکم کیا مجھکو پس پہنایا گیا میں

سيفا فإذا أنا أجره فأمر لي بشيء من خرثي المتاع وعرضت عليه

تلوار پس میں گمان میں سے کہینچتا تھا اوسکو پس حکم کیا آنحضرت نے میرے لیے ساتھ تھوڑی سی چیز کے خانگی اسباب سے اور بیان کیا میں نے حضرت پر

رُقْيَةٌ كُنْتُ أَرْقِي بِهَا الْمَجَانِينَ فَأَمَرَنِي بِطَرْحِ بَعْضِهَا وَحَبْسِ بَعْضِهَا

ایک منتر کرتا میں پڑھتا اوسکو دیوانوں پر پس حکم کیا مجکو ساتھ موقوف کرنے بعضے منتر کے اور رہنے دینے بعضے منتر کے

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ إِلَّا أَنَّ رِوَايَتَهُ انْتَهَتْ عِنْدَ قَوْلِهِ الْمَتَاعِ

روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے مگر تحقیق روایت ابوداؤد کی تمام ہوئی نزدیک المتاع کے۔

وَعَنْ مُجَمِّعِ بْنِ جَارِيَةَ قَالَ قُسِمَتْ خَيْبَرُ عَلَى أَهْلِ الْحُدَيْبِيَةِ فَقَسَمَهَا

اور روایت ہے مجمع بن جاریہ سے کہ کہا بانٹی گئی خیبر اوپر اہل حدیبیہ کے پس تقسیم فرمایا اسکو

رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ سَهْمًا وَكَانَ الْجَيْشُ أَلْفًا وَخَمْسَ مِائَةٍ

پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اٹھارہ حصہ اور تھا لشکر ایک ہزار اور پانسو مرد کا

فِيهِمْ ثَلَاثُمِائَةِ فَارِسٍ فَأَعْطَى الْفَارِسَ سَهْمَيْنِ وَالرَّاجِلَ سَهْمًا رَوَاهُ

اونمیں تین سو سوار تھے پس دیئے سوار کو دو حصے اور پیادہ کو ایک حصہ روایت کی یہ

أَبُو دَاوُدَ وَقَالَ حَدِيثُ ابْنِ عُمَرَ أَصَحُّ وَالْعَمَلُ عَلَيْهِ وَأَتَى الْوَهْمُ فِي

ابوداؤد نے اور کہا حدیث ابن عمر کی صحیح تر ہے اور عمل اکثر ائمہ کا اوسپر ہے اور واقع ہوا وہم بیچ

حَدِيثِ مُجَمِّعٍ أَنَّهُ قَالَ ثَلَاثُمِائَةِ فَارِسٍ وَإِنَّمَا كَانُوا مِائَتَيْ فَارِسٍ وَعَنْ

حدیث مجمع کے کہ اوسنے کہا تین سو سوار تھے اور نہ تھے وہ مگر دو سو سوار۔ اور روایت ہے

حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ الْفِهْرِيِّ قَالَ شَهِدْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَّلَ

حبیب بن مسلمہ فہری سے کہ کہا حاضر ہوا میں پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس حصہ زیادہ دیا

الرُّبُعَ فِي الْبَدْأَةِ وَالثُّلُثَ فِي الرَّجْعَةِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْهُ أَنَّ

چوتہائی بیچ ابتداء جہاد کے اور تہائی بیچ وقت پھرنے کے جہاد سے روایت کی یہ ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے حبیب سے یہ کہ

رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُنَفِّلُ الرُّبُعَ بَعْدَ الْخُمُسِ وَالثُّلُثَ بَعْدَ الْخُمُسِ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم تھے حصے زیادہ دیتے چوتہائی پیچھے خمس نکالنے کے اور تہائی پیچھے خمس نکالنے کے

إِذَا قَفَلَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ أَبِي الْجُوَيْرِيَةِ الْجَرْمِيِّ قَالَ أَصَبْتُ بِأَرْضِ

جسوقت کہ پھرتے جہاد سے روایت کی یہ ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے ابی الجویریہ جرمی سے کہ کہا پائی میں نے زمین

الرُّومِ جَرَّةً حَمْرَاءَ فِيهَا دَنَانِيرُ فِي إِمْرَةِ مُعَاوِيَةَ وَعَلَيْنَا رَجُلٌ مِنْ

روم میں ایک ٹھلیا سرخ کہ اوسمیں دینارین تھیں بیچ زمانے خلافت معاویہ کے اور تھا ہمپر حاکم ایک شخص

أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم من بني سليم يقال له معن بن يزيد فأتيته

صحابیوں پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے سے بنی سلیم سے کہا جاتا تھا اوسکو معن بن یزید پس آیا مین اوسکے پاس

بها فقسمها بين المسلمين وأعطاني منها مثل ما أعطى رجلا منهم ثم

ساتھ اونکے پس بانٹا اوسنے اون دیناروں کو درمیان مسلمانوں کے اور دیا مجھکو اوسمین سے مانند اوس چیز کے کہ دیا ایک شخص کو اونمین سے پھر

قال لولا أني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لا نفل إلا بعد الخمس

کہا اگر نہ سنا ہوتا مینے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے نہین حصہ زیادہ دینا مگر پیچھے خمس کے

لأعطيتك رواه أبو داود وعن أبي موسى الأشعري قال قدمنا

البتہ دیتا مین تجھکو روایت کی یہ ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے ابی موسی اشعری سے کہ کہا آئے ہم

فوافقنا رسول الله صلى الله عليه وسلم حين افتتح خيبر فأسهم لنا أو قال فأعطانا

اور پایا ہمنے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو اوس وقت کہ فتح کیا خیبر کو پس حصہ دیا واسطے ہمارے یا کہا پس دیا ہمکو غنیمت خیبر

منها وما قسم لأحد غاب عن فتح خيبر منها شيئا إلا لمن شهد معه

مین سے اور نہین تقسیم کیا واسطے کسیکے کہ غائب تھا فتح خیبر سے اوسمین سے کچھ مگر واسطے اوس شخص کے کہ حاضر تھا ساتھ اوسکے

إلا أصحاب سفينتنا جعفرا وأصحابه أسهم لهم معهم رواه أبو داود

سے مگر ہماری کشتی والونکو جعفر کو اور یاروں اونکے حصے دیئے کشتی والونکو ساتھ اونکے کہ حاضر تھے روایت کی یہ ابو داؤد نے

وعن يزيد بن خالد أن رجلا من أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم توفي

اور روایت ہے یزید بن خالد سے یہ کہ ایک شخص صحاب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سے وفات کیا گیا

يوم خيبر فذكروا لرسول الله صلى الله عليه وسلم فقال صلوا على صاحبكم

دن فتح خیبر کے پس ذکر کی صحابہ نے واسطے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس فرمایا حضرت نے نماز پڑھو اپنے یار پر

فتغيرت وجوه الناس لذلك فقال إن صاحبكم غل في سبيل الله

سو پس متغیر ہوئے چہرے لوگون کے سبب اسکے پس فرمایا کہ تحقیق یار تمہارے نے خیانت کی بیچ راہ اللہ کے

ففتشنا متاعه فوجدنا خرزا من خرز يهود لا يساوي درهمين

پس تلاش کیا ہمنے اسباب اوسکا پس پایا ہمنے نگینے نگینے یہود کیسی کہ نہ برابر تھے دو درہموں کے

رواه مالك وأبو داود والنسائي وعن عبد الله بن عمرو قال كان

روایت کی یہ مالک اور ابو داؤد اور نسائی نے۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہ کہا تھا

رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اصاب غنيمة امر بلالا فنادى في الناس فيجيئون
رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جسوقت پہونچتے غنیمت کو حکم فرماتے بلال کو پس ندا کرتے بلال لوگوں میں پس لاتے لوگ

بغنائمهم فيخمسه ويقسمه فجاء رجل يوما بعد ذلك بزمام من شعر
غنیمتیں اپنی پس پانچواں حصہ اوسمیں سے نکالتے اور تقسیم کرتے اوسکو پس لایا ایک شخص ایک دن پیچھے اوسکے ایک مہار بالوں کی

فقال يا رسول الله هذا فيما كنا اصبناه من الغنيمة قال اسمعت بلالا
پس کہا اوسنے یا رسول اللہ یہ بیچ اوس چیز کے تھی کہ ہو پہونچے تھے ہم اوسکو غنیمت میں سے فرمایا کیا سنا تھا تونے بلال کو

نادى ثلثا قال نعم قال فما منعك ان تجيء به فاعتذر قال كن انت
پکارتے ہوئے تین بار کہا کہ ہاں پس فرمایا پس کس چیز نے منع کیا تجھکو اس سے کہ لاتا تو اوسکو پس عذر کیا اوسنے فرمایا ہو تو

تجيء به يوم القيمة فلن اقبله عنك رواه ابوداود وعن عمرو بن
لاوے گا تو اسکو دن قیامت کے پس ہرگز نہ قبول کرونگا میں اسکو تجھسے روایت کی یہ ابوداود نے - اور روایت ہے عمرو بن

شعيب عن ابيه عن جده ان رسول الله صلى الله عليه وسلم وابابكر وعمر
شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اور شعیب نے اپنے دادا سے یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکر نے اور عمر نے

حرقوا متاع الغال وضربوه رواه ابوداود وعن سمرة بن جندب
جلا دیا اسباب خیانت کرنیوالے کا غنیمت میں اور مارا اوسکو روایت کی یہ ابوداود نے - اور روایت ہے سمرہ بن جندب سے

قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من يكتم غالا فانه مثله
کہا تھے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے کہ جو شخص کہ چھپاوے خیانت کرنیوالے کو مال غنیمت میں پس تحقیق

رواه ابوداود وعن ابي سعيد قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن
روایت کی یہ ابوداود نے - اور روایت ہے ابی سعید سے کہ کہا منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

شرى المغانم حتى تقسم رواه الترمذي وعن ابي امامة عن
خرید کرنے غنیمتوں کے سے پہلے اس سے کہ تقسیم کیجاویں روایت کی یہ ترمذی نے - اور روایت ہے ابی امامہ سے کہ نقل کی

النبي صلى الله عليه وسلم نهى ان تباع السهام حتى تقسم رواه الدارمي و
پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ منع کیا یہ کہ بیچے جاویں حصے یہاں تک کہ تقسیم کیے جاویں روایت کی یہ دارمی نے - اور

عن خولة بنت قيس قالت سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ان
روایت ہے خولہ بیٹی قیس کی سے کہ کہا سنا میںنے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تحقیق

هٰذَا الْمَالُ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ فَمَنْ اَصَابَهٗ بِحَقِّهٖ بُوْرِكَ لَهٗ فِيْهِ وَرُبَّ مُتَخَوِّضٍ

یہ مال سبز ہے شیریں ہے پس جو شخص پہونچے اوسکو ساتھ حق اوسکے برکت دیجاتی ہے واسطے اوسکے اوسمیں

فِيْمَا شَاءَتْ بِهٖ نَفْسُهٗ مِنْ مَّالِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لَيْسَ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِلَّا النَّارُ

بیچ اوس چیز کے کہ چاہے اوسکو نفس اوسکا مال سے اللہ کے اور رسول اوسکے سے نہیں واسطے اوسکے دن قیامت کے مگر آگ

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَنَفَّلَ سَيْفَهٗ

روایت کی یہ ترمذی نے - اور روایت ہے ابن عباس سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے نفل حصہ سے زیادہ تلوار اپنی

ذَا الْفَقَارِ يَوْمَ بَدْرٍ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَزَادَ التِّرْمِذِيُّ وَهُوَ الَّذِيْ رَاٰى

ذو الفقار دن بدر کے روایت کی یہ ابن ماجہ نے اور زیادہ کیا ترمذی نے اور وہ تلوار وہ ہے کہ دیکھا تھا حضرت نے

فِيْهِ الرُّؤْيَا يَوْمَ اُحُدٍ وَعَنْ رُوَيْفِعِ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

بیچ خواب بیچ اوسکے دن احد کے - اور روایت ہے رویفع بیٹے ثابت کے سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا يَرْكَبْ دَآبَّةً مِّنْ فَيْءِ الْمُسْلِمِيْنَ

جو شخص کہ ایمان رکھتا ہو ساتھ اللہ کے اور دن آخرت کے پس نہ سوار ہو کسی جانور پر غنیمت مسلمین میں سے

حَتّٰى اِذَا اَعْجَفَهَا رَدَّهَا فِيْهِ وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا

یہانتک کہ جسوقت دبلا کرے اوسکو پھیر دے اوسکو غنیمت میں اور جو شخص کہ ایمان رکھتا ہو ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے پس نہ

يَلْبَسْ ثَوْبًا مِّنْ فَيْءِ الْمُسْلِمِيْنَ حَتّٰى اِذَا اَخْلَقَهٗ رَدَّهٗ فِيْهِ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ

پہنے کپڑا غنیمت مسلمین سے یہانتک کہ جسوقت پرانا کرے اوسکو پھیر دے اوسکو غنیمت میں نقل کی ابو داؤد نے

وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الْمُجَالِدِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى قَالَ قُلْتُ هَلْ

اور روایت ہے محمد بن ابی المجالد سے کہ نقل کی عبد اللہ بن ابی اوفی سے کہ کہا میں نے کیا

كُنْتُمْ تُخَمِّسُوْنَ الطَّعَامَ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَصَبْنَا

تھے تم پانچواں حصہ نکالتے طعام کا بیچ زمانے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کہا پہونچے ہم

طَعَامًا يَوْمَ خَيْبَرَ وَكَانَ الرَّجُلُ يَجِيْءُ فَيَاْخُذُ مِنْهُ مِقْدَارَ مَا يَكْفِيْهِ ثُمَّ

طعام کو دن خیبر کے اور تھا ایک شخص آتا تھا پس لیتا طعام سے مقدار اوس چیز کے کہ کفایت کرتا اوسکو پھر

يَنْصَرِفُ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ جَيْشًا غَنِمُوْا فِيْ زَمَنِ رَسُوْلِ

پھر جاتا روایت کی یہ ابو داؤد نے - اور روایت ہے ابن عمر سے یہ کہ ایک لشکر غنیمت لایا بیچ زمانے رسول

پس نہ سوار ہو یعنے بلا ضرورت ١٢ پس نہ پہنے یعنے بلا ضرورت پس لیتا الخ مطلب یہ ہے کہ طعام سے خمس

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ طَعَامًا وَّعَسَلًا فَلَمْ یُؤْخَذْ مِنْہُمُ الْخُمُسُ رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے طعام اور شہد سے پس نہ لیا گیا اونسے پانچوان حصہ روایت کی یہ ابوداود نے

وَعَنِ الْقَاسِمِ مَوْلٰی عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ بَعْضِ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ

اور روایت ہے قاسم غلام عبد الرحمٰن کے سے کہ نقل کیا بعض صحاب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے سے کہ کہا کہ

کُنَّا نَاْکُلُ الْجَزُوْرَ فِی الْغَزْوِ وَلَا نَقْسِمُہٗ حَتّٰی اِذَا کُنَّا لَنَرْجِعُ اِلٰی رِحَالِنَا وَ

تھے ہم کہاتے اونٹ جہاد میں اور نہ تقسیم کرتے ہم اوسکو یہانتک کہ جسوقت ہوتے ہم البتہ پہر تے طرف ڈیرون کے

اَخْرِجَتُنَا مِنْہُ مَمْلُوَّۃٌ رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ عُبَادَۃَ بْنِ الصَّامِتِ اَنَّ

خرجیان ہماری اس سے بہری ہوئی تہین روایت کی یہ ابوداود نے۔ اور روایت ہے عبادہ بن صامت سے یہہ کہ

النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَقُوْلُ اَدُّوا الْخِیَاطَ وَالْمِخْیَطَ وَاِیَّاکُمْ وَالْغُلُوْلَ فَاِنَّہٗ

پیغمبر خدا صلعم تہے کہتے ادا کرو تاگا اور سوئی اور بچو تم خیانت کرنے سے اسلیے کہ تحقیق

عَارٌ عَلٰی اَہْلِہٖ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ رَوَاہُ الدَّارِمِیُّ وَرَوَاہُ النَّسَائِیُّ عَنْ عَمْرِو

خیانت کرنا عار ہوگا خیانت کرنیوالوں پر دن قیامت کے روایت کی یہ دارمی نے اور روایت کی نسائی نے عمرو

بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ

بن شعیب سے اونہون نے اپنے باپ سے اونہون نے اپنے دادا سے۔ اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ روایت کی اپنے باپ سے اونہون نے اپنے دادا سے

قَالَ دَنَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْ بَعِیْرٍ فَاَخَذَ وَبَرَۃً مِّنْ سَنَامِہٖ ثُمَّ قَالَ یٰۤاَیُّہَا

کہا نزدیک ہوئے پیغمبر خدا صلعم ایک اونٹ کے پس لی پشم اوسکی اوسکی کوہان مین سے پہر فرمایا اے

النَّاسُ اِنَّہٗ لَیْسَ لِیْ مِنْ ہٰذَا الْفَیْءِ شَیْءٌ وَّلَا ہٰذَا وَرَفَعَ اِصْبَعَہٗ اِلَّا

لوگو تحقیق شان یہ ہے کہ نہین واسطے میرے اس مال غنیمت مین سے کچہ اور نہ یہہ اور اوٹہائی اونگلی اپنی مگر

الْخُمُسَ وَالْخُمُسُ مَرْدُوْدٌ عَلَیْکُمْ فَاَدُّوا الْخِیَاطَ وَالْمِخْیَطَ فَقَامَ رَجُلٌ

خمس اور خمس بہی تو تمہین پر خرچ کیجاتی ہے پس ادا کرو تاگے اور سوئی کو پس کہڑا ہوا ایک شخص

فِیْ یَدِہٖ کُبَّۃٌ مِّنْ شَعَرٍ فَقَالَ اَخَذْتُ ہٰذِہٖ لِاُصْلِحَ بِہَا بَرْدَعَۃً فَقَالَ

اوسکے ہاتہ مین ایک ٹکڑا تہا بالونکی رسی کا پس کہا کہ لیا تہا مینے اوسکو تاکہ درست کرون ساتہ اوسکے جہل کو پس فرمایا

النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَمَّا مَا کَانَ لِیْ وَلِبَنِیْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَہُوَ لَکَ فَقَالَ اَمَّا

پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے لیکن جو چیز کہ ہو واسطے میرے اور واسطے اولاد عبد المطلب کے پس وہ واسطے تیرے ہے پس کہا اوس شخص نے

إذا بلغت ما أرى فلا أرب لي فيها ونبذها رواه أبو داود وعن عمرو بن

جب رقت کہ پہونچے یہ ستلی عمر کو کہ دیکھتا ہون مین پس نہین حاجت مجکو اوسمین اور پہینکدیا اوسرسی کو روایت کی یہ ابوداود نے — اور روایت ہے عمرو بن

عبسة قال صلى بنا رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى بعير من المغنم فلما سلم أخذ وبرة من جنب

عبسہ سے کہا نماز پڑہائی ہمکو رسول خدا صلعم نے طرف ایک اونٹ کے کہ تہا غنیمت مین کا پس جب کہ سلام پہیرا لی پشم پہلو

البعير ثم قال ولا يحل لي من غنائمكم مثل هذا إلا الخمس والخمس

اونٹ کے سے پہر فرمایا نہین حلال ہے واسطے میرے تمہاری غنیمتون مین سے مانند اسکے مگر پانچوان حصہ اور پانچوان حصہ بہی

مردود فيكم رواه أبو داود وعن جبير بن مطعم قال لما قسم رسول

خرچ کیا جاتا ہے پہیر جاتا ہی تمہاری کو روایت کی یہ ابوداود نے — اور روایت ہے جبیر بن مطعم سے کہا جب تقسیم کیا پیغمبر

الله صلى الله عليه وسلم سهم ذوي القربى بين بني هاشم وبني المطلب أتيته

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے حصہ ذوی القربی کا درمیان بنی ہاشم اور بنی المطلب کے حاضر ہوا مین

أنا وعثمان بن عفان فقلنا يا رسول الله هؤلاء إخواننا من بني هاشم

حضرت مین پاس اور عثمان بن عفان پس کہا ہمنے یا رسول اللہ یہ بہائی ہمارے بنی ہاشم مین سے

لا ننكر فضلهم لمكانك الذي وضعك الله منهم أرأيت إخواننا من

ہم نہین انکار کرتے ہم بزرگی اونکا بسبب ہونے آپکے کہ پیدا کیا آپکو اللہ نے بنی ہاشم مین سے خبر دیجیے ہمکو سبب اسکے سے کہ دیا بہائیون ہمارے کو

بني المطلب أعطيتهم وتركتنا وإنما قرابتنا وقرابتهم واحدة فقال

بنی مطلب ہین اور چہوڑا آپنے ہمکو اور سوا اسکے نہین کہ قرابت ہماری اور قرابت انکی ایک ہے پس فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم إنما بنو هاشم وبنو المطلب شيء واحد هكذا

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ سوا اسکے نہین کہ بنو ہاشم اور بنو مطلب ایک ہین اسطرح سے

وشبك بين أصابعه رواه الشافعي وفي رواية أبي داود والنسائي

اور داخل کین انگلیان ایک ہاتہ کے دوسرے ہاتہ کی انگلیون مین نقل کی یہ شافعی نے اور یہ روایت ابوداود اور نسائی کی

نحوه وفيه أنا وبنو المطلب لا نفترق في جاهلية ولا إسلام وإنما

مانند اسکی ہے اور اسمین یون ہے کہ مین اور بنی مطلب نہین جدا ہوتے جاہلیت مین اور اسلام مین اور سوا اسکے نہین

نحن وهم شيء واحد وشبك بين أصابعه الفصل الثالث

ہم اور وہ ایک چیز ہین اور داخل کین ایک کی انگلیان دوسرے ہاتہ کی انگلیون مین — فصل تیسری

ہاشم کی اولاد کو کہ انہین اور بنی ہاشم مین کبہی اتفاق نہین رہا اور یہ حدیث بخاری کی روایت سے فصل اول مین بہی گذری ۱۲

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ اِنِّيْ لَوَاقِفٌ فِي الصَّفِّ يَوْمَ بَدْرٍ

روایت ہے عبد الرحمن بیٹے عوف کے سے کہ کہا تحقیق میں البتہ کھڑا تھا صف جنگ میں دن بدر کے

فَنَظَرْتُ عَنْ يَمِيْنِيْ وَعَنْ شِمَالِيْ فَاِذَا اَنَا بِغُلَامَيْنِ مِنَ الْاَنْصَارِ حَدِيْثَةٍ

پس دیکھا میں نے داہنے اپنے اور بائیں اپنے پس ناگہان میں تھا درمیان دو لڑکوں انصار کے کہ نو

اَسْنَانُهُمَا فَتَمَنَّيْتُ اَنْ اَكُوْنَ بَيْنَ اَضْلَعَ مِنْهُمَا فَغَمَزَنِيْ اَحَدُهُمَا

عمر تھے ان کی پس آرزو کی میں نے یہ کہ ہوتا میں درمیان دو شخصوں قوی تر ان دونوں سے پس چھو کا مجھکو ایک نے ان میں سے

فَقَالَ اَيْ عَمِّ هَلْ تَعْرِفُ اَبَا جَهْلٍ قُلْتُ نَعَمْ فَمَا حَاجَتُكَ اِلَيْهِ يَا ابْنَ

اور کہا اے چچا میرے آیا پہچانتا ہے تو ابو جہل کو کہا میں نے کہ ہاں جانتا ہوں پس کیا ہے غرض تجکو طرف اوسکی اے بیٹے

اَخِيْ قَالَ اُخْبِرْتُ اَنَّهٗ يَسُبُّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ

بھائی میرے کہا خبر دیا گیا ہوں میں یہ کہ تحقیق وہ برا کہتا ہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو قسم ہے اوس ذات کی کہ جان میری

بِيَدِهٖ لَئِنْ رَاَيْتُهٗ لَا يُفَارِقُ سَوَادِيْ سَوَادَهٗ حَتّٰى يَمُوْتَ الْاَعْجَلُ مِنَّا

اوسکے ہاتھ میں ہے البتہ اگر دیکھوں میں اوسکو نہ جدا ہوگا تن میرا تن اوسکے سے یہاں تک کہ مرے بہت جلد باز ہم میں سے

قَالَ فَتَعَجَّبْتُ لِذٰلِكَ قَالَ وَغَمَزَنِي الْاٰخَرُ فَقَالَ لِيْ مِثْلَهَا فَلَمْ اَنْشَبْ

کہا عبد الرحمن نے پس تعجب کیا میں نے اس پر کہا عبد الرحمن نے اور چھوکا مجھکو دوسرے نے اور کہا اوس نے میرے مانند اوسکے پس نہ درنگ کی میں نے

اَنْ نَظَرْتُ اِلٰى اَبِيْ جَهْلٍ يَجُوْلُ فِي النَّاسِ فَقُلْتُ اَلَا تَرَيَانِ هٰذَا

کہ دیکھا میں نے طرف ابو جہل کے کہ پھرتا ہے لوگوں میں پس کہا میں نے ان دونوں لڑکوں کو کیا نہیں دیکھتے تم

صَاحِبُكُمَا الَّذِيْ تَسْاَلَانِيْ عَنْهُ قَالَ فَابْتَدَرَاهُ بِسَيْفَيْهِمَا فَضَرَبَاهُ

صاحب تمہارا ہے کہ پوچھتے تھے مجھسے حال اوسکا کہا عبد الرحمن نے پس جلدی کی دونوں لڑکوں نے طرف ابو جہل کے

حَتّٰى قَتَلَاهُ ثُمَّ انْصَرَفَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَاهُ فَقَالَ اَيُّكُمَا

یہاں تک کہ قتل کیا اوسکو پھر پھرے دونوں طرف پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور خبر دی آپکو پس فرمایا کون سے تم دونوں میں

قَتَلَهٗ فَقَالَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا اَنَا قَتَلْتُهٗ فَقَالَ هَلْ مَسَحْتُمَا سَيْفَيْكُمَا فَقَالَا

قتل کیا اوسکو پس کہا ہر ایک نے اُن دونوں میں سے کہ میں نے قتل کیا اوسکو پس فرمایا کیا پونچھ ڈالیں ہیں تمنے اپنی تلواریں پس کہا

لَا فَنَظَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى السَّيْفَيْنِ فَقَالَ كِلَاكُمَا قَتَلَهٗ وَقَضٰى

نہیں پس دیکھا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے طرف دونوں تلواروں کی پس فرمایا تم دونوں نے قتل کیا اوسکو اور حکم کیا

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَلَبِهِ لِمُعَاذِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوحِ وَالرَّجُلَانِ مُعَاذُ

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ اسباب ابوجہل کے واسطے معاذ بن عمرو بن جموح کے اور وہ دونوں شخص معاذ

ابْنُ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوحِ وَمُعَاذُ بْنُ عَفْرَاءَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ

بن عمرو بن جموح اور معاذ بن عفراء تھے متفق علیہ۔ اور روایت ہے انس سے کہ کہا فرمایا

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ مَنْ يَنْظُرُ لَنَا مَا صَنَعَ أَبُو جَهْلٍ فَانْطَلَقَ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دن بدر کے کون شخص ہے کہ دیکھے واسطے ہمارے کہ کیا کیا ابوجہل نے پس گئے

ابْنُ مَسْعُودٍ فَوَجَدَهُ قَدْ ضَرَبَهُ ابْنَا عَفْرَاءَ حَتّٰى بَرَدَ قَالَ فَأَخَذَ بِلِحْيَتِهِ

ابن مسعود پس پایا ابوجہل کو کہ مارا تھا اسکو دو بیٹوں عفراء نے یہانتک کہ ٹھنڈا ہوا کہا انس نے پس پکڑی ابن مسعود نے

فَقَالَ أَنْتَ أَبُو جَهْلٍ فَقَالَ وَهَلْ فَوْقَ رَجُلٍ قَتَلْتُمُوهُ وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ

اور کہا تو ابوجہل ہے پس کہا ابوجہل نے کیا کوئی زیادہ ہے اوس شخص سے کہ قتل کیا تمنے اوسکو اور ایک روایت میں ہے کہ کہا

فَلَوْ غَيْرُ أَكَّارٍ قَتَلَنِي مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ قَالَ أَعْطٰى

اگر غیر زمیندار مارتے مجکو تو بہت بہتر ہوتا متفق علیہ۔ اور روایت ہے سعد بن ابی وقاص سے کہ کہا دیا

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَهْطًا وَأَنَا جَالِسٌ فَتَرَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک جماعت کو اسحال میں کہ میں بیٹھا ہوا تھا پس چھوڑا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

مِنْهُمْ رَجُلًا هُوَ أَعْجَبُهُمْ إِلَيَّ فَقُمْتُ فَقُلْتُ مَا لَكَ عَنْ فُلَانٍ وَاللّٰهِ

ایک شخص کو کہ وہ بہتر تھا اونمیں طرف میری پس کھڑا ہوا میں اور کہا مینے کیا ہے واسطے فلانے کے قسم ہے خدا کی

إِنِّي لَأَرَاهُ مُؤْمِنًا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْ مُسْلِمًا ذَكَرَ ذٰلِكَ

تحقیق میں گمان کرتا ہوں اوسکو مومن پس فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بلکہ تو کہہ جانتا ہو میں اوسکو مسلمان کہا

سَعْدٌ ثَلَاثًا وَأَجَابَهُ بِمِثْلِ ذٰلِكَ ثُمَّ قَالَ إِنِّي لَأُعْطِي الرَّجُلَ وَغَيْرُهُ

سعد نے اس کلام کو تین بار اور جواب دیا حضرت نے اوسکو ساتھ مانند کلام اول کے پھر فرمایا حضرت نے کہ تحقیق میں دیتا ہوں ایک شخص کو

أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْهُ خَشْيَةَ أَنْ يُكَبَّ فِي النَّارِ عَلٰى وَجْهِهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

بہت پیارا ہوتا ہے نزدیک میرے اوس شخص سے بخوف اسکے کہ ڈالا جاوے وہ شخص دوزخ میں اپنے سر منہ کے بل نقل کی بخاری اور مسلم نے

وَفِي رِوَايَةٍ لَهُمَا قَالَ الزُّهْرِيُّ فَنَرٰى أَنَّ الْإِسْلَامَ الْكَلِمَةُ وَ

اور ایک روایت بخاری اور مسلم کی میں یوں آیا ہے کہ کہا زہری نے پس اعتقاد کرتا ہوں کہ اسلام کلمہ شہادت کا ہے اور

الایمان العمل الصالح وعن ابن عمر ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قام

ایمان عمل صالح ہے اور روایت ہے ابن عمر سے یہ کہ رسول خدا صلے الله علیه وسلم کھڑے ہوئے خطبے کو

یعنی یوم بدر فقال ان عثمان انطلق فی حاجة الله وحاجة رسوله

یعنے دن بدر کے اور فرمایا کہ تحقیق عثمان گیا ہے بیچ کام الله کے اور کام رسول خدا کے اور

وانی ابایع له فضرب له رسول الله صلی الله علیه وسلم بسهم ولم یضرب لاحد

تحقیق میں بیعت کرتا ہوں واسطے اوسکی پس معین کیا واسطے اوسکے رسول خدا صلعم نے حصہ اور نہیں معین کیا واسطے کسی کے

غاب غیره رواه ابو داود وعن رافع ابن خدیج قال کان رسول

غائب تھا بدر سے سوائے عثمان کے روایت کی یہ ابو داؤد نے اور روایت ہے رافع بن خدیج سے کہ کہا تھے رسول خدا

الله صلی الله علیه وسلم یجعل فی قسم المغانم عشرا من الشاء ببعیر رواه

صلے الله علیه وسلم ٹھیراتے بیچ تقسیم کرنے غنیمت کے دس بکریونکو برابر ایک اونٹ کے روایت کی یہ

النسائی وعن ابی هریرة قال قال النبی صلی الله علیه وسلم غزا نبی من

نسائی نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رضی سے کہ کہا فرمایا نبی صلے الله علیه وسلم نے کہ قصد کیا جہاد کا ایک نبی نے

الانبیاء فقال لقومه لا یتبعنی رجل ملک بضع امراة وهو یرید

انبیاء میں سے پس کہا اپنی قوم کو کہ نہ ساتھ ہو میرے وہ شخص کہ نکاح کیا ہو ایک عورت سے اور وہ چاہتا ہے کہ

ان یبنی بها ولما یبن بها ولا احد بنی بیوتا ولم یرفع سقوفها

لاوے عورت کو اپنے گھر میں اور صحبت کرے اوس سے اور ابتک نہیں لایا اوسکو اور نہ ہو ساتھ میرے وہ شخص کہ بنایا ہے گھر اور نہیں

ولا رجل اشتری غنما او خلفات وهو ینتظر ولادها فغزا فدنا

اور نہ ساتھ ہو میرے وہ شخص کہ خریدی ہیں بکریاں گابھن یا اونٹنیاں حمل والیاں اور وہ منتظر ہو جننے اونکیکا پھر نکلا وہ نبی جہاد کو

من القریة صلوة العصر او قریبا من ذلک فقال للشمس انک مامورة

اوس بستی کے ارادہ جہاد کا رکھتے تھے اوسمیں وقت نماز عصر کے یا قریب نماز عصر کے پس کہا نبی نے واسطے آفتاب کے کہ تحقیق تو

وانا مامور اللهم احبسها علینا فحبست حتی فتح الله علیه فجمع

اور میں بھی حکم کیا گیا ہوں ای الله ٹھہرا اوسکو ہم پر پس ٹھہرایا گیا آفتاب یہانتک کہ فتح دی الله نے اوس نبی کو پس جمع کیں

الغنائم فجاءت یعنی النار لتاکلها فلم تطعمها فقال ان فیکم غلولا

غنیمت کا بس آئی یعنے آگ تا کہ کھاوے مال غنیمت کا پس نہ کھایا اوسکو پس فرمایا نبی نے کہ تحقیق تمہارے اندر واقع ہوئی ہے چوری

فليبايعني من كل قبيلة رجل فلزقت يد رجل بيده فقال فيكم الغلول

پس چاہیے کہ بیعت کرے مجھ سے ہر قبیلہ میں سے ایک شخص پس چپک گیا ہاتھ ایک شخص کا ساتھ ہاتھ نبی کے پس کہا کہ درمیان تمہارے خیانت ہے

فجاؤا برأس مثل رأس بقرة من الذهب فوضعها فجاءت النار فأكلتها

پس لائے وہ ایک سر سونے کا مانند سر بیل کے پس رکھدیا اسکو پس آئی آگ اور کھالیا اسکو

زاد في رواية فلم تحل الغنائم لأحد قبلنا ثم أحل الله لنا

اور زیادہ کیا راوی نے ایک روایت میں اس قدر کہ پس حلال نہیں تھی غنیمت واسطے کسی کے پہلے ہم سے پھر حلال کی اللہ نے واسطے ہمارے

الغنائم رأى ضعفنا وعجزنا فأحلها لنا متفق عليه وعن ابن عباس

غنیمت دیکھا ضعف ہمارا اور عجز ہمارا پس حلال کی غنیمت واسطے ہمارے متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہ

قال حدثني عمر قال لما كان يوم خيبر أقبل نفر من صحابة النبي

کہا حدیث کی ہمکو عمر نے کہا جبکہ ہوا دن خیبر کا آئے کئی شخص صحابیوں نبی

صلى الله عليه وسلم فقالوا فلان شهيد وفلان شهيد حتى مروا على

صلے اللہ علیہ وسلم کے سے اور کہا کہ فلانا شہید ہے اور فلانا شہید ہے یہانتک کہ گذرے

رجل فقالوا فلان شهيد فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم كلا إني

ایک شخص پر پس کہا کہ فلانا شہید ہے پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ہرگز یوں نہیں تحقیق میں نے

رأيته في النار في بردة غلها أو عباءة ثم قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

دیکھا ہے اسکو دوزخ میں بسبب ایک چادر کے کہ چرائی تھی مال غنیمت میں سے یا کملی کے سبب پھر فرمایا رسول خدا صلعم نے

يا ابن الخطاب اذهب فناد في الناس أنه لا يدخل الجنة إلا المؤمنون

اے بیٹے خطاب کے جا اور پکار دے تین بار لوگوں میں یہ کہ نہیں داخل ہونگے جنت میں مگر مومن

ثلثا قال فخرجت فناديت ألا إنه لا يدخل الجنة إلا المؤمنون ثلثا

کہا عمر نے پس نکلا میں اور پکارا میں نے تین بار کہ خبردار ہو تحقیق شان یہ ہے کہ نہیں داخل ہونگے بہشت میں مگر مسلمان

رواه مسلم باب الجزية الفصل الأول عن بجالة

روایت کی یہ مسلم نے۔ باب ہے بیچ بیان جزیہ کے۔ فصل پہلی روایت ہے بجالہ تابعی سے

قال كنت كاتبا لجزء بن معاوية عم الأحنف فأتانا كتاب عمر بن

کہا تھا میں منشی جزء بن معاویہ تابعی کا کہ چچا تھا احنف کا پس آیا ہمارے پاس خط حضرت عمر بن

الخطاب قبل موته بسنة فرقوا بين كل ذي محرم من المجوس ولم يكن عمر أخذ

الخطاب نے ایک برس پہلے وفات انکی سے مضمون اسکا یہ تھا کہ جدا کر دو ہر محرم کو آتش پرستون سے اور نہ لیتے تھے عمرؓ

الجزية من المجوس حتى شهد عبد الرحمن بن عوف أن رسول الله صلى الله عليه وسلم أخذها من

جزیہ مجوس سے یہانتک کہ گواہی دی عبدالرحمن بن عوفؓ نے یہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے لیا جزیہ

مجوس هجر رواه البخاري وذكر حديث بريدة إذا أمر أميرا على جيش في باب الكتاب

مجوس سے روایت کی یہ بخاری نے۔ اور ذکر کی گئی حدیث بریدہ کی کہ مراد اسکا یہ ہے کہ جس وقت کہ سردار کرتے کسیکو لشکر پر

إلى الكفار الفصل الثاني عن معاذ أن رسول الله صلى الله عليه وسلم لما وجهه

الی الکفار کے۔ فصل دوسری۔ روایت ہے معاذ سے یہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جبکہ متوجہ کیا معاذ کو

إلى اليمن أمره أن يأخذ من كل حالم يعني محتلم دينارا أو عدله

طرف یمن کے حکم کیا انکو یہ کہ لیوین ہر حالم سے یعنے بالغ سے ایک دینار یا برابر اسکے

من المعافري ثياب تكون باليمن رواه أبو داود وعن ابن

معافری سے کہ قسم ہے ایک کپڑے کی کہ ہوتا ہے یمن مین روایت کی یہ ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے ابن

عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تصلح قبلتان في أرض

عباسؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین لائق دو قبلے زمین

واحدة وليس على المسلم جزية رواه أحمد والترمذي وأبو داود

ایک مین اور نہین ہے مسلمان پر جزیہ روایت کی یہ احمد اور ترمذی اور ابوداؤد نے

وعن أنس قال بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم خالد بن الوليد إلى

اور روایت ہے انسؓ سے کہا بھیجا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے خالد بن ولید کو طرف

أكيدر دومة فأخذوه فأتوا به فحقن له دمه وصالحه على

اکیدر دومہ کے پس پکڑ لائے اسکو خالد نے اور لائے ہمراہیون نے اوسے آپکے پاس اور اسکو حضرت نے معاف کیا اور صلح کی اوس سے

الجزية رواه أبو داود وعن حرب بن عبيد الله عن جده أبي

جزیہ پر روایت کی یہ ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے حرب بیٹے عبیداللہ کے سے کہ روایت کی اپنے جد سے

أمه عن أبيه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال إنما العشور على اليهود

اسنے نقل کی باپ اپنے سے یہہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سوا اسکے نہین کہ عشر اوپر یہود

وَالنَّصَارٰى وَلَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ عُشُوْرٌ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ

ونصارے کو ہے اور نہیں مسلمانوں پر دسواں حصہ روایت کی یہ احمد اور ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے

عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا نَمُرُّ بِقَوْمٍ فَلَاهُمْ يُضَيِّفُوْنَا

عقبہ بن عامر سے کہ کہا میں نے یا رسول اللہ تحقیق ہم گذرتے ہیں ایک قوم پر پس نہ وہ مہمانی کرتے ہیں ہماری

وَلَاهُمْ يُؤَدُّوْنَ مَا لَنَا عَلَيْهِمْ مِنَ الْحَقِّ وَلَا نَحْنُ نَاْخُذُ مِنْهُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ

اور نہ وہ دیتے ہیں وہ چیز کہ واسطے ہمارے ہے اوپر حق سے اور نہ ہم لیتے ہیں اون سے پس فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ اَبَوْا اِلَّا اَنْ تَاْخُذُوْا كَرْهًا فَخُذُوْا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر انکار کریں وہ مگر یہ کہ لو تم زبردستی سے پس لو روایت کی یہ ترمذی نے ۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنْ اَسْلَمَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رض ضَرَبَ الْجِزْيَةَ عَلٰى اَهْلِ الذَّهَبِ

فصل تیسری ۔ روایت ہے اسلم سے یہ کہ عمر بن الخطاب نے معین کیا جزیہ سونے والوں پر

اَرْبَعَةَ دَنَانِيْرَ وَعَلٰى اَهْلِ الْوَرِقِ اَرْبَعِيْنَ دِرْهَمًا مَعَ ذٰلِكَ اَرْزَاقُ

چار دینار اور چاندی والوں پر چالیس درہم باوجود اسکے کہ مقرر کیا رزق

الْمُسْلِمِيْنَ وَضِيَافَةُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ رَوَاهُ مَالِكٌ بَابُ الصُّلْحِ اَلْفَصْلُ

مسلمانوں کا اور مہمانی تین دن کی روایت کی یہ مالک نے ۔ باب ہے بیچ بیان صلح کے ۔ فصل

الْاَوَّلُ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ وَمَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ قَالَا خَرَجَ

پہلی روایت ہے مسور بیٹے مخرمہ اور مروان بیٹے حکم کے سے کہا دونوں نے کہ نکلے

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ فِيْ بِضْعَ عَشَرَةَ مِائَةً مِنْ اَصْحَابِهٖ

پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سال حدیبیہ کے بیچ دس اور کتنے سو کے اصحاب اپنے سے

فَلَمَّا اَتٰى ذَا الْحُلَيْفَةِ قَلَّدَ الْهَدْيَ وَاَشْعَرَ وَاَحْرَمَ مِنْهَا بِعُمْرَةٍ وَ

پس جب آئے ذو الحلیفہ پر قلادہ باندھا ہدی کو اور شعار کیا اور احرام باندھا ذو الحلیفہ سے عمرہ کے لیے اور

سَارَ حَتّٰى اِذَا كَانَ بِالثَّنِيَّةِ الَّتِيْ يُهْبَطُ عَلَيْهِمْ مِنْهَا بَرَكَتْ رَاحِلَتُهٗ

چلے یہانتک کہ جب پہنچے ثنیہ پر کہ اترتے ہیں لوگ اوپر اونکے اوس طرف سے بیٹھ گئی ساتھ حضرت صلعم کی اونٹنی

فَقَالَ النَّاسُ حَلْ حَلْ خَلَاَتِ الْقَصْوَاءُ خَلَاَتِ الْقَصْوَاءُ فَقَالَ النَّبِيُّ

پس کہا لوگوں نے حل حل اڑ گئی قصواء اڑ گئی قصواء پس فرمایا پیغمبر خدا

صلى الله عليه وسلم ما خلأت القصواء وما ذاك لها بخلق ولكن حبسها

صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں اڑی قصواء نے اور نہیں عادت اوسکو اڑنے کی ولیکن روکا اوسکو

حابس الفيل ثم قال والذي نفسي بيده لا يسألوني خطة يعظمون

روکنے والے ہاتھی کے نے پہر فرمایا قسم ہے اوس ذات کی کہ جان میری اوسکے ہاتھ میں ہے نہ طلب کرینگے قریش مجھسے کوئی بات کہ

فيها حرمات الله إلا أعطيتهم إياها ثم زجرها فوثبت فعدل

اوسمیں ہو تعظیم اللہ تعالی حرم کی مگر دونگا انکو وہ پہر اوٹھایا اونٹنی کو پس اوچھلی وہ پہر ایکسو ہوئے

عنهم حتى نزل بأقصى الحديبية على ثمد قليل الماء يتبرضه

اونسے یہانتک کہ اوترے بیچ نہایت جانب حدیبیہ کے ایک جگہ پر کہ تہوڑا سا تہا پانی اوسمیں لیتے تہے پانیکو

الناس تبرضا فلم يلبثه الناس حتى نزحوه وشكي إلى رسول

آدمی تہوڑا تہوڑا پس نہ درنگ کی لوگوں نے یہانتک کہ کہینچ ڈالا اوس پانیکو اور شکایت کی طرف رسول

الله صلى الله عليه وسلم العطش فانتزع سهما من كنانته ثم أمرهم أن

خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پیاس کی پس نکالا حضرت نے ایک تیر اپنے ترکش میں سے پہر حکم فرمایا صحابہ کو کہ

يجعلوه فيه فوالله ما زال يجيش لهم بالري حتى صدروا عنه

رکھدیں تیر کو پانی میں پس قسم ہے خدا کی ہمیشہ جوش مارتا رہا پانی واسطے اونکے ساتھ سیرابی کے یہانتک کہ پہرے

فبينما هم كذلك إذ جاء بديل بن ورقاء الخزاعي في نفر من خزاعة

پس اسوقت میں کہ صحابہ اسیطرح تہے ناگہاں آیا بدیل بن ورقاء خزاعی بیچ ایک جماعت کے خزاعہ

ثم أتاه عروة بن مسعود وساق الحديث إلى أن قال إذ جاء

پہر آیا حضرت صلعم کے پاس عروہ بن مسعود اور بیان کی بخاری نے یہ حدیث یہانتک کہ کہا اوسوقت کہ آیا

سهيل بن عمرو فقال النبي صلى الله عليه وسلم اكتب هذا ما قاضى عليه محمد

سہیل بن عمرو کہ وکیل تہا مکہ والوں کا پس فرمایا نبی صلعم نے لکھ تو یہ وہ چیز ہے کہ صلح کی محمد

رسول الله فقال سهيل والله لو كنا نعلم أنك رسول الله ما صددناك

رسول اللہ نے پس کہا سہیل نے قسم ہے خدا کی اگر ہم جانتے کہ تم رسول اللہ ہو نہ منع کرتے ہم تمکو

عن البيت ولا قاتلناك ولكن اكتب محمد بن عبد الله فقال النبي

خانہ کعبہ سے اور نہ لڑتے ہم تمسے ولیکن لکھ محمد بن عبد اللہ پس فرمایا نبی

صلى الله عليه وسلم والله اني لرسول الله وان كذبتموني اكتب محمد بن عبد الله

صلے اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے خدا کی تحقیق میں البتہ رسول اللہ ہوں اگرچہ جھوٹا جانتے ہو تم مجکو لکھو ای علی محمد بن عبد اللہ

فقال سهيل وعلى ان لا يأتيك منا رجل وان كان على دينك الا

پس کہا سہیل نے اور اسپر کہ نہ آوے تمہارے پاس ہم میں سے کوئی شخص اگرچہ ہو تمہارے دین پر مگر

رددته علينا فلما فرغ من قضية الكتاب قال رسول الله صلى الله عليه

پھیر دو اوسکو ہمپر پس جبکہ فارغ ہوئے لکھنے صلحنامہ کے سے پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

لاصحابه قوموا فانحروا ثم احلقوا ثم جاء نسوة مؤمنات فانزل الله

اپنے صحابیوں کو کھڑے ہو اور ذبح کرو پھر سر منڈاؤ پھر آئیں کتنی ایک عورتیں مسلمان ہوکر پس نازل کی اللہ

تعالى يا ايها الذين امنوا اذا جاءكم المؤمنت مهجرت الاية فنهاهم

تعالی نے یہ آیت ای لوگو جو ایمان لائے ہو جسوقت کہ آویں تمہارے پاس عورتیں مسلمان ہجرت کر کر آخر آیت تک پس منع کیا

الله تعالى ان يردوهن وامرهم ان يردوا الصداق ثم رجع

زیوروالون اور حریر والون کو اور فرماتے کہ اگر تم دوست رکھتے ہو زیور جنت کو اور حریر جنت کو

فَلَا تَلْبَسُوهَا فِي الدُّنْيَا رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ

پس نہ پہنو انکو دنیا مین روایت کی یہ نسائی نے۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ تحقیق رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اتَّخَذَ خَاتَمًا فَلَبِسَهُ قَالَ شَغَلَنِي هٰذَا عَنْكُمْ مُنْذُ الْيَوْمِ إِلَيْهِ

صلے اللہ علیہ وسلم نے بنوائی ایک انگشتری پس پہنا اوسکو فرمایا مشغول کیا مجکو اسنے تمسے آجکے دن طرف اوسکے

نَظْرَةٌ وَإِلَيْكُمْ نَظْرَةٌ ثُمَّ أَلْقَاهُ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَعَنْ مَالِكٍ قَالَ أَنَا أَكْرَهُ

دیکھنا ایک دفعہ اور طرف تمہاری دیکھنا ایکدفعہ پھر پھینکدیا اوسکو روایت کی یہ نسائی نے۔ اور روایت ہے مالک رض سے کہا مین مکروہ

أَنْ يَلْبَسَ الْغِلْمَانُ شَيْئًا مِنَ الذَّهَبِ لِأَنَّهُ بَلَغَنِي أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

یہ سمجھتا ہون کہ پہنائے جاوین لڑکے کچھ بھی سونے سے اسواسطے کہ پہنچا ہے مجکو یہ کہ رسول خدا صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ التَّخَتُّمِ بِالذَّهَبِ فَأَنَا أَكْرَهُهُ لِلرِّجَالِ الْكَبِيرِ مِنْهُمْ وَالصَّغِيرِ رَوَاهُ

علیہ وسلم نے منع فرمایا استعمال کرنے انگشتری سونیکی سے پس مین مکروہ رکھتا ہون واسطے مردونکے بڑے ہون اونمین سے یا چھوٹے روایت کی

فِي الْمُوَطَّأِ بَابُ النِّعَالِ اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ

مالک نے موطا مین۔ باب ہے بیچ بیان جوتونکے فصل پہلی روایت ہے ابن عمر رض سے کہا

رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْبَسُ النِّعَالَ الَّتِيْ لَيْسَ فِيْهَا شَعْرٌ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

دیکھا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنتے تھے ایسی پاپوش کہ نہ تھے اوسمین بال روایت کی یہ بخاری نے

وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ اِنَّ نَعْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَهَا قِبَالَانِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَ

اور روایت ہے انس رض سے کہا تحقیق پاپوش نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تھی اوسکے دو تسمے روایت کی یہ بخاری نے اور

عَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةٍ غَزَاهَا يَقُوْلُ اسْتَكْثِرُوْا

روایت ہے جابر رض سے کہا سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک غزوے میں کہ غزوہ کیا اوسکو فرمایا بہت لیلو تم

مِنَ النِّعَالِ فَاِنَّ الرَّجُلَ لَا يَزَالُ رَاكِبًا مَا انْتَعَلَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

پاپوشین اسواسطے کہ مرد ہمیشہ مانند سوار کے ہے جب تک کہ پاپوش پہنا رہتا ہے نقل کی مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا انْتَعَلَ اَحَدُكُمْ فَلْيَبْدَأْ بِالْيُمْنٰى وَاِذَا نَزَعَ

کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسوقت کہ پہنے ایک تمہارا پاپوش پس چاہیے کہ شروع کرے ساتھ داہنے پانو کے اور جسوقت

فَلْيَبْدَأْ بِالشِّمَالِ لِتَكُنِ الْيُمْنٰى اَوَّلَهُمَا تُنْعَلُ وَآخِرَهُمَا تُنْزَعُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

پس چاہیے کہ شروع کرے ساتھ بائیں طرف کے چاہیے کہ ہووے دایاں پانوں پہلے پہننے میں اور آخر ہووے اوتارنے میں روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے

وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَمْشِيْ اَحَدُكُمْ فِيْ نَعْلٍ وَّاحِدَةٍ

اور روایت ہے انہیں سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ چلے ایک تمہارا ایک پاپوش میں

لِيُحْفِهِمَا جَمِيْعًا اَوْ لِيُنْعِلْهُمَا جَمِيْعًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

چاہیے کہ ننگا کرے دونوں پانو کو یا پاپوش پہنے دونو میں متفق علیہ۔ اور روایت ہے جابر رض سے کہ کہا فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا انْقَطَعَ شِسْعُ نَعْلِهِ فَلَا يَمْشِ فِيْ نَعْلٍ وَّاحِدَةٍ حَتّٰى يُصْلِحَ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسوقت کہ ٹوٹ جاوے تسمہ کسیکی پاپوش کا پس نہ چلے ایک پاپوش میں یہانتک کہ درست کرے

شِسْعَهُ وَلَا يَمْشِ فِيْ خُفٍّ وَّاحِدٍ وَلَا يَأْكُلْ بِشِمَالِهِ وَلَا يَحْتَبِيْ بِالثَّوْبِ

تسمہ اوسکا اور نہ چلے ایک موزہ میں اور نہ کہاوے بائیں ہاتھ سے اور نہ گوٹ مارے ساتھ ایک کپڑے کے

الْوَاحِدِ وَلَا يَلْتَحِفِ الصَّمَّاءَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ عَنِ ابْنِ

اور نہ اوڑھے کپڑے کو اس طرح سے کہ لپٹا ہوا ہو تمام بدن پر روایت کی یہ مسلم نے۔ فصل دوسری۔ روایت ہے ابن

عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ لِنَعْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِبَالَانِ مُثَنًّى شِرَاكُهُمَا رَوَاهُ

عباس رض سے کہا تھے واسطے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے دو تسمے دوہرے تھے تسمے اونکے روایت کی یہ

۴ اور کبھی کپڑا چھوٹا ہوتا ہے تو سلسلے سے ستر کھلجاتا ہے اسلیے منع ہوا ۱۲

الترمذی وعن جابر قال نهی رسول الله صلی الله علیه وسلم ان ینتعل الرجل قائما

ترمذی نے - اور روایت ہے جابر رضی سے کہا منع فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ پاپوش پہنے آدمی کھڑے ہوکر

رواه ابو داود ورواه الترمذی وابن ماجة عن ابی هریرة وعن

روایت کی یہ ابو داود نے اور روایت کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے ابی ہریرہ رضی سے - اور روایت ہے

القاسم بن محمد عن عائشة قالت ربما مشی النبی صلی الله علیه وسلم فی نعل واحدة

قاسم بن محمد سے اونسے روایت کی عائشہ رضی سے کہا بعضے وقت چلتے تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک پاپوش مین

وفی روایة انها مشت بنعل واحد ورواه الترمذی وقال هذا اصح

اور ایک روایت مین یون ہے کہ تحقیق عائشہ چلین ایک پاپوش مین روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا یہ صحیح تر ہے

وعن ابن عباس قال من السنة اذا جلس الرجل ان یخلع نعلیه فیضعهما

اور روایت ہے ابن عباس رضی سے کہا تحقیق سنت سے ہے جس وقت کہ بیٹھے آدمی یہ کہ ڈالے پاپوش اپنی اور رکھے اونکو

بجنبه رواه ابو داود وعن ابن بریدة عن ابیه ان النجاشی اهدی

اپنے پہلو کی طرف روایت کی یہ ابو داود نے - اور روایت ہے ابن بریدہ رضی سے کہ نقل کی اپنے باپ سے یہ کہ نجاشی نے بطور تحفہ کے بھیجے

الی النبی صلی الله علیه وسلم خفین اسودین ساذجین فلبسهما رواه ابن ماجة و

طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دو موزے سیاہ سادے پس پہنا حضرت م نے انکو روایت کی یہ ابن ماجہ نے

زاد الترمذی عن ابن بریدة عن ابیه ثم توضأ ومسح علیهما باب الترجل

زیادہ کیا ترمذی نے ابن بریدہ سے اور اونے اپنے باپ سے کہ پھر وضو کیا حضرت نے اور مسح کیا اونپر یہ باب ہے بیچ بیان کنگھی کرنے کے

الفصل الاول عن عائشة قالت کنت ارجل راس رسول الله صلی

فصل پہلی - روایت ہے عائشہ رضی سے کہا تھی مین کنگھی کرتی سر مبارک رسول خدا صلی اللہ

علیه وسلم وانا حائض متفق علیه وعن ابی هریرة قال قال رسول الله

علیہ وسلم کے مین اور تھی مین حائضہ ہوتی متفق علیہ - اور روایت ہے ابی ہریرہ رضی سے کہا فرمایا رسول خدا

صلی الله علیه وسلم الفطرة خمس الختان والاستحداد وقص الشارب وتقلیم

صلی اللہ علیہ وسلم نے پیدائشی پانچ چیزین ہین ختنہ کرنا اور بال زیر ناف کے لینے اور لبین لینین اور ترشوانا

الاظفار ونتف الابط متفق علیه وعن ابن عمر قال قال رسول الله

ناخونونکا اور اوکھیڑنا بغلونکے بالونکا متفق علیہ - اور روایت ہے ابن عمر رضی سے کہا فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وسلم خالفوا المشركين اوفروا اللحى واحفوا الشوارب وفي رواية انهكوا

صلے اللہ علیہ وسلم نے مخالفت کرو مشرکوں کی بڑھاؤ داڑھیاں اور پست کرو لبیں اور ایک روایت میں ہے خوب پست کرو

الشوارب واعفوا اللحى متفق عليه وعن انس قال وقت لنا في قص الشارب وتقليم

لبیں اور چھوڑ دو داڑھیاں متفق علیہ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہا معین کیا گیا واسطے ہمارے بیچ کترواڈالنے لبوں کے اور ترشوانے

الاظفار ونتف الابط وحلق العانة ان لا نترك اكثر من اربعين ليلة

ناخونوں کے اور دور کرنا بال بغلوں کے اور مونڈنے بال زیر ناف کے یہ کہ چھوڑیں ہم زیادہ چالیس رات سے

رواه مسلم وعن ابي هريرة ان النبي صلى الله عليه وسلم قال ان اليهود

روایت کی مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تحقیق یہود

والنصارى لا يصبغون فخالفوهم متفق عليه وعن جابر قال اتي بابي

و نصاری نہیں خضاب کرتے ہیں پس مخالفت کرو انکی متفق علیہ۔ اور روایت ہے جابر رض سے کہا لائے گئے ابی

قحافة يوم فتح مكة ورأسه ولحيته كالثغامة بياضا فقال النبي صلى الله

قحافہ دن فتح مکہ کے اور سر اونکا اور داڑھی اونکی مانند ثغامہ کے تھی سفید یعنی پس فرمایا نبی صلی اللہ

عليه وسلم غيروا هذا بشيء واجتنبوا السواد رواه مسلم وعن ابن

علیہ وسلم نے تغیر کرو اسکی سفیدی کو ساتھ کسی چیز کے اور بچو رنگ سیاہ سے روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابن

عباس قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يحب موافقة اهل الكتاب فيما لم يؤمر

عباس رض سے کہا تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم دوست رکھتے موافقت اہل کتاب کے بیچ اوس چیز کے کہ نہیں حکم

فيه وكان اهل الكتاب يسدلون اشعارهم وكان المشركون يفرقون

ہوتا اونکو بیچ اوسکے اور تھے اہل کتاب چھوڑتے اپنے بالوں کو اور تھے مشرک مانگ نکالتے

رؤسهم فسدل النبي صلى الله عليه وسلم ناصيته ثم فرق بعد متفق عليه

اپنے سروں میں پس چھوڑتے نبی صلی اللہ علیہ وسلم بال اپنی پیشانی کے بطور اہل کتاب پھر مانگ نکالنے لگے پیچھے اسکے متفق علیہ

وعن نافع عن ابن عمر قال سمعت النبي صلى الله عليه وسلم ينهى عن القزع قيل

اور روایت ہے نافع رض سے کہ نقل کی ابن عمر رض سے کہا ابن عمر نے سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو منع فرماتے قزع سے کہا گیا

لنافع ما القزع قال يحلق بعض رأس الصبي ويترك البعض متفق عليه

واسطے نافع کے کہ کیا ہے قزع کہا کہ مونڈا جاوے کچھ سر لڑکے کا اور چھوڑا جاوے کچھ نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے

وألحق بعضهم التفسير بالحديث وعن ابن عمر أن النبي صلى الله عليه وسلم رأى
اور ملا دیا بعض راویوں نے تفسیر کو ساتھ حدیث کے - اور روایت ہے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا

صبيا قد حلق بعض رأسه وترك بعضه فنهاهم عن ذلك وقال احلقوا
ایک لڑکے کو تحقیق مونڈا گیا تھا بعض سر اوسکا اور چھوڑا گیا تھا بعض سر اوسکا پس منع فرمایا انکو اس سے اور فرمایا کہ مونڈو

كله أو اتركوا كله رواه مسلم وعن ابن عباس قال لعن النبي صلى الله عليه وسلم المخنثين
تمام سر اوسکا یا چھوڑ دو تمام سر روایت کی یہ مسلم نے - اور روایت ہے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہا لعنت کی نبی صلعم نے مخنثوں کو

من الرجال والمترجلات من النساء وقال أخرجوهم من بيوتكم رواه البخاري وعنه
مردوں میں سے اور ان عورتوں کو جو مشابہ ہوتی ہیں ساتھ مردوں کی اور فرمایا کہ نکالدو مخنثوں کو اپنے گھروں سے روایت کی یہ بخاری نے - اور انہیں سے روایت ہے

قال قال النبي صلى الله عليه وسلم لعن الله المتشبهين من الرجال بالنساء والمتشبهات
کہ کہا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت کی اللہ تعالیٰ نے مشابہت کرنیوالے مردوں کو ساتھ عورتوں کے اور مشابہت

من النساء بالرجال رواه البخاري وعن ابن عمر أن النبي صلى الله عليه وسلم قال لعن الله
عورتوں کو ساتھ مردوں کے روایت کی یہ بخاری نے - اور روایت ہے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لعنت کی اللہ تعالیٰ نے

الواصلة والمستوصلة والواشمة والمستوشمة متفق عليه وعن
اوس عورت کو کہ ملاتی ہو بال اپنے ساتھ بالوں اور عورت کے اور ملوانے والی اپنے بالوں کو ساتھ اور کے بال کے اور گودنے والی کو اور گودوانے والی کو متفق علیہ - اور روایت ہے

عبد الله بن مسعود قال لعن الله الواشمات والمستوشمات والمتنمصات
عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہ کہا لعنت کی اللہ تعالیٰ نے گودنیوالیوں کو اور گدوانیوالیوں کو اور ان عورتوں کو کہ چنتی ہیں بال منہ پر سے اور

والمتفلجات للحسن المغيرات خلق الله فجاءته امرأة فقالت إنه بلغني أنك لعنت
لعنت کی سوہن کرنیوالیوں کو دانتوں پر واسطے حسن کے تغیر کرنیوالیاں ہیں اللہ کی پیدایش کو پس آئی ابن مسعود کے پاس ایک عورت اور کہا کہ تحقیق شان یہ ہے کہ

كيت وكيت فقال ما لي لا ألعن من لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم ومن هو
ایسی اور ایسی پس کہا ابن مسعود نے کہ کیا ہے مجھکو کہ لعنت نہ کروں اوسکو کہ لعنت کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اور اوسکو کہ وہ

في كتاب الله فقالت لقد قرأت ما بين اللوحين فما وجدت فيه ما
بیچ کتاب اللہ کے پس کہا اس عورت نے کہ تحقیق پڑھا میں نے اوس چیز کو کہ درمیان دو دفتیوں کے ہے پس نہ پایا میں نے اوس میں جو

تقول قال لئن كنت قرأتيه لقد وجدتيه أما قرأت ما آتاكم الرسول
کہتے ہو کہا ابن مسعود نے اگر پڑھتی تو اوسکو تو البتہ پاتی تو اس حکم کو کیا نہیں پڑھی تو نے یہ آیت کہ جو دین تمکو رسول

فخذوه وما نهيتكم عنه فانتهوا فقالت بلى قال فانه قد نهى عنه متفق

پس عمل کرو اوسپر اور جس چیز سے کہ منع کریں تمکو پس باز رہو کہا عورت نے کہ ہاں کہا ابن مسعود نے پس تحقیق حضرت صلعم نے منع کیا ہے

عليه وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم العين حق ونهى

علیہ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے کہ کہا فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تاثیر نظر حق ہے اور منع کیا

عن الوشم رواه البخاري وعن ابن عمر قال لقد رايت رسول الله

گودنے سے روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے ابن عمر رضہ سے کہ کہا تحقیق دیکھا میں نے رسول خدا

صلى الله عليه وسلم ملبدا رواه البخاري وعن انس قال نهى النبي صلى الله عليه وسلم

صلے اللہ علیہ وسلم کو سر کے ملبد روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے انس رضہ سے کہ کہا منع کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

ان يتزعفر الرجل متفق عليه وعن عائشة قالت كنت اطيب النبي صلى الله

اس سے کہ زعفران ملے مرد متفق علیہ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ رضہ سے کہا تھی میں خوشبو لگاتی نبی صلعم

عليه وسلم باطيب ما نجد حتى اجد وبيص الطيب في راسه ولحيته متفق عليه

علیہ وسلم کو ساتھ بہترین خوشبو کے کہ پاتی میں یہاں تک کہ پاتی میں چمک خوشبو کی حضرت صلعم کے سر میں اور داڑھی میں متفق علیہ

وعن نافع قال كان ابن عمر اذا استجمر استجمر بالالوة غير مطراة وبكافور

اور روایت ہے نافع رضہ سے کہ کہا تھے ابن عمر رضہ جس وقت کہ دھونی لیتے خوشبو کی دھونی لیتے اگر کی بغیر ملونی اشیاء غیرہ کے اور دھونی لیتے کافور سے

يطرحه مع الالوة ثم قال هكذا كان يستجمر رسول الله صلى الله عليه وسلم رواه مسلم

کہ ڈالتے اوسکو ساتھ اگر کے پھر کہا ابن عمر نے کہ اسیطرح سے دھونی لیتے تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم روایت کی یہ مسلم نے

الفصل الثاني عن ابن عباس قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يقص

فصل دوسری۔ روایت ہے ابن عباس رضہ سے کہ کہا تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کترتے

او ياخذ من شاربه وكان ابراهيم خليل الرحمن يفعله رواه الترمذي

تھے یا لیتے لبیں اپنی اور تھے ابراہیم دوست خدا کے کرتے یہہ روایت کی یہ ترمذی نے۔

وعن زيد بن ارقم ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من لم ياخذ من

اور روایت ہے زید بن ارقم رضہ سے کہ تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ نہ لیوے

شاربه فليس منا رواه احمد والترمذي والنسائي وعن عمرو بن شعيب

لبیں اپنی پس نہیں ہم میں سے روایت کی یہ احمد اور ترمذی اور نسائی نے۔ اور روایت ہے عمرو بن شعیب رضہ سے

عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَاْخُذُ مِنْ لِحْيَتِهٖ مِنْ عَرْضِهَا

اوس نے نقل کی اپنے باپ سے اوس نے اپنے دادا سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے لیتے ڈاڑھی اپنی سے عرض میں سے

وَطُوْلِهَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَنْ يَعْلَى

اور طول میں سے روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث غریب ہے۔ اور روایت ہے یعلی

ابْنِ مُرَّةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى عَلَيْهِ خَلُوْقًا فَقَالَ اَلَكَ امْرَاَةٌ قَالَ لَا

بن مرہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھی یعلی پر خلوق پس فرمایا کیا تیرے لیے بیبی ہے کہا نہیں

قَالَ فَاغْسِلْهُ ثُمَّ اغْسِلْهُ ثُمَّ اغْسِلْهُ ثُمَّ لَا تَعُدْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ

فرمایا پس دھو ڈال اوسکو پھر دھو اوسکو پھر دھو اوسکو پھر نہ استعمال کرنا اوسکو روایت کی یہ ترمذی اور نسائی نے

وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقْبَلُ اللهُ صَلٰوةَ

اور روایت ہے ابی موسی رض سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں قبول کرتا اللہ تعالی نماز

رَجُلٍ فِيْ جَسَدِهٖ شَيْءٌ مِّنْ خَلُوْقٍ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ

اوس شخص کی کہ ہو اوسکے بدن میں کچھ خلوق سے روایت کی یہ ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے عمار بن یاسر رض سے

قَالَ قَدِمْتُ عَلٰى اَهْلِيْ مِنْ سَفَرٍ وَّقَدْ تَشَقَّقَتْ يَدَايَ فَخَلَّقُوْنِيْ بِزَعْفَرَانٍ

کہ کہا آیا میں گھر کے لوگوں پاس سفر سے اس حالمیں کہ پھٹ گئے تھے دونوں ہاتھ میرے پس لیپ کیا انہوں نے میرے کو زعفران سے

فَغَدَوْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ وَقَالَ اذْهَبْ

پس آیا میں صبح کو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس سلام کیا میں نے حضرت کو پس نہ جواب دیا مجکو اور فرمایا جا

فَاغْسِلْ هٰذَا عَنْكَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

اور دھو ڈال اسکو اپنے بدن سے روایت کی یہ ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا فرمایا پیغمبر

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طِيْبُ الرِّجَالِ مَا ظَهَرَ رِيْحُهٗ وَخَفِيَ لَوْنُهٗ وَطِيْبُ النِّسَاءِ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے خوشبوی مرد کی وہ ہے کہ ظاہر ہو بو اوسکی اور پوشیدہ ہو رنگ اوسکا اور خوشبوئی عورت کی

مَا ظَهَرَ لَوْنُهٗ وَخَفِيَ رِيْحُهٗ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ

وہ ہے کہ ظاہر ہو رنگ اوسکا اور پوشیدہ ہو بو اوسکی روایت کی یہ ترمذی اور نسائی نے۔ اور روایت ہے انس رض سے کہا

كَانَتْ لِرَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُكَّةٌ يَتَطَيَّبُ مِنْهَا رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْهُ

تھی واسطے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے شکہ خوشبوی لگاتے تھے اوس میں سے روایت کی یہ ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے انس رض

قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكْثِرُ دُهْنَ رَأْسِهِ وَتَسْرِيْحَ لِحْيَتِهِ وَيُكْثِرُ

کہا تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم استعمال کرتے تیل اپنے سر مبارک پر اور بہت کرتے کنگھی اپنی ڈاڑہی کو اور بہت

الْقِنَاعَ كَأَنَّ ثَوْبَهُ ثَوْبُ زَيَّاتٍ رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَعَنْ أُمِّ هَانِئٍ

رکھتے تھے کپڑا سر پر گویا وہ کپڑا حضرت صلعم کا کپڑا تھا تیلی کا نقل کی یہ شرح السنہ میں۔ اور روایت ہے ام ہانی رضی سے

قَالَتْ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْنَا بِمَكَّةَ قَدْمَةً وَلَهُ أَرْبَعُ غَدَائِرَ

کہ کہا ام ہانی نے آئے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم اوپر ہمارے مکہ میں ایکدفعہ اور آنحضرت صلعم کی چار لٹ گیسو تھے

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ

روایت کی یہ احمد اور ابوداؤد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے عائشہ رضہ سے کہ کہا

إِذَا فَرَقْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأْسَهُ صَدَعْتُ فَرْقَهُ عَنْ يَافُوْخِهِ وَ

جسوقت کہ مانگ نکالتی میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک کی بالوں میں چیرتی میں مانگ انکو تالو پر سے اور

أَرْسَلْتُ نَاصِيَتَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

چھوڑتی میں بال حضرت صلعم کی پیشانی کے درمیان دونوں آنکھوں انکیکے روایت کی یہ ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن

مُغَفَّلٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّرَجُّلِ إِلَّا غِبًّا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

مغفل رضہ سے کہ کہا منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کنگھی کرنے سے مگر ایک روز درمیان دیکر روایت کی یہ ترمذی

وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِفَضَالَةَ

اور ابوداؤد اور نسائی نے۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن بریدہ رضہ سے کہ کہا کہا ایک شخص واسطے فضالہ

ابْنِ عُبَيْدٍ مَالِيْ أَرَاكَ شَعِثًا قَالَ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْهَانَا عَنْ

بن عبید کے کیا ہے واسطے میرے کہ دیکھتا ہوں میں تمکو پراگندہ بال کہا تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم تھے منع کرتے ہمکو

كَثِيْرٍ مِّنَ الْإِرْفَاهِ قَالَ مَالِيْ لَا أَرٰى عَلَيْكَ حِذَاءً قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

بہت چین وعیش کی باتوں سے پھر کہا اس شخص نے فضالہ کو کہ کیا ہے مجھکو کہ نہیں دیکھتا تیرے پاؤں میں پاپوش کہا فضالہ نے کہ تھے رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُنَا أَنْ نَحْتَفِيَ أَحْيَانًا رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ

صلے اللہ علیہ وسلم حکم فرماتے ہمکو یہ کہ ننگے پاؤں پھرا کریں کبھی کبھی روایت کی یہ ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے کہ تحقیق

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَ لَهُ شَعْرٌ فَلْيُكْرِمْهُ رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ ہوں واسطے اوسکے بال پس چاہیئے کہ اچھی طرح رکھے روایت کی یہ ابوداؤد نے

جب زینت اور تکلف کی نیت ہو اور یہ جو کہتے ہیں کہ اگر زینت اور تکلف کی نیت نہ ہوگی تو اکھاڑنے سے کیا فائدہ ہوگا ۱۲

وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحْسَنَ مَا غُیِّرَ بِہِ الشَّیْبُ

اور روایت ہے ابی ذرؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق بہتر ہیں وہ چیز کہ تغیر کرے ساتھ اوسکے

الْحِنَّاءُ وَالْکَتَمُ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَائِیُّ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

مہندی اور وسمہ ہے روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے ابن عباسؓ سے

عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ یَکُوْنُ قَوْمٌ فِیْ اٰخِرِ الزَّمَانِ یَخْضِبُوْنَ بِھٰذَا

اونسے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا ہوگی ایک قوم اخیر زمانہ میں کہ خضاب کریں گی ساتھ اس

السَّوَادِ کَحَوَاصِلِ الْحَمَامِ لَا یَجِدُوْنَ رَائِحَۃَ الْجَنَّۃِ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ وَ

سیاہی کے مانند پوٹوں کبوتر کے نہ پاویگی بو جنت کی روایت کی یہ ابوداؤد اور

النَّسَائِیُّ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَلْبَسُ النِّعَالَ السِّبْتِیَّۃَ

نسائی نے ۔ اور روایت ہے ابن عمرؓ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے پہنتے پاپوش چمڑے دباغت کیے ہوئے

وَیُصَفِّرُ لِحْیَتَہٗ بِالْوَرْسِ وَالزَّعْفَرَانِ وَکَانَ ابْنُ عُمَرَ یَفْعَلُ ذٰلِکَ رَوَاہُ النَّسَائِیُّ

اور زرد رنگتے داڑھی اپنی کو ساتھ ورس کے اور رنگتے ساتھ زعفران کے اور تھے ابن عمرؓ کرتے یہ روایت کی یہ نسائی نے

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَرَّ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ قَدْ خَضَبَ بِالْحِنَّاءِ فَقَالَ مَا اَحْسَنَ ھٰذَا

اور روایت ہے ابن عباسؓ سے کہ کہا گذرا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک شخص کہ خضاب کیا تھا اوسنے ساتھ مہندی کے پس فرمایا کیا خوب ہے یہ

قَالَ فَمَرَّ اٰخَرُ قَدْ خَضَبَ بِالْحِنَّاءِ وَالْکَتَمِ فَقَالَ ھٰذَا اَحْسَنُ مِنْ ھٰذَا ثُمَّ مَرَّ اٰخَرُ قَدْ

کہا راوی نے پس گذرا ایک اور شخص کہ خضاب کیا تھا اوسنے ساتھ مہندی اور وسمہ کے پس فرمایا حضرتؐ نے یہ بہتر ہے پہلے سے پھر گذرا ایک اور شخص

خَضَبَ بِالصُّفْرَۃِ فَقَالَ ھٰذَا اَحْسَنُ مِنْ ھٰذَا کُلِّہٖ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ وَعَنْ

خضاب کیے ہوئے تھا ساتھ زردی کے پس فرمایا یہ بہت خوب ہے ان سب سے روایت کی یہ ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے

اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ غَیِّرُوا الشَّیْبَ وَلَا تَشَبَّھُوْا بِالْیَھُوْدِ رَوَاہُ

ابی ہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے رنگ تغیر کرو بڑھاپے کو اور نہ مشابہت کرو ساتھ یہود کے روایت کی یہ

التِّرْمِذِیُّ وَرَوَاہُ النَّسَائِیُّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَالزُّبَیْرِ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ

ترمذی نے اور روایت کی یہ نسائی نے ابن عمر اور زبیر سے ۔ اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے

عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَنْتِفُوا الشَّیْبَ

نقل کی اپنے باپ سے اوسنے اپنے دادا سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مت چنو سفید بالوں کو

فَاِنَّهٗ نُوْرُ الْمُسْلِمِ مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي الْاِسْلَامِ كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ بِهَا حَسَنَةً وَّ

اسلیئے کہ تحقیق بڑہا پاسبب نور ہیت کا ہے مسلمانونکو جس شخص کا سفید ہوا ایکبال مسلمانی مین لکھتا ہے اللہ تعالی واسطے اوسکے سبب اوسکے

كَفَّرَ عَنْهُ بِهَا خَطِيْئَةً وَّرَفَعَهٗ بِهَا دَرَجَةً رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ

دور کرتا ہے اوس سے بسبب اوسکے ایک خطا اور بلند کرتا ہے اسکا سبب اوسکو ایک درجہ روایت کی یہ ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے کعب بن

مُرَّةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي الْاِسْلَامِ كَانَتْ لَهٗ نُوْرًا

مرہ رضہ سے اونہوں نے روایت کی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو شخص کہ بوڑہا ہوا بوڑہے ہو نیکر اسلام مین ہوتا ہے واسطے اوسکے نور

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَغْتَسِلُ

دن قیامت کے روایت کی یہہ ترمذی اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے عائشہ رضہ سے کہا تھی مین نہاتی

اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ وَّكَانَ لَهٗ شَعْرٌ فَوْقَ الْجُمَّةِ

مین اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سلہ ایک باسن سے اور تھے حضرت صلعم کے بال اوپر سلہ جمہ کے

وَدُوْنَ الْوَفْرَةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنِ ابْنِ الْحَنْظَلِيَّةِ رَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ

اور نیچے وفرہ سے روایت کی یہ ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابن حنظلیہ رضہ سے کہ ایک شخص ہے صحابیونمین سے

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِعْمَ الرَّجُلُ خُرَيْمٌ الْاَسَدِيُّ لَوْلَا طُوْلُ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اچھا شخص ہے خریم اسدی اگر نہوتے سلہ لنبے

جُمَّتِهٖ وَاِسْبَالُ اِزَارِهٖ فَبَلَغَ ذٰلِكَ خُرَيْمًا فَاَخَذَ شَفْرَةً فَقَطَعَ بِهَا جُمَّتَهٗ

بال اوسکے اور درازی تہبند اوسکی پس پہونچی یہ خبر خریم کو پس لی اوسنے چہری پس کاٹ ڈالے ساتہ اوسکے بال اپنے

اِلٰی اُذُنَيْهِ وَرَفَعَ اِزَارَهٗ اِلٰی اَنْصَافِ سَاقَيْهِ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ

کانون تک اور بلند کیا تہبند اپنا آدہی پنڈلی تک روایت کی یہ ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے

اَنَسٍ قَالَ كَانَتْ لِيْ ذُؤَابَةٌ فَقَالَتْ لِيْ اُمِّيْ لَا اَجُزُّهَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

انس رضہ سے کہ کہا تھے واسطے میرے گیسو پس کہا واسطے میرے ماں میری نے نہین کاٹونگی مین انکو تھے پیغمبر خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمُدُّهَا وَيَاْخُذُهَا رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ

صلے اللہ علیہ وسلم سلہ کہینچتے انکو اور پکڑتے انکو روایت کی یہ ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے عبداللہ بن جعفر رضہ سے

اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمْهَلَ اٰلَ جَعْفَرٍ ثَلٰثًا ثُمَّ اَتَاهُمْ فَقَالَ لَا تَبْكُوْا عَلٰى

کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مہلت دی اولاد جعفر طیار کو تین دن تک پہر آئے اونکے پاس اور فرمایا مت روؤ اوپر

أَخِي بَعْدَ الْيَوْمِ ثُمَّ قَالَ ادْعُوا لِي بَنِي أَخِي فَجِيءَ بِنَا كَأَنَّا أَفْرَاخٌ فَقَالَ

بھائی میرے کے بعد آج کے دن کے پھر فرمایا بلا لاؤ میرے پاس میرے بھتیجوں کو پس لائے گئے ہم گویا کہ ہم چوزے تھے پھر فرمایا

ادْعُوا لِي الْحَلَّاقَ فَأَمَرَهُ فَحَلَقَ رُؤُسَنَا رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَ

بلاؤ واسطے میرے نائی کو پس حکم کیا اوسکو مونڈنے کا پس مونڈے سر ہمارے روایت کی یہ ابو داؤد اور نسائی نے۔ اور

عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ الْأَنْصَارِيَّةِ أَنَّ امْرَأَةً كَانَتْ تَخْتِنُ بِالْمَدِينَةِ فَقَالَ لَهَا

روایت ہے ام عطیہ انصاریہ رضہ سے کہ تحقیق ایک عورت تھی کہ ختنہ کرتی مدینہ میں پس فرمایا اوسکو

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُنْهِكِي فَإِنَّ ذٰلِكَ أَحْظٰى لِلْمَرْأَةِ وَأَحَبُّ إِلَى الْبَعْلِ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ مبالغہ کر تو بیچ کاٹنے چمڑے کے کیونکہ نہ مبالغہ کرنا اوسمیں بہت لذت دیتا ہے عورت کو اور محبوب تر ہے طرف خاوند کے

رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَقَالَ هٰذَا الْحَدِيثُ ضَعِيفٌ وَرَاوِيهِ مَجْهُولٌ وَعَنْ

روایت کی یہ ابو داؤد نے اور کہا یہ حدیث ضعیف ہے اور راوی اسکے مجہول ہیں۔ اور روایت ہے

كَرِيمَةَ بِنْتِ هَمَّامٍ أَنَّ امْرَأَةً سَأَلَتْ عَائِشَةَ عَنْ خِضَابِ الْحِنَّاءِ فَقَالَتْ

کریمہ بیٹی ہمام کے سے کہ تحقیق ایک عورت نے پوچھا عائشہ رضہ سے حکم خضاب کرنے مہندی کا پس کہا عائشہ نے

لَا بَأْسَ وَلٰكِنِّي أَكْرَهُهُ كَانَ حَبِيبِي يَكْرَهُ رِيحَهُ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ

کچھ مضائقہ نہیں و لیکن میں ناخوش رکھتی ہوں اسکو تھے دوست میرے مکروہ رکھتے بو اوسکی روایت کی یہ ابو داؤد اور نسائی نے اور

عَائِشَةَ أَنَّ هِنْدَ ابْنَتَ عُتْبَةَ قَالَتْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ بَايِعْنِي فَقَالَ لَا أُبَايِعُكِ

عائشہ رضہ سے کہ تحقیق ہند بیٹی عتبہ کی نے کہا اے نبی اللہ کے بیعت لو مجھسے پس فرمایا کہ نہیں بیعت لیتا میں

حَتّٰى تُغَيِّرِي كَفَّيْكِ فَكَأَنَّهُمَا كَفَّا سَبُعٍ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْهَا قَالَتْ وَمَتْ

یہاں تک کہ تغیر کرے تو دونوں ہاتھوں اپنے کو پس گویا کہ دونوں ہاتھ تیرے ہاتھ درندے کے ہیں روایت کی یہ ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے عائشہ

امْرَأَةٌ مِنْ وَرَاءِ سِتْرٍ بِيَدِهَا كِتَابٌ إِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَبَضَ النَّبِيُّ

ایک عورت نے پس پردہ سے کہ اوسکے ہاتھ میں ایک خط تھا طرف رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پس کھینچ لیا نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ فَقَالَ مَا أَدْرِي أَيَدُ رَجُلٍ أَوْ يَدُ امْرَأَةٍ قَالَتْ بَلْ يَدُ امْرَأَةٍ

صلے اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ اپنا پس فرمایا کہ نہیں جانتا میں کہ آیا ہاتھ مرد کا ہے یا ہاتھ عورت کا کہا اوس عورت نے بلکہ ہاتھ عورت کا

قَالَ لَوْ كُنْتِ امْرَأَةً لَغَيَّرْتِ أَظْفَارَكِ يَعْنِي بِالْحِنَّاءِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ

فرمایا حضرت صلعم نے اگر ہوتی تو عورت البتہ تغیر کرتی ناخن اپنے یعنی ساتھ مہندی کے روایت کی یہ ابو داؤد اور

النسائی وعن ابن عباس قال لعنت الواصلة والمستوصلة والنامصة

نسائی نے - اور روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا لعنت کی گئی بال کو ملانیوالی اور ملوانیوالی اور بال چننے والی

والمتنمصة والواشمة والمستوشمة من غیر داء رواه ابوداود وعن

اور چنوانیوالی اور گودنیوالی اور گدوانیوالی بغیر بیماری کے روایت کی یہ ابوداؤد نے اور روایت ہے

ابی ھریرة قال لعن رسول الله صلی الله علیه وسلم الرجل یلبس لبسة المرأة

ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ کہا لعنت کی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اوس شخص کو کہ پہنے پہناوا عورت کا سا

والمرأة تلبس لبسة الرجل رواه ابوداود وعن ابن ابی ملیکة قال قیل

اور لعنت کی اوس عورت کو کہ پہنے پہناوا مرد کا سا روایت کی یہ ابوداؤد نے - اور روایت ہے ابن ابی ملیکہ سے کہا اوس نے کہا گیا

لعائشة ان امرأة تلبس النعل قالت لعن رسول الله صلی الله علیه وسلم الرجلة

واسطے عائشہ رضی اللہ عنہا کے تحقیق ایک عورت پہنتی ہے پاپوش مردانی سو کہا عائشہ نے لعنت کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مردانی عورتوں کو

من النساء رواه ابوداود وعن ثوبان قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم

مشابہت کرے ساتھ مردوں کے روایت کی یہ ابوداؤد نے - اور روایت ہے ثوبان سے کہ کہا تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم

اذا سافر کان اخر عھده بانسان من اھله فاطمة واول من یدخل

جس وقت سفر کرتے ہوتا آخر عہد اونکا ساتھ لوگوں کے اہل اونکے سے عہد فاطمہ کا اور پہلے اہل اونکی کہ آتے حضرت

علیھا فاطمة فقدم من غزاة وقد علقت مسحا او سترا علی بابھا

اونکے پاس فاطمہ پس آئے حضرت ایک جہاد سے اور حالانکہ لٹکایا تھا فاطمہ نے ٹاٹ یا پردہ اپنے دروازہ پر

وحلت الحسن والحسین قلبین من فضة فقدم فلم یدخل فظنت

اور پہنائے تھے حضرت حسن اور حسین کو دو کڑے چاندی کے پس تشریف لائے آنحضرت اور نہ داخل ہوئے پس گمان کیا

ان ما منعه ان یدخل ما رأی فھتکت الستر وفکت القلبین عن

یہ کہ اونکو جس نے منع کیا حضرت کو داخل ہونیسے وہ ہے کہ دیکھا پس پھاڑ ڈالا فاطمہ نے پردہ اور اتار لیے دونوں کڑے

الصبیین وقطعته منھما فانطلقا الی رسول الله صلی الله علیه وسلم یبکیان

دونوں صاحبزادوں کے ہاتھ سے اور توڑ ڈالا ... دونوں کو ہاتھ سے پس گئے دونوں صاحبزادے حضرت کے پاس روتے ہوئے

فاخذه منھما فقال یا ثوبان اذھب بھذا الی آل فلان ان ھؤلاء

پس لیا حضرت نے زیور کو اون دونوں سے اور فرمایا اے ثوبان لیجا تو اس زیور کو طرف آل فلان کے اسلیے کہ یہ

کاروانگی یعنی سب کو رخصت کرکے اور سب سے فارغ ہوکر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لاتے اور جو کچھ کہنا ہوتا انسے کہتے اور جو کچھ وصیت کرنی ہوتی اونکو کرتے اور رخصت کرتے ۱۲

۱۰ سو زیور کو طرف آل فلان کے یعنی اپنے قرابتیوں کا نام لیا جو محتاج تھے ۱۲

أهلي أكره أن يأكلوا طيباتهم في حياتهم الدنيا يا ثوبان اشتر لفاطمة

اہل بیت میرے میں مکروہ رکھتا ہوں میں یہ کہ کھاویں لذائذ اپنی بیچ زندگانی اپنی کے دنیا میں اے ثوبان خرید کر واسطے فاطمہ کے

قلادة من عصب وسوارين من عاج رواه أحمد وأبو داود وعن

ایک ہار عصب کا اور خرید کر لے دو کڑے ہاتھی دانت کے روایت کی یہ احمد اور ابو داؤد نے - اور روایت ہے

ابن عباس أن النبي صلى الله عليه وسلم قال اكتحلوا بالإثمد فإنه يجلو البصر

ابن عباس رضہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سرمہ لگاؤ ساتھ سرمے اصفہانی کے پس تحقیق وہ روشن کرتا ہے بینائی کو

وينبت الشعر وزعم أن النبي صلى الله عليه وسلم كانت له مكحلة يكتحل بها

اور اوگاتا ہے بالوں کو اور کہا ابن عباس رضہ نے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے تھی سرمہ دانی سرمہ لگاتے تھے اوس سے

كل ليلة ثلاثة في هذه وثلاثة في هذه رواه الترمذي وعنه قال

ہر شب میں تین بار اس آنکھ میں اور تین بار اسمیں روایت کی یہ ترمذی نے - اور روایت ہے ابن عباس رضہ سے کہا

كان النبي صلى الله عليه وسلم يكتحل قبل أن ينام بالإثمد ثلاثا في كل عين

تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سرمہ لگاتے پہلے سونیکے ساتھ سرمہ اصفہانی کی تین تین دفعہ ہر آنکھ میں

قال وقال إن خير ما تداويتم به اللدود والسعوط والحجامة والمشي

کہا ابن عباس رضہ نے اور فرمایا حضرت صلعم نے کہ بہترین چیز کہ دوا کرو تم ساتھ اوسکی یہ چار چیزیں ہیں لدود اور سعوط اور حجامت اور مشی

وخير ما اكتحلتم به الإثمد فإنه يجلو البصر وينبت الشعر

اور بہترین چیز کہ سرمہ لگاؤ تم ساتھ اوسکے سرمہ اصفہانی ہے پس تحقیق وہ روشن کرتا ہے بینائی کو اور جماتا ہے بالوں کو اور

إن خير ما تحتجمون فيه يوم سبع عشرة ويوم تسع عشرة ويوم

تحقیق بہترین دنوں کہ [illegible] سینگی کھچواؤ سترہ میں اور انیسویں اور

إحدى وعشرين وإن رسول الله صلى الله عليه وسلم حيث عرج به ما مر على

اکیسویں میں اور تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو جب معراج ہوئی نہیں گذرے وہ

ملأ من الملائكة إلا قالوا عليك بالحجامة رواه الترمذي وقال

کسی جماعت پر فرشتوں سے مگر کہا انہوں نے حضرت صلعم کو کہ لازم پکڑ تو سینگی کھچوانی روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا

هذا حديث حسن غريب وعن عائشة أن النبي صلى الله عليه وسلم نهى

کہ یہ حدیث حسن غریب ہے - اور روایت ہے حضرت عائشہ رضہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا

الرجال والنساء عن دخول الحمامات ثم رخص للرجال ان يدخلوا بالميازر

مردوں اور عورتوں کو داخل ہونے حماموں کے سے پھر رخصت دی مردوں کو داخل ہونے کی ساتھ تہبندوں کے

رواه الترمذي وابوداود وعن ابي المليح قال قدم على عائشة نسوة

روایت کی یہ ترمذی اور ابو داود نے۔ اور روایت ہے ابی ملیح سے کہا اوسنے آئیں حضرت عائشہ رضی کے پاس کتنی ایک عورتیں

من اهل حمص فقال من اين انتن قلن من الشام قالت فلعلكن

اہل حمص سے پس کہا عائشہ نے کہ کہاں کی ہو تم کہا اون عورتوں نے کہ شام کی فرمایا عائشہ نے کہ شاید تم

من الكورة التي تدخل نساؤها الحمامات قلن بلى قالت فاني سمعت

اوس بستی کی ہو کہ داخل ہوتی ہیں عورتیں اوسکی حماموں میں کہا اونہوں نے کہ ہاں فرمایا عائشہ رضی نے پس تحقیق سنا میں نے

رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لا تخلع امرأة ثيابها في غير بيت زوجها

پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے نہیں اوتارتی کوئی عورت کپڑے اپنے بیچ غیر گھر خاوند اپنے کی

الا هتكت الستر بينها وبين ربها وفي رواية في غير بيتها الا هتكت

مگر کہ پھاڑا اوسنے پردہ درمیان اپنے اور درمیان پروردگار اپنے کے اور بیچ ایک روایت کے بیچ غیر گھر اپنی کے مگر پھاڑا اوسنے

سترها فيما بينها وبين الله عز وجل رواه الترمذي وابوداود و

پردہ اپنا بیچ اوس چیز کے کہ درمیان اوسکی ہے اور درمیان اللہ عز وجل کے روایت کی یہ ترمذی اور ابو داود نے۔ اور

عن عبد الله بن عمرو ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ستفتح لكم ارض

روایت ہے عبد اللہ بن عمرو رضی سے کہ تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ فتح کیجاویگی واسطے تمہارے زمین

العجم وستجدون فيها بيوتا يقال لها الحمامات فلا يدخلنها الرجال الا

عجم کی اور پاؤگے تم اوس میں گھر کہا جاویگا واسطے اونکے حمام پس نہ داخل ہوں اون میں مرد بدون

بالازر وامنعوها النساء الا مريضة او نفساء رواه ابوداود وعن

تہبند کے اور منع کرو اونمیں داخل ہونے سے عورتوں کو مگر بیمار ہو یا نفاس والی ہو روایت کی یہ ابو داود نے۔ اور روایت ہے

جابر ان النبي صلى الله عليه وسلم قال من كان يؤمن بالله واليوم الآخر فلا

جابر رضی سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ ایمان رکھتا ہو ساتھ اللہ کے اور روز آخرت کے پس نہ

يدخل الحمام بغير ازار ومن كان يؤمن بالله واليوم الآخر فلا يدخل

داخل ہو حمام میں بغیر تہبند کے اور جو شخص کہ ایمان رکھتا ہو ساتھ اللہ کے اور دن آخرت کے پس نہ داخل کرے

حليلته الحمام ومن كان يؤمن بالله واليوم الآخر فلا يجلس على مائدة

اپنی عورت کو حمام میں اور جو شخص کہ ایمان رکھتا ہو ساتھ اللہ کے اور روز آخرت کے پس نہ بیٹھے اوپر دسترخوان کے کہ

تدار عليها الخمر رواه الترمذي والنسائي الفصل الثالث عن

دور کیجاتی ہو اوپر اس کے شراب روایت کی یہ ترمذی اور نسائی نے۔ فصل تیسری۔ روایت ہے

ثابت قال سئل انس عن خضاب النبي صلى الله عليه وسلم فقال لو شئت ان

ثابت سے کہا پوچھے گئے انس بن مالک خضاب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے سے پس کہا انس نے کہ اگر چاہتا میں کہ

اعد شمطات كن في رأسه فعلت قال ولم يختضب وزاد في رواية

شمار کروں میں بال سفید کہ اوس کے سر مبارک میں تھے شمار کرتا میں کہا کہ نہیں خضاب کیا آنحضرت نے اور زیادہ کیا ایک روایت میں

وقد اختضب ابو بكر بالحناء والكتم واختضب عمر بالحناء بحتا متفق

کہ تحقیق خضاب کیا حضرت ابوبکر نے ساتھ مہندی اور وسمہ کے اور خضاب کیا حضرت عمر نے ساتھ نری مہندی کے متفق

عليه وعن ابن عمر انه كان يصفر لحيته بالصفرة حتى تمتلئ ثيابه من

علیہ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے یہ کہ وہ تھے رنگتے اپنی داڑھی ساتھ زردی کے یہاں تک کہ بھرتے کپڑے اوس کے

الصفرة فقيل له لم تصبغ بالصفرة قال اني رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يصبغ بها ولم

زردی سے پس کہا گیا واسطے اوس کے کیوں رنگتے ہو زردی سے کہا تحقیق دیکھا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ رنگتے تھے ساتھ زردی کے اور

يكن شيء احب اليه منها وقد كان يصبغ بها ثيابه كلها حتى

نہ تھی کوئی چیز محبوب تر طرف حضرت کے زردی سے اور تحقیق تھے حضرت رنگتے زردی سے کپڑے اپنے سب یہاں تک کہ

عمامته رواه ابو داود والنسائي وعن عثمان بن عبد الله بن موهب

پگڑی بھی روایت کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے۔ اور روایت ہے عثمان بن عبد اللہ بن موہب سے کہ

قال دخلت على ام سلمة فاخرجت الينا شعرا من شعر النبي صلى الله

کہا گیا میں ام سلمہ کے پاس پس نکالا اونہوں نے طرف ہماری ایک بال بالوں نبی صلی اللہ

عليه وسلم مخضوبا رواه البخاري وعن ابي هريرة قال اتي رسول الله

علیہ وسلم کے سے رنگین تھا روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا لایا گیا پیغمبر خدا

صلى الله عليه وسلم بمخنث قد خضب يديه ورجليه بالحناء فقال رسول

صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک مخنث کہ تحقیق رنگے تھے اوس نے ہاتھ پاؤں اپنے ساتھ مہندی کے پس فرمایا رسول

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَالُ هٰذَا قَالُوْا يَتَشَبَّهُ بِالنِّسَاءِ فَأَمَرَ بِهٖ فَنُفِيَ إِلَى

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کیا حال ہے اسکا عرض کیا صحابہ نے کہ یہ مشابہت کرتا ہے ساتھ عورتوں کے پس حکم کیا آپنے اسکو نکالدینے کا

النَّقِيْعِ فَقِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللهِ أَلَا نَقْتُلُهٗ فَقَالَ إِنِّيْ نُهِيْتُ عَنْ قَتْلِ

تک نقیع کے پس کہا گیا کہ یا رسول اللہ کیا نہ قتل کریں ہم اسکو پس فرمایا حضرت صلعم نے کہ تحقیق میں منع کیا گیا ہوں قتل کرنے

الْمُصَلِّيْنَ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَعَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ عُقْبَةَ قَالَ لَمَّا فَتَحَ رَسُوْلُ

نمازیوں کے سے روایت کی یہ ابوداود نے۔ اور روایت ہے ولید بیٹے عقبہ کے سے کہا اوسنے جب فتح کیا رسول

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ جَعَلَ أَهْلُ مَكَّةَ يَأْتُوْنَهٗ بِصِبْيَانِهِمْ فَيَدْعُوْ لَهُمْ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ کو شروع کیا مکہ والوں نے کہ لاتے تھے حضرت صلعم کے پاس اپنے لڑکے پس دعا مانگتے حضرت صلعم

بِالْبَرَكَةِ وَيَمْسَحُ رُءُوْسَهُمْ فَجِيْءَ بِيْ إِلَيْهِ وَأَنَا مُخَلَّقٌ فَلَمْ يَمَسَّنِيْ مِنْ أَجْلِ

ساتھ برکت کے اور ہاتھ پھیرتے اونکے سر پر پس لایا گیا میں بھی حضرت صلعم کے پاس اور میں تھا آلودہ ساتھ خلوق کے پس نہ لگایا ہاتھ حضرت نے

الْخَلُوْقِ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَعَنْ أَبِيْ قَتَادَةَ أَنَّهٗ قَالَ لِرَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

آلودگی خلوق کی روایت کی یہ ابوداود نے۔ اور روایت ہے ابی قتادہ سے کہ کہا واسطے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے

إِنَّ لِيْ جُمَّةً أَفَأُرَجِّلُهَا قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ وَأَكْرِمْهَا قَالَ فَكَانَ

کہ تحقیق واسطے میرے ہیں بال مونڈھوں تک کیا پس کنگھی کروں میں اونکو فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ ہاں اور تعظیم کرو انکی کہا راوی نے پس تھے

أَبُوْ قَتَادَةَ رُبَّمَا دَهَنَهَا فِي الْيَوْمِ مَرَّتَيْنِ مِنْ أَجْلِ قَوْلِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى

ابوقتادہ کہ اکثر تیل لگاتے تھے بالوں کو ایکدن میں دو بار بسبب فرمانے رسول خدا صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ وَأَكْرِمْهَا رَوَاهُ مَالِكٌ وَعَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ حَسَّانَ قَالَ دَخَلْنَا

علیہ وسلم کے کہ ہاں اور تعظیم کر روایت کی یہ مالک نے۔ اور روایت ہے حجاج بن حسان سے کہ کہا داخل ہوئے ہم

عَلٰى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ فَحَدَّثَتْنِيْ أُخْتِي الْمُغِيْرَةُ قَالَتْ وَأَنْتَ يَوْمَئِذٍ

پاس انس بیٹے مالک کے پس حدیث کی مجھکو بہن میری مغیرہ نے کہا اور تو اوسدن

غُلَامٌ وَلَكَ قَرْنَانِ أَوْ قُصَّتَانِ فَمَسَحَ رَأْسَكَ وَبَرَّكَ عَلَيْكَ وَقَالَ

لڑکا تھا اور تیرے دو گیسو تھے یا کہا دو قصتان پس ہاتھ پھیرا انس نے تیرے سر پر اور دعا برکت کی تیرے لیے اور فرمایا کہ

احْلِقُوْا هٰذَيْنِ أَوْ قُصُّوْهُمَا فَإِنَّ هٰذَا زِيُّ الْيَهُوْدِ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَعَنْ

منڈوا ڈالو ان دونوں کو یا کتر ڈالو ان دونوں کو اسلیے کہ یہ شکل یہود کی ہے روایت کی یہ ابوداود نے۔ اور روایت ہے

عَلِيٍّ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تَحْلِقَ الْمَرْأَةُ رَأْسَهَا رَوَاهُ النَّسَائِيُّ

علی رضی اللہ عنہ سے کہا انہ منع فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے کہ منڈاوے عورت سر اپنا روایت کی یہ نسائی نے

وَعَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ فَدَخَلَ

اور روایت ہے عطاء بن یسار رضی اللہ عنہ سے کہ کہا تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں پس آیا

رَجُلٌ ثَائِرُ الرَّأْسِ وَاللِّحْيَةِ فَأَشَارَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ كَأَنَّهُ

ایک شخص پراگندہ بال سر کے اور ڈاڑھی کے پس اشارہ کیا طرف اوسکے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ ہاتھ اپنے کے

يَأْمُرُهُ بِإِصْلَاحِ شَعْرِهِ وَلِحْيَتِهِ فَفَعَلَ ثُمَّ رَجَعَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حکم دیا اوسکو ساتھ سنوارنے بالوں اسکے کے اور ڈاڑھی اوسکی کے پس سنوارا اوسنے بالونکو پھر آیا وہ پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَيْسَ هٰذَا خَيْرًا مِّنْ أَنْ يَأْتِيَ أَحَدُكُمْ وَهُوَ ثَائِرُ الرَّأْسِ كَأَنَّهُ

علیہ وسلم نے کہ کیا نہیں یہ بہتر اس سے کہ آوے ایک تمہارا اسحالت میں کہ پراگندہ ہوں بال اوسکے سر کے گویا کہ وہ

شَيْطَانٌ رَوَاهُ مَالِكٌ وَعَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ سَمِعَ يَقُولُ إِنَّ اللّٰهَ طَيِّبٌ يُحِبُّ

شیطان ہے روایت کی یہ مالک نے۔ اور روایت ہے ابن مسیب تابعی سے کہ سنے گئے وہ کہتے تھے تحقیق اللہ تعالیٰ پاک ہے دوست

الطَّيِّبَ نَظِيفٌ يُحِبُّ النَّظَافَةَ كَرِيمٌ يُحِبُّ الْكَرَمَ جَوَادٌ يُحِبُّ الْجُودَ

پاکیکو اور نہایت ستھرا ہے دوست رکھتا ہے ستھرائی کو کرم کرنیوالا ہے دوست رکھتا ہے کرم کو بخشش والا ہے دوست رکھتا ہے بخشش کو

فَنَظِّفُوا أُرَاهُ قَالَ أَفْنِيَتَكُمْ وَلَا تَشَبَّهُوا بِالْيَهُودِ قَالَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ

پس صاف رکھو گمان کرتا ہوں میں ابن مسیب کو کہ کہا اپنے صحنوں کو اور نہ مشابہت کرو ساتھ یہودیوں کے کہا راوی نے ابن مسیب سے کہ پھر ذکر کیا

لِمُهَاجِرِ بْنِ مِسْمَارٍ فَقَالَ حَدَّثَنِيهِ عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ

قول ابن مسیب کا مہاجر بن مسمار تابعی کے آگے پس کہا اونہوں نے کہ حدیث کی مجکو یہ عامر بن سعد تابعی نے اپنے باپ سے کہ نقل کی

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ نَظِّفُوا أَفْنِيَتَكُمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند قول ابن المسیب کے مگر یہ تفاوت کہ کہا مہاجر نے کہ ستھرا رکھو صحنوں اپنے گھروں کے روایت کی یہ ترمذی نے

وَعَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ أَنَّهُ سَمِعَ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُولُ كَانَ إِبْرَاهِيمُ

اور روایت ہے یحییٰ بن سعید رضی اللہ عنہ سے کہ تحقیق سنا اوسنے سعید بیٹے مسیب کے سے کہتے کہ تھے حضرت ابراہیم

خَلِيلُ الرَّحْمٰنِ أَوَّلَ النَّاسِ ضَيَّفَ الضَّيْفَ وَأَوَّلَ النَّاسِ اخْتَتَنَ وَأَوَّلَ

دوست رحمٰن کے شہ اول آدمیوں کے کہ مہمانی کی مہمان کی اور اول لوگوں کے ختنہ کیا اور اول

النَّاسِ قَصَّ شَارِبَهُ وَاَوَّلَ النَّاسِ رَاَى الشَّيْبَ فَقَالَ يَا رَبِّ مَا

لوگون کے کہ کترین لبین اپنی اور اول لوگون کے کہ دیکھا بڑھاپا پس کہا اے پروردگار میرے کیا ہے

هٰذَا قَالَ الرَّبُّ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى وَقَارٌ يَا اِبْرَاهِيْمُ قَالَ رَبِّ زِدْنِیْ وَقَارًا

یہہ فرمایا پروردگار بزرگ و برتر نے کہ یہ وقار ہے اے ابراہیم کہا ابراہیم نے کہ اے رب میرے زیادہ کر مجھکو موجب وقار کو

رَوَاهُ مَالِكٌ بَابُ التَّصَاوِيْرِ الْفَصْلُ الْاَوَّلُ عَنْ اَبِیْ

روایت کی یہ مالک نے۔ باب ہے بیچ بیان تصویرون کے۔ فصل پہلی۔ روایت ہے ابی

طَلْحَةَ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَدْخُلُ الْمَلٰئِكَةُ بَيْتًا فِيْهِ كَلْبٌ وَ

طلحہ رضی سے کہ کہا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین داخل ہوتے فرشتے اوس گھر مین کہ ہو اوسمین کتا اور

لَا تَصَاوِيْرُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ مَيْمُوْنَةَ اَنَّ رَسُوْلَ

نہ اوس گھر مین کہ ہون اوسمین تصویرین۔ متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابن عباس رضی سے اونسے نقل کی میمونہ رضی سے کہ تحقیق رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصْبَحَ يَوْمًا وَاجِمًا وَقَالَ اِنَّ جِبْرِيْلَ كَانَ وَعَدَنِیْ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کی ایک روز غمگین اور فرمایا تحقیق جبرئیل نے وعدہ کیا تھا مجھ سے

اَنْ يَلْقَانِی اللَّيْلَةَ فَلَمْ يَلْقَنِیْ اَمَ وَاللّٰهِ مَا اَخْلَفَنِیْ ثُمَّ وَقَعَ فِیْ نَفْسِهِ

ملاقات کریگا آجکی رات پس نہ ملاقات کی مجھ سے خبردار ہو قسم خدا کی نہین خلاف وعدہ کیا جبرئیل نے مجھسے کیسی پر آیا بیچ

جِرْوُ كَلْبٍ تَحْتَ فُسْطَاطٍ لَهُ فَاَمَرَ بِهِ فَاُخْرِجَ ثُمَّ اَخَذَ بِيَدِهِ مَاءً فَنَضَحَ

بچہ کتے کا کہ پڑا ہوا تھا نیچے خیمہ حضرت کے پس حکم کیا حضرت نے اوس کتے کے بچہ کو نکالنے کا پس نکالا گیا وہ پھر لیا حضرت نے اپنے ہاتھ مین پانی پس چھڑکا

مَكَانَهُ فَلَمَّا اَمْسٰى لَقِيَهُ جِبْرِيْلُ فَقَالَ لَقَدْ كُنْتَ وَعَدْتَنِیْ اَنْ

اوسکی بیٹھنے کی جگہ پس جبکہ شام ہوئی ملے حضرت سے جبرئیل پس فرمایا حضرت نے کہ تحقیق تمنے وعدہ کیا تھا مجھسے

تَلْقَانِی الْبَارِحَةَ قَالَ اَجَلْ وَلٰكِنَّا لَا نَدْخُلُ بَيْتًا فِيْهِ كَلْبٌ وَلَا صُوْرَةٌ

ملنے شب گذشتہ کا کہا کہ ہان لیکن ہم نہین داخل ہوتے اوس گھر مین کہ ہو اوسمین کتا یا صورت

فَاَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ فَاَمَرَ بِقَتْلِ الْكِلَابِ حَتّٰى اِنَّهُ

پس صبح کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اوس دن پس حکم فرمایا ساتھ قتل کرنے کتون کے یہانتک کہ

يَاْمُرُ بِقَتْلِ كَلْبِ الْحَائِطِ الصَّغِيْرِ وَيَتْرُكُ كَلْبَ الْحَائِطِ الْكَبِيْرِ

حکم کیا ساتھ مارنے کتے باغ چھوٹے کے اور چھوڑ دیا بڑے باغون کے کتون کو

رواه مسلم وعن عائشة ان النبي صلى الله عليه وسلم لم يكن يترك في بيته

روایت کی یہ مسلم نے - اور روایت ہے عائشہ رضہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نہ چھوڑتے تھے اپنے گھر میں

شيئا فيه تصاليب الا نقضه رواه البخاري وعنها انها اشترت

کسی چیز کو کہ اس میں تصویریں ہوں مگر توڑ ڈالتے تھے اوسکو روایت کی یہ بخاری نے - اور انہیں عائشہ رضہ سے روایت ہے کہ تحقیق

نمرقة فيها تصاوير فلما راها رسول الله صلى الله عليه وسلم قام على الباب

ایک تکیہ کہ اوسمیں تصویریں تھیں پس جبکہ دیکھا اوسکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ٹھیر رہے دروازے پر

فلم يدخل فعرفت في وجهه الكراهية قالت فقلت يا رسول الله

نہ آئے گھر میں پس پہچانی عائشہ نے حضرت کے چہرہ مبارک میں ناخوشی کہا عائشہ رضہ نے پس کہا میں نے یا رسول اللہ

اتوب الى الله والى رسوله ماذا اذنبت فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم

پھرتی ہوں میں مخالفت سے طرف رضا اللہ اور رسول اوسکے کیا گناہ کیا ہے میں نے پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

ما بال هذه النمرقة قالت قلت اشتريتها لك لتقعد عليها وتوسدها

کیا حال ہے اس تکیہ کا کہا عائشہ نے کہا میں نے خریدا میں نے اسکو آپکے لیے تاکہ بیٹھیے آپ اسپر اور تکیہ لگائے اسپر

فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان اصحاب هذه الصور يعذبون يوم

پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق صورت بنانے والے عذاب کیے جاوینگے دن

القيمة ويقال لهم احيوا ما خلقتم وقال ان البيت الذي فيه

قیامت کے اور کہا جاویگا اونکو کہ زندہ کرو اوسچیز کو کہ بنایا تھا تمنے اور فرمایا کہ تحقیق وہ گھر کہ اوسمیں

الصورة لا تدخله الملئكة متفق عليه وعنها انها كانت قد اتخذت

صورت ہے نہیں داخل ہوتے اوسمیں فرشتے متفق علیہ - اور روایت ہے عائشہ رضہ سے کہ تحقیق اونہوں نے ڈالا

على سهوة لها سترا فيه تماثيل فهتكه النبي صلى الله عليه وسلم فاتخذت

اپنے شہ نشین پر پردہ کہ اوسمیں تصویریں تھیں پس پھاڑ ڈالا اوسکو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پس بنائے

منه نمرقتين فكانتا في البيت يجلس عليهما متفق عليه وعنها ان

اوسکے دو تکیے پس تھے وہ دونوں گھر میں بیٹھتے تھے اونپر تکیہ لگاکر متفق علیہ - اور روایت ہے عائشہ رضہ سے کہ تحقیق

النبي صلى الله عليه وسلم خرج في غزاة فاخذت نمطا فسترته على الباب فلما

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نکلے ایک جہاد میں پس لیا میں نے ایک کپڑا پس پردہ کیا میں نے اوسکا دروازے پر پس جب

کہتے ہیں سولی کی جس کو نصاریٰ پوجتے ہیں بسبب اسکے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو یہود نے سولی پر کھینچا تھا اور اسکی شکل مثلث ہوتی ہے تصالیب سے مطلق تصویریں مراد ہیں ۱۲ نہیں داخل ہوتے ہیں فرشتے علماء نے کہا ہے کہ جاندار کی تصویر بنانا اور اوسکا گھر میں رکھنا سخت حرام ہے اگرچہ

فَلَمَّا رَأَى النَّمَطَ فَجَذَبَهُ حَتَّى هَتَكَهُ ثُمَّ قَالَ إِنَّ اللهَ لَمْ يَأْمُرْنَا أَنْ

آپ نے حضرت صلعم پس دیکھا پردہ پڑا ہوا پس کھینچا اوسکو یہانتک کہ پھاڑ ڈالا اوسکو پھر فرمایا کہ تحقیق اللہ نے نہیں حکم کیا ہمکو کہ

نَكْسُوَ الْحِجَارَةَ وَالطِّيْنَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهَا عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

پہناویں ہم کپڑے پتھر اور مٹی کو متفق علیہ۔ اور روایت ہے عائشہ رضہ سے اونسے روایت کی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے

قَالَ أَشَدُّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ الَّذِيْنَ يُضَاهُوْنَ بِخَلْقِ اللهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

کہ فرمایا بہت سخت لوگوں میں عذاب دن قیامت کے وہ لوگ ہونگے کہ مشابہت کرتے ہیں ساتھ پیدائش خدا تعالے کی متفق علیہ

وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قَالَ اللهُ تَعَالَى

اور روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے کہ کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے فرمایا اللہ تعالے نے

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ ذَهَبَ يَخْلُقُ كَخَلْقِيْ فَلْيَخْلُقُوْا ذَرَّةً أَوْ لِيَخْلُقُوْا حَبَّةً أَوْ

اور کون ظالم تر ہے اوس شخص سے کہ پیدا کرے مانند پیدا کرنے میرے کے پس چاہیے کہ پیدا کریں ایک چیونٹی یا ایک دانہ یا

شَعِيْرَةً مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ

ایک جو روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود رضہ سے کہا اوسنے سنا میں نے رسول

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ أَشَدُّ النَّاسِ عَذَابًا عِنْدَ اللهِ الْمُصَوِّرُوْنَ مُتَّفَقٌ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے سخت تر لوگونمیں از روے عذاب کے نزدیک اللہ کے مصور ہیں متفق

عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ كُلُّ

علیہ۔ اور روایت ہے ابن عباس رضہ کہا اونسے کہ سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے ہر

مُصَوِّرٍ فِي النَّارِ يُجْعَلُ لَهُ بِكُلِّ صُوْرَةٍ صَوَّرَهَا نَفْسًا فَيُعَذِّبُهُ فِيْ جَهَنَّمَ

صورت کھینچنے والا بیچ آگ دوزخ کے ہے پیدا کیا جاویگا واسطے اوسکے بدلے ہر صورت کے کہ بنایا ہے اوسکو ایک شخص پس عذاب کریگا

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَإِنْ كُنْتَ لَا بُدَّ فَاعِلًا فَاصْنَعِ الشَّجَرَ وَمَا لَا رُوْحَ فِيْهِ

کہا ابن عباس رضہ نے پس اگر ہو تو ضرور بنانیوالا صورت کا پس بنا صورت درختوں کی اور ان چیزوں کی کہ نہیں ہے روح اونمیں

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ تَحَلَّمَ

متفق علیہ۔ اور روایت ہے اوسی سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جو شخص کہ دعوے کرے

بِحُلْمٍ لَمْ يَرَهُ كُلِّفَ أَنْ يَعْقِدَ بَيْنَ شَعِيْرَتَيْنِ وَلَنْ يَفْعَلَ وَمَنِ اسْتَمَعَ إِلَى

اوس خواب کا کہ نہیں دیکھا تکلیف دیا جاویگا یہ کہ گرہ لگادے درمیان دو جو کے اور ہرگز نہ کرسکیگا یہ اور جو شخص کہ کان لگاوے طرف

حدیث قوم وهم له کارهون او یفرون منه صب فی اذنیه الآنك

بات ایک قوم کے حالانکہ وہ قوم اوس شخص کے سننے کو ناخوش رکھتے ہون یا بھاگتے ہون وہ اوس سے ڈالا جاویگا اوس کے کان

یوم القیمة ومن صور صورة عذب وکلف ان ینفخ فیها ولیس

روز قیامت کے اور جو شخص بناوے کوئی صورت عذاب کیا جاویگا اور تکلیف دیا جاویگا یہ کہ پھونکے روح اوس مین اور نہین

بنافخ رواه البخاری وعن بریدة ان النبی صلی الله علیه قال من لعب

پھونک سکنے کا وہ روح روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے بریدہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کھیلے

بالنردشیر فکانما صبغ یده فی لحم خنزیر ودمه رواه مسلم الفصل الثانی

ساتھ نرد شیر کے پس گویا کہ رنگا ہاتھ اپنا بیچ گوشت سور اور لہو اوسکے روایت کی یہ مسلم نے۔ فصل دوسری

عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه اتانی جبریل قال

روایت ہے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے آئے میرے پاس جبرئیل ع کہا کہ

اتیتك البارحة فلم یمنعنی ان اکون دخلت الا انه کان علی الباب

آیا تھا مین تیرے پاس شب گذشتہ پس نہین منع کیا مجھکو گھر مین آنے سے کسی چیز نے مگر اسنے کہ تھین۔ دروازے پر

تماثیل وکان فی البیت قرام ستر فیه تماثیل وکان فی البیت کلب

تصویرین اور تھا گھر مین کپڑا رنگین منقش کہ اوسکا پردہ بنایا تھا تھین اوسمین تصویرین اور تھا گھر مین کتا

کہ نہیں تیار کیا میں نے اوسکے لیے کچھ مگر یہہ کہ دوست رکھتا ہوں میں خدا اور رسول خدا کو فرمایا تو ساتھ اوسکے ہے کہ دوست رکھتا ہے

قال انس فما رأيت المسلمين فرحوا بشيء بعد الاسلام فرحهم بها

کہا انس نے پس نہیں دیکھا میں نے مسلمانوں کو کہ خوش ہوئے ہوں ساتھ کسی چیز کے پیچھے اسلام کے مانند خوشی ہونے اونکے

متفق عليه وعن ابي موسى قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم مثل

متفق علیہ - اور روایت ہے ابی موسی رض سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ مثل

الجليس الصالح والسوء كحامل المسك ونافخ الكير فحامل المسك

ہمنشین نیک اور بد کے ہے مانند اوٹھانیوالے مشک کے ہے اور پھونکنے والے دھونکنی کے ہے پس اوٹھانیوالا مشک کا

اما ان يحذيك واما ان تبتاع منه واما ان تجد منه ريحا

یا دیگا تجکو مشک مفت اور یا خرید یگا تو اوس سے اور یا پاویگا تو اوس سے خوشبو

طيبة ونافخ الكير اما ان يحرق ثيابك واما ان تجد منه ريحا

اچھی اور پھونکنے والا دھونکنی کا یا جلاویگا کپڑے تیرے یا پاویگا تو اوس سے ہوا

خيبته متفق عليه الفصل الثاني عن معاذ بن جبل قال

بد نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے فصل دوسری روایت ہے معاذ بن جبل رضی سے کہ کہا

سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول قال الله تعالى وجبت محبتي

سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے کہ فرماتا ہے اللہ تعالی لازم ہوئی محبت میری

للمتحابين في والمتجالسين في والمتزاورين في والمتباذلين

واسطے محبت کرنیوالوں کے آپس میں سبب میرے اور واسطے بیٹھنے والوں کے سبب میرے اور واسطے ملاقات کرنیوالوں کے میری رضا کیلئے

في رواه مالك وفي رواية الترمذي قال يقول الله تعالى المتحابون

میری رضا میں روایت کی یہ مالک نے اور بیچ روایت ترمذی کے ہے کہ فرمایا حضرت نے کہ فرماتا ہے اللہ کہ محبت کرنیوالے آپس میں

في جلالي لهم منابر من نور يغبطهم النبيون والشهداء وعن

سبب جلال میرے کے ہونگے انکے لیے منبر نور کے کہ رشک کرینگے انپر نبی اور شہید اور روایت ہے

عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن من عباد الله لأناسا ما هم

عمر رضی سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق بندگان خدا سے البتہ بعضے آدمی ایسے ہیں نہیں وہ

بأنبياء ولا شهداء يغبطهم الأنبياء والشهداء يوم القيمة

نبی اور نہ شہید رشک لیجاوینگے انپر انبیاء اور شہداء دن قیامت کے

بمكانهم من الله قالوا يا رسول الله تخبرنا من هم قال هم قوم تحابوا

بسبب مرتبہ انکے کے نزدیک خدا کے رہیں گے عرض کیا اصحاب نے یا رسول اللہ خبر دو ہمکو کون ہونگے وہ فرمایا وہ قوم ہیں کہ محبت

بروح الله على غير أرحام بينهم ولا أموال يتعاطونها فوالله

بسبب روح خدا کے حالانکہ محبت انکی وہ ہوگی بغیر ناتے کے کہ درمیان انکے ہو اور بغیر اموال کے کہ داد وستد کرتے ہیں انکو آپس میں پس

إن وجوههم لنور وإنهم لعلى نور لا يخافون إذا خاف الناس

کہ تحقیق منہ انکے البتہ نورانی ہونگے اور تحقیق وہ نور کے منبروں پر ہونگے نہ ڈرینگے جس وقت کہ ڈرینگے لوگ

ولا يحزنون إذا حزن الناس وقرأ هذه الآية ألا إن أولياء الله

اور نہ غمگین ہونگے جبکہ غمگین ہونگے لوگ اور پڑھی اس حضرت نے یہ آیت خبردار ہو تحقیق دوست خدا کے

لا خوف عليهم ولا هم يحزنون رواه أبو داود ورواه في شرح السنة

نہیں ڈر اونپر اور نہ وہ غمگین ہونگے روایت کی یہ ابوداود نے اور روایت کی یہ بغوی نے شرح السنہ میں

عن ابی مالك بلفظ المصابيح مع زوائد وكذا فی شعب الايمان

ابی مالک سے ساتھ لفظ کے کہ مصابیح مین مذکور ہو ساتھ اور زیادتیون کے اور اسیطرح روایت کی ہی بیہقی نے شعب الایمان مین

وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لابی ذر يا اباذر

اور روایت ہی ابن عباس رض سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے واسطے ابی ذر کے اے ابی ذر

ای عری الايمان اوثق قال الله ورسوله اعلم قال الموالاة فی

کونسی دست آویز ایمان کی مضبوط تر ہے کہا ابوذر نے اللہ اور رسول اوسکا داناتر ہے فرمایا دوستی کرنی آپسمین بسبب

الله والحب فی الله والبغض فی الله رواه البيهقی فی شعب الايمان

اللہ کے اور دوست رکھنا کسیکو بسبب خدا کے اور بغض رکھنا اللہ کی راہ مین روایت کی یہ بیہقی نے شعب الایمان مین

وعن ابی هريرة ان النبی صلى الله عليه وسلم قال اذا عاد المسلم اخاه او زاره

اور روایت ہی ابی ہریرہ رض سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسوقت کہ عیادت کرتا ہے مسلمان بھائی اپنے کی

قال الله تعالى طبت وطاب ممشاك وتبوأت من الجنة منزلا

فرماتا ہے اللہ تعالی خوش ہووی زندگانی تیری اور خوش ہوا ہی چلنا تیرا اور پکڑی تونے بہشت سے ایک جگہہ بڑی

رواه الترمذی وقال هذا حديث غريب وعن المقدام بن

روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے۔ اور روایت ہی مقدام بیٹے

معد يكرب عن النبی صلى الله عليه وسلم قال اذا احب الرجل اخاه فليخبره

معد یکرب کے سے اوسنے روایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جسوقت کہ دوست رکھی شخص اپنے بھائی مسلمان کو

انه يحبه رواه ابوداود والترمذی وعن انس قال مر رجل بالنبی

کہ وہ دوست رکھتا ہے اوسکو روایت کی یہ ابوداود اور ترمذی نے۔ اور روایت ہی انس رض سے کہ کہا گذرا ایک شخص نبی

صلى الله عليه وسلم وعنده ناس فقال رجل ممن عنده انی لاحب هذا

صلی اللہ علیہ وسلم پر اسحالیمین کہ نزدیک حضرت کے تھے کتنے ایک شخص کہا ایک شخص نے اون لوگون مین سے کہ حضرت کے پاس بیٹھی ہوی تھی تحقیق مین البتہ

لله فقال النبی صلى الله عليه وسلم اعلمته قال لا قال قم اليه فاعلمه فقام اليه

واسطے خدا کے پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا خبردار کیا تونے اوس شخص کو کہا اوسنے کہ نہین فرمایا کہ اوٹھ اور جا طرف اوسکی اور خبردار کر تو اوسکو

فاعلمه فقال احبك الذی احببتنی له قال ثم رجع فسأله النبی صلى الله عليه وسلم

اور خبردار کیا اوسکو پس کہا اوس شخص نے دوست رکھے تجکو وہ کہ دوست رکھتا تو نے مجکو واسطے اوسکے کہا انس نے پھر پھر آیا وہ شخص پس پوچھا

فَلْيُخْبِرْهُ بِمَا قَالَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلَكَ

پس خبر دی اوسنے حضرت کو ساتھ اوس چیز کے کہ کہی تھی اوسنے پس فرمایا حضرت نے کہ تو ساتھ اوس شخص کے ہوگا کہ دوست رکھتا ہے تو اوسکو اور تیرا

مَا احْتَسَبْتَ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَفِي رِوَايَةِ التِّرْمِذِيِّ

اجر اوس چیز کا کہ نیت کی تو نے روایت کی یہ بیہقی نے شعب الایمان میں اور بیچ روایت ترمذی کی یہ لفظ آئے ہیں

اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ وَلَهُ مَا اكْتَسَبَ وَعَنْ اَبِي سَعِيْدٍ اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ

کہ مرد ساتھ اوس شخص کے ہوگا کہ دوست رکھتا ہے اوسکو اور واسطے اوسکے اجر اوس چیز کا کہ کسب کیا۔ اور روایت ہے ابی سعید سے اوسنے سنا نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تُصَاحِبْ اِلَّا مُؤْمِنًا وَلَا يَاْكُلْ طَعَامَكَ اِلَّا تَقِيٌّ

صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے یاری مت کر مگر مسلمان سے اور نہ کھاوے کھانا تیرا مگر پرہیزگار

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ

روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور دارمی نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے کہا فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَرْءُ عَلٰى دِيْنِ خَلِيْلِهٖ فَلْيَنْظُرْ اَحَدُكُمْ مَنْ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ آدمی جو ہوتا ہے سو اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے پس چاہیے کہ دیکھے ایک تمہارا کہ کس سے

يُخَالِلُ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوُدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْاِيْمَانِ

دوستی کرتا ہے روایت کی یہ احمد اور ترمذی اور ابوداؤد نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَقَالَ النَّوَوِيُّ اِسْنَادُهٗ

اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث حسن غریب ہے اور کہا نووی نے کہ اسناد اسکی

صَحِيْحٌ وَعَنْ يَزِيْدَ بْنِ نَعَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا

صحیح ہے۔ اور روایت ہے یزید بن نعامہ رضہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جس وقت

اٰخَى الرَّجُلُ الرَّجُلَ فَلْيَسْاَلْهُ عَنِ اسْمِهٖ وَاسْمِ اَبِيْهِ وَمِمَّنْ هُوَ فَاِنَّهٗ

کہ بھائی چارہ کرے کوئی شخص کسی شخص سے پس چاہیے کہ پوچھے اوس سے نام اوسکا اور نام باپ اوسکا اور یہ کہ کس قبیلہ میں سے ہے کہ

اَوْصَلُ لِلْمَوَدَّةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنْ اَبِي ذَرٍّ

بہت پیوند دینے والا ہے واسطے دوستی کے روایت کی یہ ترمذی نے۔ فصل تیسری۔ روایت ہے ابی ذر رضہ سے

قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَدْرُوْنَ اَيُّ الْاَعْمَالِ اَحَبُّ

کہ کہا ابوذر نے کہ نکلے ہم پر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم فرمایا کہ کیا جانتے ہو تم کہ کونسا عمل بہت پیارا ہے

إِلَى اللهِ تَعَالَى قَالَ قَائِلٌ الصَّلٰوةُ وَالزَّكٰوةُ وَقَالَ قَائِلٌ الْجِهَادُ قَالَ

طرف اللہ تعالیٰ کے کہا ایک کہنے والے نے نماز یا زکوٰۃ اور کہا ایک کہنے والے نے جہاد فرمایا

النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَحَبَّ الْأَعْمَالِ إِلَى اللهِ تَعَالَى الْحُبُّ فِي اللهِ وَ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق بہت پیارا عمل طرف اللہ تعالیٰ کے دوستی ہے بیچ راہ خدا کے اور

الْبُغْضُ فِي اللهِ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَرَوَى أَبُو دَاوُدَ الْفَصْلَ الْأَخِيرَ وَعَنْ

بغض بیچ راہ خدا کے روایت کی یہ احمد نے اور روایت کی ابوداؤد نے فصل اخیر۔ اور روایت ہے

أَبِي أُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَحَبَّ عَبْدٌ عَبْدًا لِلّٰهِ

ابی امامہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہیں دوست رکھا کسی بندہ نے کسی بندہ کو واسطے اللہ

إِلَّا أَكْرَمَ رَبَّهُ عَزَّ وَجَلَّ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَعَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيدَ أَنَّهَا

مگر تعظیم کی اوسنے اپنے پروردگار عزوجل کی روایت کی یہ احمد نے۔ اور روایت ہے اسماء بیٹی یزید کی سے کہ تحقیق وہ نے

سَمِعَتْ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِخِيَارِكُمْ قَالُوا بَلَى

سنا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے کیا نہ خبر دوں میں تمکو کہ بہترین تمہارے کون ہیں کہا انہوں نے ہاں

يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ خِيَارُكُمُ الَّذِينَ إِذَا رُؤُوا ذُكِرَ اللهُ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ

خبر دیجئے ای رسول خدا کے فرمایا بہترین تمہارے وہ لوگ ہیں کہ جب دیکھے جاویں یاد کیا جاوے اللہ روایت کی یہ ابن ماجہ نے

وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ أَنَّ عَبْدَيْنِ

اور روایت ہے ابی ہریرہ رضی سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر تحقیق دو بندے

تَحَابَّا فِي اللهِ عَزَّ وَجَلَّ وَاحِدٌ فِي الْمَشْرِقِ وَآخَرُ فِي الْمَغْرِبِ لَجَمَعَ اللهُ

محبت رکھیں آپسمیں واسطے خدا عزوجل کے ایک انمیں سے مشرق میں ہو اور دوسرا مغرب میں البتہ جمع کریگا اللہ تعالیٰ

بَيْنَهُمَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَقُولُ هٰذَا الَّذِي كُنْتَ تُحِبُّهُ فِيَّ وَعَنْ أَبِي رَزِينٍ

درمیان ان دونوں کے دن قیامت کے فرماویگا کہ یہ بندہ وہ ہے کہ تھا تو محبت رکھتا اوس سے بسبب میرے۔ اور روایت ہے

أَنَّهُ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا أَدُلُّكَ عَلَى مِلَاكِ هٰذَا الْأَمْرِ

کہ تحقیق شان یہ ہے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو رزین کو آیا نہ آگاہ کروں میں تجکو اوپر جڑ اس امر کے

الَّذِي تُصِيبُ بِهِ خَيْرَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ عَلَيْكَ بِمَجَالِسِ أَهْلِ الذِّكْرِ

کہ پہنچے تو بسبب اوسکے بھلائی دنیا اور آخرت کی کو کہ وہ یہ چیز ہیں لازم کر لینے پر بیٹھنا اہل

اور ہمیشہ تیری زبان تر رہے ذکر اللہ سے یعنی اللہ تعالیٰ کی یاد سے تر رہے فرمایا ولا یزال لسانک رطبا من ذکر اللہ تر رکھنا چاہیئے کہ اللہ کی یاد سے زبان کو ۱۲ ہر وقت تنہائی ہو یا صحبت ۱۲ لمعات

وَاِذَا خَلَوْتَ فَحَرِّكْ لِسَانَكَ مَا اسْتَطَعْتَ بِذِكْرِ اللّٰهِ وَاَحِبَّ فِي اللّٰهِ

اور جب تنہا بیٹھے تو ہلا پس ہلا زبان اپنی جب تک کہ ہو سکے ساتھ ذکر اللہ کے اور دوست رکھ واسطے اللہ کے

وَاَبْغِضْ فِي اللّٰهِ يَا اَبَا رَزِيْنٍ هَلْ شَعَرْتَ اَنَّ الرَّجُلَ اِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهِ

اور دشمن رکھ واسطے اللہ کے اے ابورزین آیا جانا تو نے کہ تحقیق آدمی جس وقت نکلتا ہے اپنے گھر سے

زَائِرًا اَخَاهُ شَيَّعَهُ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ كُلُّهُمْ يُصَلُّوْنَ عَلَيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ

بقصد ملاقات اپنے بھائی مسلمان کے پیچھے پیچھے اس کے چلتے ہیں ستر ہزار فرشتے سب دعا و استغفار کرتے ہیں واسطے اس کے اور کہتے ہیں

رَبَّنَا اِنَّهُ وَصَلَ فِيْكَ فَصِلْهُ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تُعْمِلَ جَسَدَكَ فِيْ ذٰلِكَ

اے پروردگار ہمارے تحقیق اس شخص نے ملاپ کیا واسطے تیری رضا کے پس ملا اس کو ساتھ رحمت اور مغفرت اپنی کے پس اگر طاقت رکھتا ہے تو کہ کام میں لگائے بدن اپنا اس میں

فَافْعَلْ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ

پس کر۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا تھا میں ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَعُمُدًا مِنْ يَاقُوْتٍ عَلَيْهَا غُرَفٌ مِنْ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق بہشت میں البتہ ستون ہیں یاقوت کے اوپر ان کے بالاخانے ہیں

زَبَرْجَدٍ لَهَا اَبْوَابٌ مُفَتَّحَةٌ تُضِيْءُ كَمَا يُضِيْءُ الْكَوْكَبُ الدُّرِّيُّ فَقَالُوْا

زمرد کے ان کے دروازے ہیں کھلے ہوئے چمکتے ہیں وہ بالاخانے اور دروازے ان کے جیسا کہ چمکتے ہیں ستارے روشن پس کہا صحابہ نے

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ يَسْكُنُهَا قَالَ الْمُتَحَابُّوْنَ فِي اللّٰهِ وَالْمُتَجَالِسُوْنَ فِي

یا رسول اللہ کون رہیں گے ان میں فرمایا وہ لوگ کہ محبت رکھتے ہیں آپس میں واسطے اللہ کے اور ہمنشینی کرتے ہیں

اللّٰهِ وَالْمُتَلَاقُوْنَ فِي اللّٰهِ رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْاَحَادِيْثَ الثَّلَاثَةَ فِيْ شُعَبِ

واسطے اللہ کے اور ملاقات کرتے ہیں آپس میں واسطے اللہ کے روایت کیں بیہقی نے یہ تینوں حدیثیں بیچ شعب

الْاِيْمَانِ بَابُ مَا يُنْهٰى عَنْهُ مِنَ التَّهَاجُرِ وَالتَّقَاطُعِ وَ

الایمان کے۔ باب ہے اس چیز کا کہ منع کیا گیا ہے اس سے چھوڑنے ملاقات کرنے سے اور کاٹنے دوستی کے سے اور

اتِّبَاعِ الْعَوْرَاتِ اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيِّ

ڈھونڈھنے عیبوں کے سے۔ فصل پہلی۔ روایت ہے ابی ایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ لِلرَّجُلِ اَنْ يَهْجُرَ اَخَاهُ فَوْقَ

کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہیں ہے حلال واسطے کسی شخص کے یہ کہ ترک ملاقات کرے اپنے

۲ یعنی واسطے اللہ تعالیٰ کے اور دوست رکھ اور دوست رکھیو جس کو دوست رکھے اللہ تعالیٰ یعنی جس کو دشمن رکھے تو واسطے اللہ کے ۳ یعنی جسکو دشمن رکھے اللہ کے ۴ یعنی پہنچے جو ذکر کیا ۵ نہیں حلال واسطے کسی شخص کے یعنی اگر معاملہ دنیاوی میں کسی مسلمان سے رنج ہو جاوے تو تین دن سے زیادہ ملاقات ترک کرنا اور سلام کلام چھوڑنا حلال نہیں اور اگر تین دن سے زیادہ رنج ہوا تو گناہ ہوگا

ثلٰث ليال يلتقيان فيعرض هذا ويعرض هذا وخيرهما الذي يبدأ

زیادہ تین دن سے کہ ملیں دونوں پس منہ پھیر لے یہ ایک طرف کو اور منہ پھیر لیوے وہ دوسری طرف اور بہتر ہیں دونوں کا وہ ہے کہ ابتدا

بالسلام متفق عليه وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

ساتھ سلام کرے متفق علیہ - اور روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

اياكم والظن فان الظن اكذب الحديث ولا تحسسوا ولا تجسسوا

بچو تم بدگمان سے اسلیے کہ گمان بد دروغ ترین بات کا ہے اور نہ معلوم کرو خبر کو اور نہ جاسوسی کرو

ولا تناجشوا ولا تحاسدوا ولا تباغضوا ولا تدابروا وكونوا عباد الله

اور مت لاڑ بائین کرو اور حسد نہ کرو آپسمیں اور نہ بغض رکھو آپسمیں اور نہ غیبت کرو آپسمیں اور رہو بندے اللہ کے

اخوانا وفي رواية ولا تنافسوا متفق عليه وعنه قال قال رسول

بھائی اور ایک روایت میں ہے اور نہ حرص کرو متفق علیہ - اور روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم تفتح ابواب الجنة يوم الاثنين ويوم الخميس فيغفر

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کھولے جاتے ہیں دروازے بہشت کے دن پیر کے اور دن جمعرات کے پس بخشش کیجاتی ہے

لكل عبد لا يشرك بالله شيئا الا رجل كانت بينه وبين اخيه شحناء

واسطے ہر بندے کے کہ نہ شریک کرتا ہو ساتھ اللہ کے کسیکو مگر وہ شخص کہ ہے درمیان اوسکے اور درمیان کسی مسلمان بھائی اپنے کے کینہ

فيقال انظروا هذين حتى يصطلحا رواه مسلم وعنه قال قال رسول

پس کہا جاتا ہے ملائکہ کو کہ مہلت دو ان دونوں کو یہانتک کہ صلح کریں آپسمیں نقل کی یہ مسلم نے - اور روایت ہے انہیں سے کہ کہا فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم تعرض اعمال الناس في كل جمعة مرتين يوم الاثنين

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے عرض کیجاتے ہیں عمل لوگوں کے ہر ہفتہ میں دوبار دن پیر کے

ويوم الخميس فيغفر لكل عبد مؤمن الا عبدا بينه وبين اخيه

اور دن جمعرات کے پس بخشش کیجاتی ہے واسطے ہر بندے مومن کے مگر وہ بندہ کہ ہو درمیان اوسکے اور درمیان مسلمان بھائی اوسکے

شحناء فيقال اتركوا هذين حتى يفيئا رواه مسلم وعن ام كلثوم

دشمنی پس کہا جاتا ہے کہ چھوڑ دو ان دونوں کو یہانتک کہ باز آویں دشمنی سے نقل کی یہ مسلم نے - اور روایت ہے ام کلثوم

بنت عقبة بن ابي معيط قالت سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول

بیٹی عقبہ بن ابی معیط کی سے کہ کہا سنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے

لَيْسَ الْكَذَّابُ الَّذِي يُصْلِحُ بَيْنَ النَّاسِ وَيَقُولُ خَيْرًا وَيَنْمِي خَيْرًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ
نہیں ہے جھوٹا وہ شخص کہ اصلاح کرے درمیان لوگوں کے اور کہے نیک بات اور پہنچاوے نیک بات متفق علیہ

وَزَادَ مُسْلِمٌ قَالَتْ وَلَمْ أَسْمَعْهُ تَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرَخِّصُ فِي شَيْءٍ مِمَّا
اور زیادہ کیا مسلم نے کہ کہا ام کلثوم نے اور نہیں سنا میں نے اونکو مراد رکھتی تھیں ام کلثوم ضمیر سمعہ سے نبی کو کہ رخصت دی ہو بیچ

يَقُولُ النَّاسُ كَذِبٌ إِلَّا فِي ثَلَاثٍ الْحَرْبُ وَالْإِصْلَاحُ بَيْنَ النَّاسِ وَ
کہ کہتے ہیں لوگ (اوسکو جھوٹ) جھوٹ ہیں مگر بیچ تین چیزوں کے ایک تو لڑائی میں اور دوسرے صلح کروانے میں درمیان لوگوں کے اور

حَدِيثُ الرَّجُلِ امْرَأَتَهُ وَحَدِيثُ الْمَرْأَةِ زَوْجَهَا وَذُكِرَ حَدِيثُ جَابِرٍ إِنَّ
بات کرنے مرد کے بیچ اپنی بیوی سے اور بات کرنے عورت کے بیچ اپنے خاوند سے اور ذکر کی گئی حدیث جابر کی کہ

الشَّيْطَانَ قَدْ أَيِسَ فِي بَابِ الْوَسْوَسَةِ اَلْفَصْلُ الثَّانِي عَنْ
الشیطان قد ایس بیچ باب الوسوسہ کے۔ فصل دوسری۔ روایت ہے

أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيدَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ الْكَذِبُ
اسماء بیٹی یزید کی سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں حلال ہے جھوٹ بولنا

إِلَّا فِي ثَلَاثٍ كَذِبُ الرَّجُلِ امْرَأَتَهُ لِيُرْضِيَهَا وَالْكَذِبُ فِي الْحَرْبِ وَالْكَذِبُ
مگر بیچ تین جگہ کے جھوٹ بولنا مرد کا اپنی عورت سے تاکہ راضی کرے اوسکو اور جھوٹ بولنا بیچ لڑائی کافروں کے اور

لِيُصْلِحَ بَيْنَ النَّاسِ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ
اسلیے کہ صلح کرے درمیان لوگوں کے روایت کی یہ احمد اور ترمذی نے۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے تحقیق رسول

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَكُونُ لِمُسْلِمٍ أَنْ يَهْجُرَ مُسْلِمًا فَوْقَ ثَلَاثَةٍ فَإِذَا لَقِيَهُ
خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں لائق واسطے مسلمان کے یہ کہ ترک ملاقات کرے دوسرے مسلمان سے زیادہ تین دن سے پس جب

سَلَّمَ عَلَيْهِ ثَلَاثَ مِرَارٍ كُلُّ ذَلِكَ لَا يَرُدُّ عَلَيْهِ فَقَدْ بَاءَ بِإِثْمِهِ رَوَاهُ أَبُو
اوس سے ملے پس سلام علیک کرے اوسپر تین بار کہ ہر بار نہ جواب دے اوسکو دوسرا شخص پس تحقیق پھرا وہ ساتھ گناہ اوسکے روایت

دَاوُدَ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ
داود نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حلال نہیں واسطے کسی مسلمان کے

أَنْ يَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثٍ فَمَنْ هَجَرَ فَوْقَ ثَلَاثٍ فَمَاتَ دَخَلَ النَّارَ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ
یہ کہ ترک کرے ملاقات اپنے بھائی مسلمان سے زیادہ تین دن سے پس جو شخص چھوڑے ملاقات زیادہ تین دن سے پھر مرجاوے داخل ہوگا

[illegible]

وَعَنْ أَبِي خِرَاشٍ السُّلَمِيِّ سَمِعَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ هَجَرَ

اور روایت ہے ابو خراش سلمی رضہ سے کہ سنا اوسنے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے جو شخص کہ ترک کرے ملاقات

أَخَاهُ سَنَةً فَهُوَ كَسَفْكِ دَمِهِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ

اپنے بھائی مسلمانکی برس روز پس وہ مانند خون کرنے اوسکے ہے نقل کی یہ ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے کہ کہا

قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ لِمُؤْمِنٍ أَنْ يَهْجُرَ مُؤْمِنًا فَوْقَ ثَلَاثٍ

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نہیں حلال ہے واسطے مومن کے کہ ترک کرے ملاقات کسی مومن سے زیادہ تین دن سے

فَإِنْ مَرَّتْ بِهِ ثَلَاثٌ فَلْيَلْقَهُ فَلْيُسَلِّمْ عَلَيْهِ فَإِنْ رَدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ فَقَدِ

پس اگر گذریں تین دن سے تو چاہیے کہ ملے اوس سے اور سلام علیک کرے اوس سے پس اگر جواب دیا اوسنے اسکے سلام کا پس تحقیق

اشْتَرَكَا فِي الْأَجْرِ وَإِنْ لَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ فَقَدْ بَاءَ بِالْإِثْمِ وَخَرَجَ الْمُسَلِّمُ مِنَ

کہ شریک ہوئے دونوں ثواب میں اور اگر جواب نہ دیا اوسنے سلام کا پس تحقیق پھرا ساتھ گناہ کے جواب نہ دینے والا اور نکلا سلام کرنیوالا

الْهِجْرَةِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى

ترک ملاقات کے گناہ سے روایت کی یہ ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے ابی درداء رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَفْضَلَ مِنْ دَرَجَةِ الصِّيَامِ وَالصَّدَقَةِ وَالصَّلٰوةِ

علیہ وسلم نے کیا نہ خبر دوں میں تمکو ساتھ اس عمل کے کہ افضل ہے درجہ روزے سے اور ثواب صدقہ اور نماز کے سے

قَالَ قُلْنَا بَلٰى قَالَ إِصْلَاحُ ذَاتِ الْبَيْنِ وَفَسَادُ ذَاتِ الْبَيْنِ هِيَ الْحَالِقَةُ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَ

کہا ابو الدرداء نے کہا ہمنے فرمائیے فرمایا صلح کروانی درمیان دو شخصوں کے اور فساد ذات البین درمیان دو شخصوں کے وہ خصلت مونڈنیوالی ہے نقل کی یہ

التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ وَعَنِ الزُّبَيْرِ قَالَ قَالَ

ترمذی نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث صحیح ہے۔ اور روایت ہے زبیر رضہ سے کہ کہا فرمایا

رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَبَّ إِلَيْكُمْ دَاءُ الْأُمَمِ قَبْلَكُمُ الْحَسَدُ وَالْبَغْضَاءُ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ آئی ہے طرف تمہارے بیماری امتوں کی کہ پہلے تمسے تھیں وہ بیماری حسد و بغض ہے

هِيَ الْحَالِقَةُ لَا أَقُولُ تَحْلِقُ الشَّعْرَ وَلٰكِنْ تَحْلِقُ الدِّينَ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَ

ہر ایک ان دونوں میں سے مونڈنیوالا ہے نہیں کہتا میں کہ مونڈتا ہے بالوں کو ولیکن مونڈتا ہے دین کو روایت کی یہ احمد اور

التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِيَّاكُمْ وَالْحَسَدَ

ترمذی نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے کہ اوسنے روایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا احتراز کرو تم حسد سے

[illegible]

بعض عورتیں مردوں سے بہتر ہوتی ہیں تو باعتبار فضیلت ہونے بعض افراد کے یوں کہا جاتا ہے

فَإِنَّ الْحَسَدَ يَأْكُلُ الْحَسَنَاتِ كَمَا تَأْكُلُ النَّارُ الْحَطَبَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ

اسلیے کہ حسد کھاتا ہے نیکیوں کو جیسے کہ کھاتی ہے آگ لکڑیوں کو روایت کی یہ ابوداؤد نے

وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِيَّاكُمْ وَسُوءَ ذَاتِ الْبَيْنِ فَإِنَّهَا

اور روایت ہے ابوہریرہ سے اونہوں نے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ بچو تم برائی ڈالنے سے درمیان دو شخصوں کے پس تحقیق

الْحَالِقَةُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أَبِي صِرْمَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

تباہ کرنیوالی ہے دین کی روایت کی یہ ترمذی نے - اور روایت ہے ابی صرمہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

مَنْ ضَارَّ ضَارَّ اللهُ بِهِ وَمَنْ شَاقَّ شَاقَّ اللهُ عَلَيْهِ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ

جو شخص کہ ضرر پہنچائے کسی مسلمان کو پہنچاویگا اللہ ضرر اوسکو اور جو شخص مشقت ڈالے کسی پر مشقت ڈالیگا اللہ اوسپر روایت کی یہ ابن ماجہ نے

وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ وَعَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ قَالَ

اور ترمذی نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث غریب ہے - اور روایت ہے ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے کہا

قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَلْعُونٌ مَنْ ضَارَّ مُؤْمِنًا أَوْ مَكَرَ بِهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ملعون ہے وہ شخص کہ ضرر پہنچائے کسی مسلمان کو یا مکر کرے ساتھ اسکے روایت کی یہ

وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ صَعِدَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى

اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے - اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا چڑھے رسول خدا صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ فَنَادَى بِصَوْتٍ رَفِيعٍ فَقَالَ يَا مَعْشَرَ مَنْ أَسْلَمَ بِلِسَانِهِ وَلَمْ

علیہ وسلم منبر پر پس پکارا لوگوں کو ساتھ آواز بلند کے پس فرمایا اے گروہ ان شخصوں کے کہ اسلام لائے ہیں ساتھ زبان اپنی کے اور نہیں

يُفْضِ الْإِيمَانُ إِلَى قَلْبِهِ لَا تُؤْذُوا الْمُسْلِمِينَ وَلَا تُعَيِّرُوهُمْ وَلَا تَتَّبِعُوا

پہنچا ہے ایمان طرف دل اونکے نہ ایذا دو تم مسلمانوں کو اور نہ عار دلاؤ اونکو اور نہ تلاش کرو

عَوْرَاتِهِمْ فَإِنَّهُ مَنْ يَتَّبِعْ عَوْرَةَ أَخِيهِ الْمُسْلِمِ يَتَّبِعِ اللهُ عَوْرَتَهُ وَمَنْ

عیب اونکے پس تحقیق جو شخص کہ ڈھونڈتا ہے عیب اپنے بھائی مسلمان کا ڈھونڈھیگا اللہ عیب اوسکا اور جس کا

يَتَّبِعِ اللهُ عَوْرَتَهُ يَفْضَحْهُ وَلَوْ فِي جَوْفِ رَحْلِهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ

ڈھونڈھا اللہ نے عیب رسوا کریگا اوسکو اگرچہ ہو وہ شخص بیچ گھر اپنے کے روایت کی یہ ترمذی نے - اور روایت ہے

سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ مِنْ أَرْبَى الرِّبَا الِاسْتِطَالَةَ

سعید بیٹے زید کے سے اونہوں نے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا زیادہ تر بدتر سود دن کا زبان درازی کرنا ہے

فِي عِرْضِ الْمُسْلِمِ بِغَيْرِ حَقٍّ رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ

بیچ آبرو مسلمان کے ناحق روایت کی یہ ابوداؤد نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔

وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا عُرِجَ بِيْ رَبِّيْ مَرَرْتُ

اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا اونہون کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جبکہ اوپر لیگیا مجھکو رب میرا گذرا مین

بِقَوْمٍ لَهُمْ أَظْفَارٌ مِنْ نُحَاسٍ يَخْمِشُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَصُدُوْرَهُمْ فَقُلْتُ

ایک قوم پر کہ اونکے ناخون تھے تانبے کے کھروچتے تھے مونہ اپنے اور سینے اپنے پس کہا مینے

مَنْ هٰؤُلَاءِ يَا جِبْرِيْلُ قَالَ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ يَأْكُلُوْنَ لُحُوْمَ النَّاسِ وَ

کون ہین یہ اے جبرئیل کہا جبرئیل نے کہ یہ وہ لوگ ہین کہ کہاتے تھے ہین گوشت لوگون کا اور

يَقَعُوْنَ فِيْ أَعْرَاضِهِمْ رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَعَنِ الْمُسْتَوْرِدِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ

پڑتے ہین لوگون کی آبرو مین روایت کی یہ ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے مستورد سے اونسے نقل کی نبی صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَكَلَ بِرَجُلٍ مُسْلِمٍ أُكْلَةً فَإِنَّ اللهَ يُطْعِمُهُ مِثْلَهَا مِنْ جَهَنَّمَ

علیہ وسلم سے جو شخص کہ کہاوے ایک لقمہ بسبب غیبت کرنے کسی شخص مسلمان کی القصہ پس تحقیق اللہ تعالی کہلاویگا اوسکو مانند اوس لقمہ کے

وَمَنْ كُسِيَ ثَوْبًا بِرَجُلٍ مُسْلِمٍ فَإِنَّ اللهَ يَكْسُوْهُ مِثْلَهُ مِنْ جَهَنَّمَ وَمَنْ قَامَ

اور جو شخص پہنایا جاوے کپڑا بسبب اہانت کرنے کسی شخص مسلمان کی پس تحقیق اللہ پہناویگا اسکو مانند اوس کپڑے کے دوزخ سے اور جو شخص کہ کھڑا

بِرَجُلٍ مَقَامَ سُمْعَةٍ وَرِيَاءٍ فَإِنَّ اللهَ يَقُوْمُ لَهُ مَقَامَ سُمْعَةٍ وَرِيَاءٍ يَوْمَ

کسیکو بیچ مقام سنانے اور دکھلانے کے پس تحقیق اللہ کھڑا ہوئیگا واسطے اوسکے بیچ مقام سنانے اور دکھلانے کے روز

الْقِيَامَةِ رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

قیامت کے روایت کی یہ ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

حُسْنُ الظَّنِّ مِنْ حُسْنِ الْعِبَادَةِ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْدَاوُدَ وَعَنْ عَائِشَةَ

نیک گمان رکھنا جملہ عبادات حسنہ سے ہے روایت کی یہ احمد اور ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے

قَالَتْ اعْتَلَّ بَعِيْرٌ لِصَفِيَّةَ وَعِنْدَ زَيْنَبَ فَضْلُ ظَهْرٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ

کہ کہا عائشہ نے کہ بیمار ہوا اونٹ صفیہ کا اور حضرت زینب کے پاس تھی سواری حاجت سے زیادہ پس فرمایا رسول خدا

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِزَيْنَبَ أَعْطِيْهَا بَعِيْرًا فَقَالَتْ أَنَا أُعْطِيْ تِلْكَ الْيَهُوْدِيَّةَ

صلی اللہ علیہ وسلم نے زینب کو کہ دے تو صفیہ کو اونٹ پس کہا زینب نے مین دیتی ہون اس یہودیہ کو

فغضب رسول الله صلى الله عليه وسلم فهجرها ذا الحجة والمحرم وبعض

پس غصے ہوئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور ترک کی اوس سے ملاقات مہینے ذی الحجہ کی اور محرم کی اور کچھ

صفر رواه ابو داود وذكر حديث معاذ بن انس من حمى مؤمنا في باب

صفر کے مہینے کی روایت کی یہ ابو داود نے اور ذکر کی گئی حدیث معاذ بن انس کی کہ جس نے حمایت کی مومن کی بیچ باب

الشفقة والرحمة الفصل الثالث عن ابي هريرة قال قال

شفقت اور رحمت کے۔ فصل تیسری روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم رأى عيسى ابن مريم رجلا يسرق فقال له

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ دیکھا حضرت عیسیٰ بیٹے مریم کے نے ایک شخص کو چوری کرتے پس کہا واسطے اوس کے

عيسى ابن مريم سرقت قال كلا والذي لا اله الا هو فقال عيسى امنت

عیسیٰ بیٹے مریم کے نے چوری کی تو نے کہا چور نے ہرگز نہیں قسم ہے اوس ذات پاک کی کہ نہیں کوئی معبود سوا اوس کے پس کہا عیسیٰ نے ایمان لایا میں

بالله وكذبت نفسي رواه مسلم وعن انس قال قال رسول الله

ساتھ اللہ کے اور جھٹلایا اپنے نفس کو روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وسلم كاد الفقر ان يكون كفرا وكاد الحسد ان يغلب القدر

صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نزدیک ہے فقر یہ کہ ہو جاوے کفر اور نزدیک ہے حسد یہ کہ غالب آوے تقدیر پر

وعن جابر عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من اعتذر الى اخيه

اور روایت ہے جابر رض سے کہ نقل کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو شخص کہ عذر خواہی کرے طرف بھائی

فلم يعذره او لم يقبل عذره كان عليه مثل خطيئة صاحب مكس

پس عذر نہ رکھے اوسکو وہ بھائی یا نہ قبول کرے عذر اوسکا ہوگا اوس بھائی پر گناہ مانند گناہ صاحب مکس کے

رواهما البيهقي في شعب الايمان وقال المكاس العشار باب الحذر

روایت کیں یہ دونوں حدیثیں بیہقی نے شعب الایمان میں اور کہا مکاس عشر لینے والا ہے۔ باب ہے بیچ بیان

والتأني في الامور الفصل الاول عن ابي هريرة

اور درنگ کرنے کے کاموں میں۔ فصل پہلی روایت ہے ابی ہریرہ رض سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يلدغ المؤمن من جحر واحد

کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہیں کاٹا جاتا مومن ایک سوراخ سے

مرتین متفق علیه وعن ابن عباس ان النبی صلی الله علیه وسلم قال لاشج عبد القیس

دو بار روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہ تحقیق نبی صلعم نے فرمایا واسطے اشج کے اور اشج عبد

ان فیک لخصلتین یحبهما الله الحلم والاناة رواه مسلم الفصل

تحقیق تجھ میں دو خصلتیں ہیں کہ دوست رکھتا ہے ان کو الله ایک بردباری اور دوسرا کام کرنا بدرنگ وقار نقل کی یہ مسلم نے فصل

الثانی عن سهل بن سعد الساعدی ان النبی صلی الله علیه وسلم قال

دوسری - روایت ہے سہل بن سعد ساعدی سے کہ تحقیق نبی صلی الله علیہ وسلم نے فرمایا

الاناة من الله والعجلة من الشیطان رواه الترمذی وقال هذا

درنگ کرنی کاموں میں الله تعالی کی طرف سے ہے اور جلدی کرنی شیطان سے ہے روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ

حدیث غریب وقد تکلم بعض اهل الحدیث فی عبد المهیمن بن

حدیث غریب ہے اور تحقیق کلام کیا ہے بعضے اہل حدیث نے بیچ حق عبد المہیمن بن

عباس الراوی من قبل حفظه وعن ابی سعید قال قال رسول الله

عباس کے کہ راوی اس حدیث کا ہے سبب یادداشت اوسکی کے - اور روایت ہے ابی سعید رضی سے کہ کہا فرمایا رسول خدا

صلی الله علیه وسلم لا حلیم الا ذو عثرة ولا حکیم الا ذو تجربة رواه احمد و

صلی الله علیہ وسلم نے نہیں ہوتا بردبار کامل مگر صاحب لغزش کا اور نہیں ہوتا حکیم کامل مگر صاحب تجربہ کا روایت کی یہ احمد اور

الترمذی وقال هذا حدیث حسن غریب وعن انس ان رجلا قال

ترمذی نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث غریب ہے - اور روایت ہے انس رض سے کہ تحقیق ایک شخص عرض کیا

للنبی صلی الله علیه وسلم اوصنی فقال خذ الامر بالتدبیر فان رایت فی

نبی صلی الله علیہ وسلم سے کہ وصیت فرمائیے مجھ کو پس فرمایا اختیار کر تو کام کو ساتھ دیکھنے انجام اوسکے پس اگر دیکھو تو بیچ

عاقبته خیرا فامضه وان خفت غیا فامسک رواه فی شرح السنة

انجام اوسکے بھلائی پس کر اوسکو اور اگر ڈرے تو گمراہی کا تو چھوڑدے اوسکو روایت کی یہ شرح السنہ میں

وعن مصعب بن سعد عن ابیه قال الاعمش لا اعلمه الا عن النبی

اور روایت ہے مصعب بیٹے سعد کے سے کہ نقل کی انہوں نے باپ سے کہا اعمش نے نہیں جانتا ہوں اس حدیث کو مگر پیغمبر خدا

صلی الله علیه وسلم قال التؤدة فی کل شیء خیر الا فی عمل الاخرة رواه ابوداود

صلی الله علیہ وسلم سے فرمایا کہ ڈھیل کرنی ہر چیز میں بہتر ہے مگر شے بیچ عمل آخرت کے روایت کی یہ ابوداؤد نے -

وعن عبد الله بن سرجس ان النبي صلى الله عليه وسلم قال السمت الحسن

اور روایت ہے عبد اللہ بیٹے سرجس کے سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ راہ وروش نیک

والتؤدة والاقتصاد جزء من اربع وعشرين جزءا من النبوة رواه

اور آہستگی اور درنگ کرنی کام میں اور میانہ روی جزء ہیں چوبیس جزء نبوت کی سے روایت کی یہ

الترمذي وعن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم قال ان الهدى

ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سیرت اور طریقہ

الصالح والسمت الصالح والاقتصاد جزء من خمس وعشرين جزءا

نیک اور راہ وروش نیک اور میانہ روی یہ جزء ہیں پچیس جزء

من النبوة رواه ابو داود وعن جابر بن عبد الله عن النبي صلى الله عليه وسلم

نبوت کی سے روایت کی یہ ابو داود نے ۔ اور روایت ہے جابر بن عبد اللہ رض سے وہ نقل کرتے ہیں نبی صلعم سے

قال اذا حدث الرجل الحديث ثم التفت فهي امانة رواه الترمذي

کہ فرمایا حضرت نے جس وقت کہ کہے کوئی شخص کوئی بات پھر ادھر ادھر دیکھے پس وہ امانت ہے روایت کی یہ ترمذی

وابو داود وعن ابي هريرة ان النبي صلى الله عليه وسلم قال لابي الهيثم بن

اور ابو داود نے ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ رض سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا واسطے ابو الہیثم بن

التيهان هل لك خادم قال لا فقال فاذا اتانا سبي فأتنا فأتي النبي

تیہان کے کہ کیا ہے واسطے تیرے خادم کہا کہ نہیں پس فرمایا کہ جس وقت آوے ہمارے پاس بندی تو آ ہمارے پاس پس لائی

صلى الله عليه وسلم براسين فاتاه ابو الهيثم فقال النبي صلى الله عليه وسلم اختر منهما

صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس دو بردے پس آئے آنحضرت کے پاس ابو الہیثم پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پسند کر لے تو ایک کو ان

فقال يا نبي الله اختر لي فقال النبي صلى الله عليه وسلم ان المستشار مؤتمن

پس کہا یا نبی اللہ تم پسند کردو مجھکو پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق وہ شخص کہ مشورہ کیا جاوے امانت دار ہے

خذ هذا فاني رايته يصلي واستوص به معروفا رواه الترمذي و

لے تو اس بردے کو اسلئے کہ تحقیق میں نے دیکھا ہے اسکو نماز پڑھتے اور قبول کرو وصیت میری بیچ حق اسکے احسان کرنیکی روایت کی یہ ترمذی نے

عن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم المجالس بالامانة الا ثلثة

روایت ہے جابر رض سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مجلسیں ساتھ امانت کے ہیں مگر تین باتیں

مجالس سفك دم حرام أو فرج حرام أو اقتطاع مال بغير حق رواه

کہ مجلس ہیں تین خونریزی حرام یا ارادہ رکھتا ہو کوئی زنا کا یا چھیننے مال کا ناحق روایت کی یہ

أبو داود وذكر حديث أبي سعيد إن أعظم الأمانة في باب المباشرة

ابوداود نے اور ذکر کی گئی حدیث ابوسعید کی کہ مراد اسکا یہ ہے ان اعظم الامانۃ بیچ باب المباشرت کے

في الفصل الأول الفصل الثالث عن أبي هريرة عن النبي

بیچ فصل پہلی کے — فصل تیسری روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے کہ نقل کی نبی

صلى الله عليه وسلم قال لما خلق الله العقل قال له قم فقام ثم قال له أدبر

صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جبکہ پیدا کیا اللہ تعالیٰ نے عقل کو فرمایا اوسکو کھڑی ہو پس کھڑی ہوئی پھر فرمایا اوسکو پیٹھ پھیر

فأدبر ثم قال له أقبل فأقبل ثم قال له اقعد

پس پیٹھ پھیری پھر کہا اوسکو منہ کر میری طرف پس منہ کیا پھر کہا اوسکو بیٹھ

فقعد ثم قال له ما خلقت خلقا هو خير منك ولا أفضل منك

پس بیٹھی عقل پھر کہا اوسکو نہیں پیدا کی میں نے کوئی مخلوق کہ وہ بہتر ہو تجھسے اور نہ فاضل تر تجھسے

ولا أحسن منك بك آخذ وبك أعطي وبك أعرف وبك أعاتب

اور نہ خوب تر تجھسے بسبب تیرے لیتا ہوں میں اور بسبب تیرے دیتا ہوں میں اور بسبب تیرے پہچانا جاتا ہوں میں اور

وبك الثواب وعليك العقاب وقد تكلم فيه بعض العلماء

اور بسبب تیرے ثواب دیتا ہوں اور بسبب تیرے عذاب کرتا ہوں اور تحقیق کلام کیا ہے بیچ صحت اس حدیث کی بعضے علماء نے

وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن الرجل ليكون من

اور روایت ہے ابن عمر رضہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق ایک شخص ہوتا ہے

أهل الصلاة والصوم والزكاة والحج والعمرة حتى ذكر سهام الخير

نمازیوں میں سے اور روزہ داروں میں سے اور زکوۃ دینے والوں میں سے اور حج اور عمرہ کرنے والوں میں سے یہاں تک کہ ذکر کیا

كلها وما يجزى يوم القيامة إلا بقدر عقله وعن أبي ذر قال قال

اور جزا نہیں دیا جاوے گا وہ شخص روز قیامت کے مگر موافق عقل اپنی کے اور روایت ہے ابی ذر رضہ سے کہا فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم يا أبا ذر لا عقل كالتدبير ولا ورع كالكف ولا حسب

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اے ابی ذر نہیں ہے کوئی عقل مانند تدبیر کے اور نہیں ہے ورع مانند باز رہنے کے اور نہیں ہے حسب

يَحْسُنِ الْخُلُقِ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاِقْتِصَادُ

مانند خوش خلقی کے ۔ اور روایت ہے ابن عمر رضہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ میانہ روی کرنی

فِي النَّفَقَةِ نِصْفُ الْمَعِيشَةِ وَالتَّوَدُّدُ اِلَى النَّاسِ نِصْفُ الْعَقْلِ وَحُسْنُ السُّؤَالِ

خرچ کرنے میں آدھی معیشت ہے اور دوستی آدمیوں کی آدھی عقل ہے اور اچھی طرح سوال کرنا

نِصْفُ الْعِلْمِ رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْاَحَادِيثَ الْاَرْبَعَةَ فِي شُعَبِ الْاِيمَانِ بَابُ

آدھا علم ہے روایت کیں بیہقی نے یہ چاروں حدیثیں شعب الایمان میں ۔ باب ہے بیچ بیان

الرِّفْقِ وَالْحَيَاءِ وَحُسْنِ الْخُلُقِ اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ عَنْ

نرمی اور حیا کرنے اور نیک خلق کے ۔ فصل پہلی روایت ہے

عَائِشَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ رَفِيقٌ يُحِبُّ الرِّفْقَ وَ

حضرت عائشہ رضہ سے کہ تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تحقیق اللہ مہربان ہے دوست رکھتا ہے مہربانی کو اور

يُعْطِي عَلَى الرِّفْقِ مَا لَا يُعْطِي عَلَى الْعُنْفِ وَمَا لَا يُعْطِي عَلَى مَا سِوَاهُ

دیتا ہے مہربانی پر وہ چیز کہ نہیں دیتا سختی پر اور وہ چیز کہ نہیں دیتا اوپر اس کے سوا نرمی کے

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِي رِوَايَةٍ لَهُ قَالَ لِعَائِشَةَ عَلَيْكِ بِالرِّفْقِ وَاِيَّاكِ وَالْعُنْفَ

روایت کی مسلم نے اور بیچ ایک روایت مسلم کی یوں ہے کہ فرمایا حضرت نے عائشہ رضہ کو لازم پکڑ تو نرمی کو اور بچ تو سختی

وَالْفُحْشَ اِنَّ الرِّفْقَ لَا يَكُونُ فِي شَيْءٍ اِلَّا زَانَهُ وَلَا يُنْزَعُ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا

اور بیحیائی سے تحقیق نرمی نہیں ہوتی کسی چیز میں مگر کہ زینت دیتی ہے اوسکو اور نہیں دور کیجاتی نرمی

شَانَهُ وَعَنْ جَرِيرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ يُحْرَمِ الرِّفْقَ يُحْرَمِ

کسی چیز سے مگر کہ عیبدار کر دیتی ہے اوسکو ۔ اور روایت ہے جریر سے اونسے روایت کی نبی صلعم سے کہ فرمایا جو کوئی محروم ہے نرمی سے وہ محروم ہے

الْخَيْرَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلَى رَجُلٍ

نیکی سے روایت کی یہ مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابن عمر رضہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم گذرے ایک شخص پر

مِنَ الْاَنْصَارِ وَهُوَ يَعِظُ اَخَاهُ فِي الْحَيَاءِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

انصار میں سے کہ وہ نصیحت کر رہا تھا اپنے بھائی کو بیچ مقدمہ حیا کے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

دَعْهُ فَاِنَّ الْحَيَاءَ مِنَ الْاِيمَانِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ

کہ چھوڑ دے اوسکو اسلئے کہ تحقیق حیا شاخ ہے ایمان سے متفق علیہ ۔ اور روایت ہے عمران بیٹے حصین کے سے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْحَیَاءُ لَا یَاْتِیْ اِلَّا بِخَیْرٍ وَفِیْ رِوَایَۃٍ اَلْحَیَاءُ

کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ حیا نہیں لاتی مگر خیر کو اور ایک روایت میں ہے کہ حیا کل

خَیْرٌ کُلُّہٗ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

بہتر ہے تمام وہ سارا اسکو متفق علیہ - اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

اِنَّ مِمَّا اَدْرَکَ النَّاسُ مِنْ کَلَامِ النُّبُوَّۃِ الْاُوْلٰی اِذَا لَمْ تَسْتَحْیِ فَاصْنَعْ

کہ تحقیق سے جملہ اوس چیز سے کہ پایا ہے لوگوں نے پہلے انبیاء کی کلام میں سے یہ کلام ہے جس وقت کہ شرم نہ کی تو نے تو پس کر

مَا شِئْتَ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ وَعَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ قَالَ سَاَلْتُ

جو چاہے روایت کی یہ بخاری نے - اور روایت ہے نواس بیٹے سمعان کے سے کہا اوس نے کہ پوچھا میں نے

رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِرِّ وَالْاِثْمِ فَقَالَ الْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ وَالْاِثْمُ

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے حال نیکی اور گناہ کا پس فرمایا کہ نیکی خوش خلقی ہے اور گناہ

مَا حَاکَ فِیْ صَدْرِکَ وَکَرِھْتَ اَنْ یَّطَّلِعَ عَلَیْہِ النَّاسُ رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَعَنْ

وہ ہے کہ تردد کرے کھٹکے تیرے سینے میں اور مکروہ جانے تو یہ کہ واقف ہوں اوس عمل پر لوگ روایت کی یہ مسلم نے - اور روایت ہے

عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَحَبِّکُمْ اِلَیَّ

عبداللہ بن عمرو رض سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق بہت محبوب تمہارا طرف میری

اَحْسَنَکُمْ اَخْلَاقًا رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

نیک تر ہیں تمہارا ہے ازروی خلاق کے روایت کی یہ بخاری نے - اور روایت ہے اوسی سے کہا فرمایا رسول خدا صلعم نے

اِنَّ مِنْ خِیَارِکُمْ اَحْسَنَکُمْ اَخْلَاقًا مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

کہ تحقیق بہتر ہیں تمہارے نیک تر ہیں تمہارے ازروی خلاق کے متفق علیہ - فصل دوسری

عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اُعْطِیَ حَظَّہٗ مِنَ الرِّفْقِ

روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص کہ دیا گیا اوسکو نصیبہ اوسکا نرمی سے

اُعْطِیَ حَظَّہٗ مِنْ خَیْرِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَمَنْ حُرِمَ حَظَّہٗ مِنَ الرِّفْقِ حُرِمَ

دیا گیا اوسکو نصیبہ اوسکا بھلائی دنیا اور آخرت کی سے اور جو شخص کہ محروم کیا گیا نصیبہ اوسکا نرمی سے

حَظَّہٗ مِنْ خَیْرِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ

نصیبہ اوسکا بھلائی دنیا اور آخرت کی سے روایت کی یہ بغوی نے شرح السنہ میں - اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الحياء من الايمان والايمان في الجنة والبذاء

کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ شرم رکھنی بری کام سے ایمان سے ہے اور اہل ایمان بہشت میں ہیں اور بیحیائی

من الجفاء والجفاء في النار رواه احمد والترمذي وعن رجل من مزينة

بدی سے ہے اور بد آگ میں ہیں یہ روایت کی یہ احمد اور ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ایک شخص سے کہ قبیلہ مزینہ سے ہے

قال قالوا يا رسول الله ما خير ما اعطي الانسان قال الخلق الحسن رواه

کہا اوس شخص نے کہ عرض کیا اصحاب نے یا رسول اللہ کیا بہتر ہے اوس چیز کا کہ دیا گیا آدمی فرمایا خلق نیک روایت کی یہ

البيهقي في شعب الايمان وفي شرح السنة عن اسامة بن شريك وعن حارثة بن وهب قال قال رسول الله

بیہقی نے شعب الایمان میں اور شرح السنہ میں اسامہ بن شریک سے ہے ۔ اور روایت ہے حارثہ بن وہب سے کہ کہا فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وسلم لا يدخل الجنة الجواظ ولا الجعظري قال والجواظ الغليظ الفظ رواه ابو داود في سننه والبيهقي

صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نہیں داخل ہوگا بہشت میں سخت گو اور سخت خو کہا راوی نے اور جواظ سخت گو سخت خو ہے نقل کی یہ ابو داود نے اپنی سنن میں

في شعب الايمان وصاحب جامع الاصول فيه عن حارثة وكذا في شرح السنة عنه ولفظه قال لا يدخل الجنة الجواظ

شعب الایمان میں اور صاحب جامع الاصول نے اپنی کتاب میں حارثہ سے اور اسی طرح شرح السنہ میں نقل کی اوسی حارثہ سے اور لفظ حدیث کے شرح

الجعظري يقال الجعظري الفظ الغليظ وفي نسخ المصابيح عن عكرمة بن وهب ولفظه

جعظری کہا جاتا ہے جعظری سخت خو اور سخت گو اور مصابیح کے نسخوں میں عکرمہ بن وہب سے ہے اور لفظ حدیث کے یوں ہیں

قال والجواظ الذي جمع ومنع والجعظري الغليظ الفظ وعن ابي الدرداء عن النبي

کہ کہا راوی نے اور جواظ وہ ہے کہ جمع کرے مال اور نہ دے سائل کو اور جعظری سخت گو سخت خو ہے ۔ اور روایت ہے ابی درداء سے کہ نقل کی نبی

صلى الله عليه وسلم قال ان اثقل شيء يوضع في ميزان المؤمن يوم القيمة خلق حسن وان الله

صلعم سے کہ فرمایا تحقیق بہت بھاری چیز نہیں کہ رکھی جاوے گی مومن کے ترازو اعمال میں دن قیامت کے خلق نیک ہے

يبغض الفاحش البذي رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن صحيح وروى ابو داود

دشمن رکھتا ہے فحش بکنے والے بیہودہ گو کو روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کیا ابو داود نے

الفصل الاول وعن عائشة قالت سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول

پہلا ٹکڑا حدیث کا ۔ اور روایت ہے عائشہ رضی سے کہ کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے

ان المؤمن ليدرك بحسن خلقه درجة قائم الليل وصائم النهار رواه

کہ تحقیق مومن البتہ پاتا ہے بسبب خلق نیک کے درجہ رات کی نماز گزارنے والا اور دن کو روزہ رکھنے والے کا روایت کی

ابوداود وعن ابی ذر قال قال لی رسول الله صلی الله علیه وسلم اتق الله حیث

ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے ابی ذر رضہ سے کہ کہا فرمایا مجھکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ڈر تو اللہ سے جہاں

ماکنت واتبع السیئة الحسنة تمحها وخالق الناس بخلق حسن رواه احمد

ہووے تو اور پیچھے کر برائی کے نیکی تاکہ مٹاوے نیکی برائی کو اور معاملہ کر لوگوں سے ساتھ خلق نیک کے روایت کی یہ احمد

والترمذی والدارمی وعن عبدالله بن مسعود قال قال رسول الله

اور ترمذی اور دارمی نے ۔ اور روایت ہے عبداللہ بن مسعود رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا

صلی الله علیه وسلم الا اخبرکم بمن یحرم علی النار وبمن تحرم النار علیه علی

صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا نہ خبر دوں میں تمکو ساتھ اوس شخص کے کہ حرام ہو وہ آگ پر اور ساتھ اوس شخص کے کہ حرام ہو آگ اوسپر حرام ہے اوپر

کل هین لین قریب سهل رواه احمد والترمذی وقال هذا حدیث

ہر آہستہ مزاج اور نرم طبیعت نزدیک ہونے والے لوگوں سے اور نرم خو کے روایت کی یہ احمد نے اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث

حسن غریب وعن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم قال المؤمن غر

حسن غریب ہے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا مومن ہوتا

کریم والفاجر خب لئیم رواه احمد والترمذی وابوداود وعن

بزرگ بھولا ہوتا ہے اور فاجر مکار بخیل بدخلق ہوتا ہے روایت کی یہ احمد اور ترمذی اور ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے

مکحول قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم المؤمنون هینون لینون کالجمل

مکحول سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مومن بردبار نرم خو اور منقاد ہیں مانند اونٹ

الانف ان قید انقاد وان انیخ علی صخرة استناخ رواه الترمذی

مہار والے کے اگر کھینچا جاوے کھنچ آوے اور اگر بٹھلایا جاوے پتھر پر بیٹھ جاوے روایت کی یہ ترمذی نے

مرسلا وعن ابن عمر عن النبی صلی الله علیه وسلم قال المسلم الذی یخالط

بطریق ارسال کے ۔ اور روایت ہے ابن عمر رضہ سے اونسے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا وہ مسلمان کہ ملتا ہے

الناس ویصبر علی اذاهم افضل من الذی لا یخالطهم ولا یصبر

لوگوں میں اور صبر کرے اونکی ایذا پر بہتر ہے اوس مسلمان سے کہ نہ ملتا ہے لوگوں میں اور نہ صبر کرے

علی اذاهم رواه الترمذی وابن ماجة وعن سهل بن معاذ عن

اونکی ایذا پر روایت کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے سہل بن معاذ رضہ سے نقل کی

حدیث کی رو سے یہ قول ہے کہ اختلاط افضل ہے اگر گناہوں اور فتنوں سے بچ سکے اور دوسروں نے کہا کہ

أبيه أن النبي صلى الله عليه وسلم قال من كظم غيظا وهو يقدر على أن ينفذه

اپنے باپ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ روکے غصہ کو ... اور وہ قادر ہے اوسکے جاری کرنے پر

دعاه الله على رؤوس الخلائق يوم القيمة حتى يخيره في أي الحور شاء

بلاویگا اوسکو اللہ روبرو خلائق کے دن قیامت کے یہانتک کہ اختیار دیگا اوسکو بیچ پسند کرنے جس حور کو چاہے

رواه الترمذي وأبو داود وقال الترمذي هذا حديث غريب

روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث غریب ہے

وفي رواية لأبي داود عن سويد بن وهب عن رجل من أبناء أصحاب

اور بیچ ایک روایت ابوداؤد کے منقول ہے سوید بن وہب سے کہ اونہوں نے نقل کی ایک شخص سے کہ بیٹوں صحابہ

النبي صلى الله عليه وسلم عن أبيه قال ملأ الله قلبه أمنا وإيمانا وذكر حديث

نبی صلعم کے بیٹوں سے تھے روایت کرتا ہے اپنے باپ سے کہ فرمایا حضرت نے کہ بھری اللہ دل اس شخص کا امن اور ایمان سے اور ذکر کی حدیث

سويد من ترك لبس ثوب جمال في كتاب اللباس الفصل الثالث

سوید کی کہ سرا اوسکا یہ ہے من ترک لبس ثوب جمال بیچ کتاب اللباس کے۔ فصل تیسری

عن زيد بن طلحة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن لكل دين خلقا

روایت ہے زید بن طلحہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق واسطے ہر دین کے

وخلق الإسلام الحياء رواه مالك مرسلا ورواه ابن ماجة والبيهقي

اور خلق دین اسلام میں حیا ہے روایت کی یہ مالک نے بطریق ارسال کے اور روایت کی یہ ابن ماجہ نے اور بیہقی نے

في شعب الإيمان عن أنس وابن عباس وعن ابن عمر أن النبي صلى

شعب الایمان میں انس سے اور ابن عباس سے۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ تحقیق نبی صلی

عليه وسلم قال إن الحياء والإيمان قرنا جميعا فإذا رفع أحدهما رفع الآخر

اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق حیا اور ایمان نزدیک کیے گئے ہیں اکٹھے پس جس وقت کہ اوٹھایا جاتا ہے کسی سے ایک ان

وفي رواية ابن عباس فإذا سلب أحدهما تبعه الآخر رواه البيهقي في

اور بیچ روایت ابن عباس کی یوں ہے کہ پس جبکہ دور کیا جاتا ہے ایک ان دونوں میں سے تو دور کیا جاتا ہے دوسرا

شعب الإيمان وعن معاذ قال كان آخر ما وصاني به رسول الله

شعب الایمان میں۔ اور روایت ہے معاذ سے کہ کہا معاذ نے کہ تھی آخر او چیز کہ وصیت کی مجھکو ساتھ اوسکے رسول خدا

صلی اللہ علیہ وسلم حین وضعت رجلی فی الغرز ان قال یا معاذ احسن خلقک

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اوس وقت کہ رکہا مین نے پانو اپنا رکاب مین یہ کہ فرمایا اے معاذ اچہا کر خلق اپنے کو

للناس رواہ مالک وعن مالک بلغہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال

واسطے لوگون کے روایت کی یہ مالک نے۔ اور روایت ہے مالک سے کہ پہنچا اونکو یہ کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے

بعثت لاتمم حسن الاخلاق رواہ فی الموطا ورواہ احمد عن ابی ہریرۃ

کہ بہیجا گیا ہون واسطے پورا کرنے حسن اخلاق کے روایت کی یہ مالک نے موطا مین اور نقل کی یہ احمد نے ابو ہریرہ رض سے

